मौलानाआज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी  مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

# Maulana Azad National Urdu University

(A Central University established by an Act of Parliament in 1998)
Accredited with "A+" grade by NAAC

# پراسپیکٹس 2026-2025

## پی ایچ ڈی، پی جی، یو جی، پروفیشنل، ڈپلومہ اور سرٹیفکیٹ پروگرامز میں داخلے

اردو میڈیم کے ذریعے معیاری تعلیم تک رسائی

Accredited with Grade A+ NAAC CGPA - 3.36

گچی باؤلی، حیدرآباد، تلنگانہ اسٹیٹ۔500032

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

(ایک مرکزی یونیورسٹی، NAAC سے 'A+' گریڈ یافتہ)

**وزیٹر**
شریمتی دروپدی مرمو
صدر جمہوریہ ہند

**چانسلر**
شری ممتاز علی

**شیخ الجامعہ**
پروفیسر سید عین الحسن

**او ایس ڈی-1**
پروفیسر شگفتہ شاہین

**او ایس ڈی-2**
پروفیسر صدیقی محمد محمود

**رجسٹرار**
پروفیسر اشتیاق احمد

**فائنانس آفیسر**
پروفیسر شہباز احمد

**کنٹرولر امتحانات**
ڈاکٹر محمد زائر حسین

**ڈائرکٹر، نظامتِ داخلہ**
پروفیسر وَنجا ایم

**پتہ:**
کمرہ نمبر 20، گراؤنڈ فلور، عمارت انتظامی
مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، گچی باولی، حیدرآباد 500 032، تلنگانہ
فون نمبر 6605 2300-040 ← EPABX: 040 – 23006612/13/14/15 –Ext-1801
e-mail: admissionsregular@manuu.edu.in; website-www.manuu.edu.in

| داخلہ ہیلپ ڈیسک (صبح 9.00 سے شام 05.30 بجے کے درمیان کال کریں)۔ | |
|---|---|
| داخلے سے متعلق عمومی استفسار کے لیے اس نمبر پر کال کریں | 6207728673 |
| اسکول برائے ٹکنالوجی، سائنسی علوم اور کامرس اینڈ مینیجمنٹ | 9866802414 |
| اسکول آف آرٹ و سوشل سائنسز اور صحافت و ترسیل عامہ | 9177461590 |
| اسکول برائے تعلیم و تربیت اور اسکول برائے قانون | |
| اسکول برائے السنہ، لسانیات و ہندوستانیات | 8374346948 |

معلومات کے لیے اسکین کریں

## شیخ الجامعہ کے قلم سے۔۔۔

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے وائس چانسلر کی حیثیت سے میرا یہ ایقان ہے کہ اردو زبان میں تعلیم کے ذریعے بین علومی تحقیق، اختراعات و ایجادات، اور جامع سماجی ترقی میں کمال حاصل کیا جا سکتا ہے۔ میں ایک ایسے مستقبل کا خواب دیکھتا ہوں جب ہمارے طلباء علم، ہمدردی، اور قوت ارادی کے ساتھ اس دنیا کی رہنمائی اور اپنی بصیرت سے اس کو مثبت تبدیلی اور لامحدود مواقع سے مالامال کر سکتے ہیں۔

آج ہم 27 برس کی تکمیل کے اس موڑ پر کھڑے ہیں، اور اس علمی ماحول کی تخلیق کے لیے، میرے پاس اگلے 10 سالوں کے لیے ایک وژن ہے: یونیورسٹی کی انتظامیہ میں تجربہ کار افراد کو شامل کرنا، اختیارات و ذمہ داریوں کو غیر مرکوز کرنا اور کام کے معیار کو بلند کرنا اس وژن کے اہم عوامل جن کے ذریعے ہم بہتر حکمرانی کا ایک مثالی نمونہ فروغ دے سکتے ہیں۔ یہ تصور تاثیر، مسابقت، آزادی، اور خود کفالت کے نظریات سے بھی مطابقت رکھتا ہے تاکہ یونیورسٹی کو جن مسائل کا سامنا ہے ان کو حل کرنے کے لیے تمام وابستگانِ جامعہ کی بنیادی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے قابل عمل حل تیار کیے جا سکیں۔

یونیورسٹی نے صحت مند تعلیمی ماحول کے عصری تقاضوں کی تکمیل کے لیے، قومی تعلیمی پالیسی 2020 کی روشنی میں تازہ تصورات کے نفاذ کے سلسلے میں کچھ اہم فیصلے کیے ہیں۔ غیر ملکی زبانوں کا تعارف ایک ایسا خیال ہے جس کے لیے اردو زبان ترجمہ اور ترجمانی کے میدان میں بہترین کام کر سکتی ہے۔ بین علومی اور کثیر لسانی روایات کو فروغ دینے کے لیے کئی مضامین کو ایک ساتھ مربوط کرنے پر بھی کافی زور دیا گیا ہے۔ اس سے مختلف مضامین کے ارتباط اور سرحدوں کے پار بین ثقافتی تحقیق کی انجام دہی میں مدد ملے گی۔

بدلتے ہوئے عالمی نظام کے اس مشکل مرحلے میں مانو کا ایک اہم اور ضروری کام یہ ہے کہ وہ اسے ایک ایسا مرکز بنائے جو ہندوستان کے علمی نظام کو دوسری مغربی تہذیبوں تک پہنچائے، بین الثقافتی تبادلے کے ذریعے اس کی ترجمانی کا کام انجام دے، اور ہندوستان کی ضروریات و مفروضات اور امنگوں کی زیادہ سے زیادہ تفہیم کر سکے۔ ہماری یونیورسٹی ہندوستان اور بیرون ملک کے نامور اسکالرز کو مشترکہ تحقیقی پروجیکٹوں کے ذریعے منسلک کرے گا۔ ایسا کرتے ہوئے ہم معاشرے کی خدمت کے لیے مختلف تعلیمی، تحقیقی اور تربیتی سرگرمیوں میں شامل ہونے کا ایک فعال کردار ادا کر رہے ہیں۔

ایک اور میدان جس میں ہم نے فروغ مہارت کے مختلف پروگراموں کا نفاذ کر کے طلبا کو پیشہ ورانہ طور پر بااختیار بنانے کی واضح حکمت عملی اختیار کی ہے اور ساتھ ہی ساتھ اپنے علمی ماخذ کو برقرار رکھنے کے قابل ہوئے ہیں۔ نتیجتاً، کئی مضامین کو ریاست اور بیرون ریاست کے کئی اداروں اور طلبا میں غیر معمولی قبولیت اور حمایت حاصل ہو رہی ہے۔

چونکہ ہماری یونیورسٹی میں داخلہ لینے والے طلباء کا ایک بڑا طبقہ سماجی و معاشی طور پر پس ماندہ پس منظر کا حامل ہوتا ہے، اس لیے مدارس کے ساتھ باضابطہ اور ورچوئل دونوں ذرائع سے مضبوط روابط قائم کیے جا رہے ہیں۔ یونیورسٹی ایکٹ کے بنیادی مقصد کے مطابق، جامعہ اب لڑکیوں کی بڑی تعداد کو ریگولر اور فاصلاتی تعلیم کے پروگراموں کی جانب بھی راغب کرنے میں کامیاب ہو رہا ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ یونیورسٹی نے ہر سطح پر رسائی حاصل کر لی ہے۔

تعلیم کے علاوہ خود یونیورسٹی کا ماحول دوست کیمپس یہاں کے اساتذہ اور طلبا کو اس بات کی ترغیب دیتا ہے کہ وہ تمام جانداروں کا احترام کریں اور ایک دوسرے کے لیے باعث رحمت بنیں۔

ان سب باتوں کے پیش نظر ہم توقع کر سکتے ہیں کہ یونیورسٹی کا مستقبل کافی روشن ہے۔

پروفیسر سید عین الحسن
شیخ الجامعہ، مانو حیدرآباد

# University Leadership
# یونیورسٹی لیڈر شپ

Shri Mumtaz Ali
جناب ممتاز علی

Chancellor
چانسلر

Prof. Syed Ainul Hasan
پروفیسر سید عین الحسن

Vice-Chancellor
وائس چانسلر

Prof. Shugufta Shaheen
پروفیسر شگفتہ شاہین

Officer on Special Duty-I
اوایس ڈی-1

Prof.Siddiqui Mohd. Mahmood
پروفیسر صدیقی محمد محمود

Officer on Special Duty-II
اوایس ڈی-2

Prof. Ishtiaque Ahmed
پروفیسر اشتیاق احمد

Registrar
رجسٹرار

Prof. Shehbaz Ahmed
پروفیسر شہباز احمد

Finance Officer
فینانس آفیسر

Dr. Md. Zair Hussain
ڈاکٹر محمد زائر حسین

Controller of Examinations
کنٹرولر امتحانات

# Academic Leadership
# اکیڈ مک لیڈر شپ

Prof. Abdul Wahid
Dean, School of Technology
پروفیسر عبد الواحد، ڈین، اسکول برائے ٹکنالوجی

Prof. Badiuddin Ahmed
Dean, School of Commerce and Business Management
پروفیسر بدیع الدین احمد، ڈین اسکول برائے کامرس وکاروباری انتظامیہ

Prof. Mohammad Fariyad
Dean, School of Journalism and Mass Communication
پروفیسر محمد فریاد، ڈین، اسکول برائے صحافت وترسیل عامہ

Prof. Vanaja M
Dean, School of Education & Training
پروفیسر وَنَجا۔ ایم، ڈین، اسکول برائے تعلیم وتربیت

Prof. Tabrez Ahmad
Dean, School of Law
پروفیسر تبریز احمد، ڈین، اسکول برائے قانون

Prof. H. Aleem Basha
Dean, School of Sciences
پروفیسر ایچ علیم باشا، ڈین، اسکول برائے سائنسی علوم

Prof. Shahida
Dean, School of Arts and Social Sciences
پروفیسر شاہدہ، ڈین، اسکول برائے فنون وسماجی علوم

Prof. Gulfishaan Habeeb
Dean, School of Languages, Linguistics and Indology
پروفیسر گلفشاں حبیب، ڈین، اسکول برائے السنہ، لسانیات اور ہندوستانیات

# 2025-26 داخلہ کے لیے ہائی پاور کمیٹی

| | |
|---|---|
| 1. | پروفیسر سید عین الحسن، شیخ الجامعہ، چیئر پرسن |
| 2. | پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار |
| 3. | پروفیسر شہباز احمد، فینانس آفیسر |
| 4. | پروفیسر شگفتہ شاہین، او ایس ڈی۔1 |
| 5. | پروفیسر صدیقی محمد محمود، او ایس ڈی۔2 |
| 6. | ڈاکٹر محمد زائر حسین، کنٹرولر امتحانات |
| 7. | پروفیسر رما کونڈپلی، مشیر، آئی کیو اے سی |
| 8. | پروفیسر عبد الواحد، ڈین، اسکول برائے ٹکنالوجی اور ڈائرکٹر انچارج، سنٹر فار انفارمیشن ٹکنالوجی |
| 9. | پروفیسر بدیع الدین احمد، ڈین، اکیڈمکس اور ڈین، اسکول برائے کامرس و کاروباری انتظامیہ |
| 10. | پروفیسر محمد فریاد، ڈین، اسکول برائے صحافت و ترسیل عامہ |
| 11. | پروفیسر وَنَجا۔ ایم، ڈین، اسکول برائے تعلیم و تربیت و ڈائرکٹر، نظامتِ داخلہ - کنوینر |
| 12. | پروفیسر تبریز احمد، ڈین، اسکول برائے قانون |
| 13. | پروفیسر ایچ علیم باشا، ڈین، اسکول برائے سائنسی علوم |
| 14. | پروفیسر شاہدہ، ڈین، اسکول برائے فنون و سماجی علوم |
| 15. | پروفیسر گلفشاں حبیب، ڈین، اسکول برائے السنہ، لسانیات و ہندوستانیات |
| 16. | پروفیسر محمد رضاء اللہ خان، ڈائرکٹر، مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم |
| 17. | پروفیسر سلمی احمد فاروقی، ڈائرکٹر، آئی کیو اے سی اینڈ ڈین ریسرچ و کنسلٹنسی |
| 18. | پروفیسر محمد عبد العظیم، پروکٹر |
| 19. | پروفیسر سید علیم اشرف، ڈین بہبودیٔ طلبا |
| 20. | ڈاکٹر رفیع محمد، ڈپٹی ڈائرکٹر، نظامتِ داخلہ |
| 21. | جناب عمران اسلم، سسٹم انالسٹ، سی آئی ٹی |

# 2025-26 داخلوں کے لیے پراسپیکٹس کمیٹی

| | |
|---|---|
| 1. | پروفیسر وَنَجا۔ ایم، ڈائرکٹر، نظامتِ داخلہ |
| 2. | پروفیسر فہیم الدین احمد، شعبۂ ترجمہ |
| 3. | ڈاکٹر رفیع محمد، ڈپٹی ڈائرکٹر، نظامتِ داخلہ |
| 4. | جناب چاؤلہ متیالہ راؤ، اسسٹنٹ ڈائرکٹر، نظامتِ داخلہ |
| 5. | ڈاکٹر خیر النساء، اسسٹنٹ ڈائرکٹر، نظامتِ داخلہ |
| 6. | ڈاکٹر اے سُبھاش، اسسٹنٹ ڈائرکٹر، نظامتِ داخلہ |
| 7. | ڈاکٹر خالد پونمولتھودی، اسسٹنٹ ڈائرکٹر، نظامتِ داخلہ |
| 8. | ڈاکٹر جرار احمد، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ تعلیم و تربیت |

# آن لائن درخواست کا شیڈول 2025-26

| | | |
|---|---|---|
| **نوٹیفکیشن جاری ہونے کی تاریخ** | : | 11، اپریل، 2025 |
| آن لائن اپلیکیشن پورٹل کا آغاز | : | 12، اپریل، 2025 |
| داخلہ امتحان کی بنیاد پر داخلے کے پروگرام (پیشہ ورانہ / تکنیکی / ووکیشنل) پر کردہ درخواست فارم داخل کرنے کی آخری تاریخ | : | 13، مئی، 2025 |
| پی ایچ ڈی پروگرام - پُر کردہ درخواست فارم داخل کرنے کی آخری تاریخ | | 13، مئی، 2025 |
| میرٹ کی بنیاد پر داخلے: پُر کردہ درخواست فارم داخل کرنے کی آخری تاریخ | | 4، جون، 2025 |
| **داخلۂ امتحان پر مبنی پروگرامس** | | |
| داخلہ امتحان پر مبنی پروگرام کے لیے فارم ایڈیٹنگ کے لیے کھلا رہے گا* | : | 21 تا 22 مئی، 2025 |
| داخلہ امتحان پر مبنی پروگراموں کے لیے ایڈمٹ کارڈ کا اجرا | : | 5، جون، 2025 |
| داخلۂ امتحان کی تاریخ | : | 12,13,14 جون 2025 |
| **میرٹ پر مبنی پروگرامس** | | |
| میرٹ پر مبنی پروگرام کے لیے فارم ایڈیٹنگ کے لیے کھلا رہے گا* | : | 21 تا 22 جون 2025 |
| **داخلۂ امتحان اور میرٹ پر مبنی پروگرامس 2025-26 میں داخلے کی آخری تاریخ** | : | 31 جولائی، 2025 |

*** آن لائین فارم میں ترمیم کی آخری تاریخ کے بعد امیدوار کے کوائف (یعنی زمرہ، پروگرام، کیمپس وغیرہ) میں یونیورسٹی کی جانب سے کسی بھی مرحلے میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔**

*** داخلۂ امتحان کے مراکز میں ترمیم نہیں کی جاسکتی ہے۔**

| | | | داخلہ امتحان پر مبنی | میرٹ پر مبنی |
|---|---|---|---|---|
| فیس کی ادائیگی صرف آن لائن ہوگی | درخواست اور رجسٹریشن فیس | : | | |
| | عام زمرے / ای ڈبلیو ایس کے امیدوار | : | 550.00 روپے | 350.00 روپے |
| | ایس سی / ایس ٹی / مخصوص صلاحیتوں کے حامل افراد / دیگر پسماندہ طبقات (نان کریمی لیئر) / خواتین امیدوار | : | 350.00 روپے | 250.00 روپے |
| | غیر ملکی طلبا | : | 2500 روپے | |

# داخلہ امتحان کا شیڈول 2025-26

## داخلہ امتحان کی تاریخیں

| کورس | شعبہ | : | داخلہ امتحان کی تاریخیں | امتحانی مراکز |
|---|---|---|---|---|
| پی ایچ ڈی | اردو / عربی / انگریزی / ہندی / فارسی / صحافت و ترسیل عامہ / نظم و نسق عامہ | : | 12.06.2025(FN) | آسن سول (مغربی بنگال)<br>بنگلورو (کرناٹک)<br>بھوپال (مدھیہ پردیش)<br>بیدر (کرناٹک)<br>کٹک (اڑیسہ)<br>دربھنگہ (بہار)<br>دہلی (این سی آر)<br>گیا (بہار)<br>حیدرآباد (تلنگانہ)<br>جموں (جموں و کشمیر)<br>کڑپہ (آندھرا پردیش)<br>کارگل (لداخ)<br>کلکتہ (مغربی بنگال)<br>لکھنؤ (اترپردیش)<br>ملاپورم (کیرالا)<br>مرادآباد (اترپردیش)<br>مظفرپور (بہار)<br>مظفر نگر (اترپردیش)<br>نوح (ہریانہ)<br>پٹنہ (بہار)<br>پورنیہ (بہار)<br>رانچی (جھارکھنڈ)<br>سمبھاجی نگر (اورنگ آباد-مہاراشٹر)<br>سیوان (بہار)<br>سرینگر (جموں و کشمیر)<br>وارانسی (اترپردیش) |
| | ایم ٹیک / ڈی ایل ایڈ | : | | |
| پی ایچ ڈی | اسلامک اسٹڈیز / سوشل ورک / تاریخ / معاشیات / کمپیوٹر سائنس / تقابلی مطالعہ | : | 12.06.2025(AN) | |
| | ایم ایڈ / ایم سی اے / ایل ایل ایم / پالی ٹیکنک (لیٹرل انٹری) / بی ٹیک۔ سی ایس و سیول | : | | |
| پی ایچ ڈی | انتظامیہ / سماجیات / سیاسیات / مطالعاتِ ترجمہ | : | 13.06.2025(FN) | |
| | بی ایڈ (حیاتی سائنس، طبیعاتی سائنس، ریاضی) / بی ٹیک سی ایس لیٹرل انٹری | : | | |
| پی ایچ ڈی | کامرس / الائیڈ ہیلتھ سائنس (ایم ایل ٹی) / ریاضی / طبعیات / کیمیا / حیوانیات / نباتیات / دکن اسٹڈیز / قانون | : | 13.06.2025(AN) | |
| | ڈپلوما انجینئرنگ [پالی ٹکنک] / ایل ایل بی | : | | |
| | بی ایڈ۔ (سماجی مطالعہ) / بی اے ایل ایل بی (آنرس) | : | 14.06.2025(FN) | |
| پی ایچ ڈی | سماجی شمولیت / مدرسہ میں تدریس زبان | | | |
| پی ایچ ڈی | ایجوکیشن / اردو مطالعاتِ ثقافت / مطالعاتِ نسواں | : | 14.06.2025(AN) | |
| | ایم بی اے۔ / بی ایڈ۔ اردو، انگریزی، ہندی | : | | |

نوٹ: (FN) صبح 10 بجے سے 12 بجے تک

(AN) دوپہر 3 بجے سے 5 بجے تک

### امیدواروں کے لیے ہدایات:

1- امیدواروں سے خواہش کی جاتی ہے کہ وہ امتحان کے آغاز سے 30 منٹ قبل امتحان گاہ میں پہنچ جائیں۔

2- صرف انہی امیدوارں کو داخلہ امتحان میں بیٹھنے کی اجازت ہوگی جن کے پاس مستند ایڈمٹ کارڈ اور مستند شناختی کارڈ (کالج آئی ڈی / آدھار / ڈرائنگ لائسنس) موجود ہو۔

3- امتحان شروع ہونے کے بعد کسی بھی امیدوار کو امتحانی مرکز میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

4- کسی بھی امیدوار کو ہال ٹکٹ پر مذکور امتحانی مرکز کے علاوہ کسی دوسرے مرکز پر امتحان دینے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

5- امیدواروں کی تعداد کی بنیاد پر یونیورسٹی کو یہ فیصلہ کرنے کا اختیار ہوگا کہ وہ کسی بھی امتحانی مرکز کو رد / تبدیل کر سکتی ہے۔ امتحانی مرکز کے ردوبدل ہونے کی صورت میں امیدواروں کو اپنے خرچ پر یونیورسٹی کے ذریعہ مختص مرکز پر ہی امتحان دینا ہوگا۔

6- یونیورسٹی کسی بھی امیدوار کو داخلہ امتحان / انٹرویو میں شرکت کے لیے آمدورفت کا خرچ اور قیام وطعام کی سہولت فراہم نہیں کرے گی۔

## داخلہ امتحان کی کلید اور نتائج کا اعلان

| | | |
|---|---|---|
| تمام داخلہ امتحانات کے جوابات کی ابتدائی کلید کا اجرا | : | 14جون،2025 |
| جوابات کی کلید سے متعلق دعوے / چیلنج / اعتراضات | : | 15 تا16جون،2025 |
| حتمی کلید کا اجرا | : | 18جون،2025 |
| تمام پروگراموں کے داخلہ امتحانات کے نتائج (پی ایچ ڈی کے علاوہ) | : | 23تا26جون،2025 |
| پی ایچ ڈی داخلہ امتحان کی لسٹ کا اجرا | : | 27جون،2025 |

## اے آئی سی ٹی ای داخلہ امتحان (ET) پر مبنی پروگراموں کے لیے داخلہ شیڈول 26-2025

| اے آئی سی ٹی داخلہ امتحان پر مبنی پروگرام | داخلہ امتحان کے نتائج کا اعلان | پہلی لسٹ | | | دوسری لسٹ | | | تیسری فہرست (نشستیں خالی رہنے کی صورت میں) | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | پہلی میرٹ فہرست کا اجرا | اسناد کی جانچ | فیس کی ادائیگی | دوسری میرٹ فہرست کا اجرا | اسناد کی جانچ | فیس کی ادائیگی | تیسری میرٹ فہرست کا اجرا | اسناد کی جانچ | فیس کی ادائیگی |
| بی ٹیک (سی ایس) / بی ٹیک سیول / بی ٹیک (سیول) میں راست داخلہ / ایم ٹیک / ایم سی اے / ایم بی اے | 23جون | 25جون | 30جون | 1 تا 3 جولائی | 7جولائی | 10جولائی | 11 تا13جولائی | اگر ضرورت ہوئی تو تاریخوں کا اعلان بعد میں کیا جائے گا | | |
| ڈپلوما ان انجینئرنگ | 24جون | 26جون | 1جولائی | 2 تا 4 جولائی | 8جولائی | 11جولائی | 12 تا14جولائی | اگر ضرورت ہوئی تو تاریخوں کا اعلان بعد میں کیا جائے گا | | |
| پالی ٹکنک میں راست داخلہ | 24جون | 26جون | 1جولائی | 2 تا 4 جولائی | 8جولائی | 11جولائی | 12 تا14جولائی | اگر ضرورت ہوئی تو تاریخوں کا اعلان بعد میں کیا جائے گا | | |

## مانولا اسکول داخلہ امتحان (ET) کے لیے داخلہ شیڈول 26-2025

| قانون کے پروگرامز | داخلہ امتحان کے نتائج کا اعلان | پہلی لسٹ | | | دوسری لسٹ | | | تیسری فہرست (نشستیں خالی رہنے کی صورت میں) | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | پہلی میرٹ فہرست کا اجرا | اسناد کی جانچ | فیس کی ادائیگی | دوسری میرٹ فہرست کا اجرا | اسناد کی جانچ | فیس کی ادائیگی | تیسری میرٹ فہرست کا اجرا | اسناد کی جانچ | فیس کی ادائیگی |
| بی اے ایل ایل بی (آنرس) | 23جون | 25جون | 30جون | 1 تا 3 جولائی | 7جولائی | 10جولائی | 11 تا13جولائی | اگر ضرورت ہوئی تو تاریخوں کا اعلان بعد میں کیا جائے گا | | |
| ایل ایل بی | 24جون | 26جون | 1جولائی | 2 تا 4 جولائی | 8جولائی | 11جولائی | 12 تا14جولائی | اگر ضرورت ہوئی تو تاریخوں کا اعلان بعد میں کیا جائے گا | | |
| ایل ایل ایم | 24جون | 26جون | 1جولائی | 2 تا 4 جولائی | 8جولائی | 11جولائی | 12 تا14جولائی | اگر ضرورت ہوئی تو تاریخوں کا اعلان بعد میں کیا جائے گا | | |

## این سی ٹی ای-داخلہ امتحان(ET) پر مبنی پروگراموں کے لیے داخلہ شیڈول2025-26

| این سی ٹی ای داخلہ امتحان پر مبنی پروگرام | داخلہ امتحان کے نتائج کا اعلان | پہلی لسٹ | | | دوسری لسٹ | | | تیسری فہرست (نشستیں خالی رہنے کی صورت میں) | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | پہلی میرٹ فہرست کا اجرا | اسناد کی جانچ | فیس کی ادائیگی | دوسری میرٹ فہرست کا اجرا | اسناد کی جانچ | فیس کی ادائیگی | تیسری میرٹ فہرست کا اجرا | اسناد کی جانچ | فیس کی ادائیگی |
| ڈی ایل ایڈ | 25جون | 27جون | 2جولائی | 3تا5جولائی | 9جولائی | 14جولائی | 15تا17جولائی | اگر ضرورت ہوئی تو تاریخوں کا اعلان بعد میں کیا جائے گا | | |
| ایم ایڈ | 25جون | 27جون | 2جولائی | 3تا5جولائی | 9جولائی | 14جولائی | 15تا17جولائی | | | |
| بی ایڈ حیاتیاتی سائنس | 25جون | 27جون | 2جولائی | 3تا5جولائی | 9جولائی | 14جولائی | 15تا17جولائی | اگر ضرورت ہوئی تو تاریخوں کا اعلان بعد میں کیا جائے گا | | |
| بی ایڈ طبیعاتی سائنس | 25جون | 27جون | 2جولائی | 3تا5جولائی | 9جولائی | 14جولائی | 14تا17جولائی | | | |
| بی ایڈ ریاضی | 26جون | 30جون | 4جولائی | 5تا7جولائی | 9جولائی | 14جولائی | 15تا17جولائی | | | |
| بی ایڈ سماجی مطالعات | 26جون | 30جون | 4جولائی | 5تا7جولائی | 9جولائی | 14جولائی | 15تا17جولائی | | | |
| بی ایڈ۔اردو | 26جون | 30جون | 4جولائی | 5تا7جولائی | 9جولائی | 14جولائی | 15تا17جولائی | | | |
| بی ایڈ۔انگریزی | 26جون | 30جون | 4جولائی | 5تا7جولائی | 9جولائی | 14جولائی | 15تا17جولائی | | | |
| بی ایڈ۔ہندی | 26جون | 30جون | 4جولائی | 5تا7جولائی | 9جولائی | 14جولائی | 15تا17جولائی | | | |

## آن لائین داخلوں کا مرحلہ وار طریقہ کار

1. نظام الاوقات کے مطابق منتخبہ امیدواروں کی فہرست جاری کر دی جائے گی
2. منتخب امیدواروں کو اپنی درخواست کی آئی ڈی کے ذریعے ایڈمیشن پورٹل پر متعینہ تاریخوں میں درج ذیل اسناد اپ لوڈ کرنے ہوں گے:
   - 10ویں یا12ویں یا گریجویشن میں اردو بطور مضمون یا بحیثیت ذریعۂ تعلیم پڑھی ہو یا یا مانو سے تسلیم شدہ مدرسہ سے اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس مکمل کیا ہو۔
   - *دسویں ایس ایس سی مساوی بورڈ امتحان کی مارکس شیٹ
   - مطلوبہ امتحان کی مارکس شیٹ (جس کا بھی اطلاق ہوتا ہو)
   - صداقت نامہ منتقلی (ٹی سی) (آخری بار جس ادارے سے تعلیم حاصل کی ہو وہاں سے)
   - صداقت نامہ مائیگریشن (آخری بار جس ادارے سے تعلیم حاصل کی ہو وہاں سے)
   - *زمرہ ایس سی / ایس ٹی / او بی سی / ای ڈبلیو ایس کا مستند صداقت نامہ (حکومت ہند کی جانب متعینہ فارمیٹ پر) اگر اطلاق ہوتا ہو تو۔
   - *خصوصی زمرہ کا مستند صداقت نامہ (کشمیری مہاجر / معذوری / مسلح افواج کی اولاد / کھیل کود)۔
   - تعلیمی / کردار کا صداقت نامہ (آخری بار جس ادارے سے تعلیم حاصل کی ہو وہاں سے)
3. امیدواروں کو چاہیے کہ وہ اسناد کی تصدیق کے دن تیار رہیں اور شعبہ کی تصدیقی ٹیم کی جانب سے طلب کی جانے والی کسی بھی وضاحت کا جواب دینے کے لیے دستیاب رہیں۔
4. اگر کوئی امیدوار اپنے اسناد اپ لوڈ کرنے میں دشواری محسوس کرے تو وہ admissionsregular@manuu.edu.in پر ای میل کر دے۔

5. دستاویزات کی تصدیق کے بعد اگر امیدوار اہل پایا جائے تو فیس ادائیگی کا آپشن کارکرد کر دیا جائے گا۔
6. امیدوار کو رجسٹرڈ ای میل آئی ڈی کے ذریعے آن لائین داخلہ فیس کی ادائیگی کے بارے میں مطلع کیا جائے گا۔ آن لائین داخلہ فیس ادا کرنے کے لیے امیدوار کو ایڈمیشن پورٹل پر جاکر اپنی درخواست کو لاگ اِن کرنا ہوگا۔

## داخلے کی کارروائی ذیل کے مطابق ہوگی

| | |
|---|---|
| پہلا مرحلہ | • آن لائن درخواست |
| دوسرا مرحلہ | • داخلہ امتحان کا انعقاد |
| تیسرا مرحلہ | • داخلہ امتحان کے نتائج کا اعلان |
| چوتھا مرحلہ | • اسناد کی تصدیق |
| پانچواں مرحلہ | • عبوری داخلہ / فیس کی ادائیگی |
| چھٹواں مرحلہ | • متعلقہ کالج / شعبہ پر حاضری / رپورٹنگ |

## میرٹ پر مبنی پروگراموں کے لیے داخلہ شیڈول 2025-26

| میرٹ پر مبنی پروگرام | پہلی لسٹ | | | دوسری لسٹ / اسپوٹ داخلہ | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | پہلی میرٹ فہرست کا اجرا | داخلے کے لیے اسناد کی جانچ | فیس کی ادائیگی | دوسری میرٹ فہرست کا اجرا | داخلے کے لیے اسناد کی جانچ | فیس کی ادائیگی / اسپوٹ ایڈمیشن |
| اسکول برائے السنہ لسانیات اور ہندوستانیات | 2 جولائی | 7 جولائی | 8 تا 10 جولائی | اگر ضرورت ہوئی تو تاریخوں کا اعلان بعد میں کیا جائے گا | | |
| اسکول برائے سائنسی علوم | 2 جولائی | 7 جولائی | 8 تا 10 جولائی | | | |
| اسکول برائے فنون و سماجی علوم | 3 جولائی | 8 جولائی | 9 تا 11 جولائی | | | |
| اسکول برائے کامرس و کاروباری انتظامیہ | 3 جولائی | 8 جولائی | 9 تا 11 جولائی | | | |
| اسکول برائے صحافت و ترسیل عامہ | 3 جولائی | 8 جولائی | 9 تا 11 جولائی | | | |
| اسکول برائے ٹکنالوجی | 3 جولائی | 8 جولائی | 9 تا 11 جولائی | | | |
| اسکول برائے قانون | 2 جولائی | 7 جولائی | 8 تا 10 جولائی | | | |

## پی ایچ ڈی انٹرویو اور داخلے کی تاریخیں برائے 2025-26

| | |
|---|---|
| پی ایچ ڈی داخلہ امتحان کے نتائج کا اعلان | 27 جون، 2025 |
| کامیاب امیدواروں کے لیے اسناد کی اپ لوڈنگ | 28 تا 30 جون، 2025 |
| آن لائن اسناد کی تصدیق | 1 تا 2 جولائی، 2025 |
| پی ایچ ڈی داخلہ انٹرویو کے لیے امیدواروں کی فہرست کا اجرا | 5 جولائی، 2025 |
| انٹرویو کی تاریخیں | 9 تا 10 جولائی، 2025 |
| منتخب امیدواروں کی پہلی فہرست کا اعلان | 11 جولائی، 2025 |
| داخلہ اور فیس کی ادائیگی | 12 تا 14 جولائی، 2025 |

**نوٹ:**

1. پی ایچ ڈی کے انٹرویو صرف **آلائن** ہوں گے۔
2. پی ایچ ڈی انٹرویو کے اہل امیدواروں کے سرٹیفکیٹ / دستاویزات کی تصدیق آن لائن ہوگی اور پھر جب وہ کورس ورک کے لیے آئیں گے تو آف لائن تصدیق بھی ہوگی۔
3. مانو ویب سائٹ پر پی ایچ ڈی کے لیے منتخب امیدواروں کی فہرست جاری ہونے کے بعد منتخب امیدوار اعلان کردہ تاریخوں میں اپنی فیس آن لائین ادا کر کے عبوری داخلے کی آن لائین توثیق حاصل کر سکتے ہیں۔
4. امیدواروں کو اپنے متعلقہ شعبہ / کالج / سٹلائٹ کیمپس پر یونیورسٹی کھلنے کے دن رپورٹ کرنا / حاضر ہونا ہوگا۔

## جز وقتی پروگراموں کے لیے داخلہ 2025-26

| | | |
|---|---|---|
| **جز وقتی پروگراموں کے لیے آن لائن درخواست کی آخری تاریخ** | : | **11 اگست 2025** |
| **میرٹ فہرست کا اجرا** | : | 19 اگست 2025 |
| **جز وقتی پروگراموں کے لیے فیس ادائیگی** | : | 20 تا 21 اگست 2025 |

## جماعتوں کا آغاز 2025-26

| | |
|---|---|
| این سی ٹی ای کورس-ڈی ایل ایڈ/بی ایڈ/ایم ایڈ/آئی ٹی ای پی | 15 جولائی، 2025 |
| اے آئی سی ٹی ای کورسز-بی ٹیک، ایم ٹیک، ایم سی اے۔، پالی ٹیکنِک اور ایم بی اے | |
| گریجویشن/پوسٹ گریجویشن/ڈی ایل ایڈ/بی ایڈ/ایم ایڈ/تحقیقی پروگراموں کے پہلے سمسٹر کی جماعتوں کا آغاز | |
| بی سی آئی کورس/لاء پروگرامس-بی اے ایل ایل بی (آنرز)، ایل ایل بی، ایل ایل ایم/ایم اے (لیگل اسٹڈیز) | |
| جز وقتی پروگرام | 25 اگست، 2025 |

## رجسٹریشن اور درخواست فیس کی ادائیگی کا طریقہ

- امیدوار مانو ریگولر ایڈمیشن پورٹل پر رجسٹریشن کے عمل کو لنِک کی مدد سے پورا کر سکتے ہیں۔ https://manuucoe.in/RegularAdmission/
- امیدوار کے رجسٹریشن کا عمل امیدوار کی بنیادی پروفائل کے اندراج پر مشتمل ہوتا ہے۔

1. ذاتی معلومات
2. پتہ کی تفصیلات
3. سرپرست کی تفصیلات
4. فوٹو اور دستخط اپلوڈ کرنا

- رجسٹریشن کی تکمیل کے بعد، امیدوار داخلہ پورٹل میں لاگ ان ہو جاتا ہے اور اپنی پسند کا مناسب پروگرام منتخب کر سکتا ہے۔
- امیدوار لازمی تفصیلات اور دستاویزات فراہم کرتا ہے جو اس کے ذریعہ منتخب کردہ کورس کے سلسلے میں ہوتے ہیں۔
- صحیح پروگرام کے انتخاب کے بعد، طالب علموں کے ذریعہ رجسٹرڈ ہر کورس کے سلسلے میں پورٹل میں "Pay Fee" کا آپشن فعال ہو جاتا ہے جیسا کہ ذیل کی اسکرین شاٹ میں دکھایا گیا ہے۔

**Status of Online Application form (s)**

| Application No. درخواست نمبر | Program پروگرام | Amount رقم | Payment Status ادائیگی کی حیثیت | Action ایکشن |
|---|---|---|---|---|
| M000000047 | Advance Diploma in Professional Arabic | 250.00 | Pending | View Pay Fee Delete |
| M000000062 | Ph.D. (Computer Science) | 350.00 | Pending | View Pay Fee Delete |

- جب طالب علم Pay Fee آپشن پر کلک کرتا ہے تو وہ Payment Gateway Page کے بل ڈیسک سائٹ پر پہنچ جاتا ہے جہاں سے وہ فیس کی ادائیگی کو مکمل کرتا ہے۔
- بل ڈیسک ویب پیج (BillDesk web page) پر یونیورسٹی کا نام 'مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی' اور فیس ادائیگی کی رقم سسٹم کے ذریعہ ظاہر ہوتی ہے۔ فیس ادائیگی کی رقم کو امیدوار کے ذریعہ بدلا نہیں جا سکتا۔
- درخواست فارم کی فیس صرف آن لائن موڈ کے ذریعہ ہی قابل قبول ہے۔
- فیس ادائیگی کا راستہ (Gateway) ادائیگی کے لیے ذیل کے چار اختیارات پیش کرتا ہے۔
  - کریڈٹ کارڈ
  - ڈیبٹ کارڈ + اے ٹی ایم پن
    - ڈیبٹ کارڈ
    - انٹرنیٹ بینکنگ
- **کریڈٹ کارڈ**

ادائیگی کے اس آپشن میں امیدوار کو ذیل میں دی ہوئی تفصیلات درج کر کے ادائیگی کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

1. کریڈٹ کارڈ نمبر: کارڈ پر درج 16 نمبرات کا اندراج
2. کارڈ کی میعاد ختم ہونے کی تاریخ اور سال: MM (Month) ,YYYY( Year)
3. CVV/CVC نمبر: 3 عددی کارڈ کی توثیق کی قدر جو کارڈ کے پیچھے کی طرف دی گئی ہے۔
4. کریڈٹ کارڈ ہولڈر کا نام




درج بالا تفصیلات درج کرنے کے بعد 'Pay' بٹن کا آپشن کھل جائے گا۔ اس کے بعد امیدوار سے 4 نمبروں کا او ٹی پی مانگا جاتا ہے جو کہ اس کے موبائل پر آتا ہے اور وہ اس کے ذریعہ سے ادائیگی مکمل کرتا ہے۔

- **ڈیبٹ کارڈ + اے ٹی ایم پن**

ادائیگی کے اس آپشن میں میں امیدوار کو بل ڈیسک ادائیگی پیج (BillDesk Payment Page) میں درج بینکوں کی فہرست سے مناسب بینک کو منتخب کرنا ہوتا ہے اور پھر درج ذیل تفصیلات فراہم کرنی ہوتی ہیں۔

1. ڈیبٹ کارڈ نمبر: کارڈ پر درج 16 نمبرات کا اندراج
2. کارڈ کی میعاد ختم ہونے کی تاریخ اور سال: MM (Month) ,YYYY( Year)
3. اے ٹی ایم پن: 4 عددی اے ٹی ایم پن
4. ڈیبٹ کارڈ ہولڈر کا نام
5. مندرجہ بالا تفصیلات فراہم کرنے کے بعد طالب علم ادائیگی (Pay) کے آپشن پر کلک کر کے ادائیگی مکمل کرے گا جیسا کہ نیچے اسکرین پر دکھایا گیا ہے۔






- **ڈیبٹ کارڈ**

ادائیگی کے اس آپشن میں امیدوار کو ذیل میں دی ہوئی تفصیلات درج کر کے ادائیگی کرنے کی ضرورت ہے

1. ڈیبٹ کارڈ نمبر: کارڈ پر درج 16 نمبرات کا اندراج
2. کارڈ کی میعاد ختم ہونے کی تاریخ اور سال: MM (Month) ,YYYY( Year)
3. CVV/CVC نمبر: 3 عددی کارڈ کی توثیق کی قدر جو کارڈ کے پیچھے کی طرف دی گئی ہے۔
4. ڈیبٹ کارڈ ہولڈر کا نام




درج بالا تفصیلات درج کرنے کے بعد 'Pay' بٹن کا آپشن کھل جائے گا۔ اس کے بعد امیدوار سے 4 نمبروں کا او ٹی پی مانگا جاتا ہے جو کہ اس کے موبائل پر آتا ہے اور وہ اس کے ذریعہ سے ادائیگی مکمل کرتا ہے۔

- **انٹرنیٹ بینکنگ**

ادائیگی کے اس آپشن میں میں امیدوار کو بل ڈیسک ادائیگی پیج (BillDesk Payment Page) میں درج بینکوں کی فہرست سے مناسب بین کو منتخب کرنا ہوتا ہے اور پھر Make Payment آپشن پر کلک کرنا ہوتا ہے۔ صفحہ منتخب بینک کے انٹرنیٹ بینکنگ پیج پر براہ راست چلا جاتا ہے۔ اس کے بعد طلبا کو اپنے انٹرنیٹ بینکنگ کے آئی ڈی اور پاسورڈ کو درج کرنا ہوتا ہے۔ ٹرانزیکشن پاسورڈ کے اندراج کے بعد موبائل پر حاصل او ٹی پی کو درج کر کے ادائیگی کو مکمل ہو جاتی ہے۔



# فہرست


1.0 یونیورسٹی کا تعارف ..... 1

1.1 وِژن ..... 1

1.2 مشن ..... 1

1.3 بنیادی مقصد اور اہداف ..... 1

1.4 تعلیمات ..... 2

1.5 نظم و نسق ..... 3

1.6 انفرادیت (یونیک نیس) ..... 3

1.7 کامیابیاں ..... 3

2.0 اسکول برائے السنہ، لسانیات و ہندوستانیات ..... 4

2.1. شعبۂ اردو ..... 4

2.2 شعبۂ انگریزی ..... 4

2.3 شعبۂ مطالعات ترجمہ ..... 4

2.4 شعبۂ ہندی ..... 5

2.5 شعبۂ عربی ..... 5

2.6 شعبۂ فارسی و وسط ایشیائی مطالعات ..... 5

2.7 پوسٹ گریجویشن پروگرام۔ ماسٹر آف آرٹس ..... 5

2.8 تحقیقی پروگرام: ..... 6

2.9 جز وقتی پروگرام ..... 8

3.0 اسکول برائے فنون و سماجی علوم ..... 9

3.1 شعبۂ تعلیم نسواں ..... 10

3.2 شعبۂ نظم و نسق عامہ ..... 10

3.3 شعبۂ سوشل ورک ..... 10

3.4 شعبۂ اسلامک اسٹڈیز ..... 10

3.5 شعبۂ سیاسیات ..... 10

3.6 شعبۂ تاریخ ..... 11

3.7 شعبۂ سماجیات ..... 11

3.8 شعبۂ معاشیات ..... 11
3.9 البیرونی مرکز برائے مطالعاتِ سماجی شمولیت ..... 11
3.10 پوسٹ گریجویٹ پروگرام (مدت دو سال) ..... 12
3.11 تحقیقی پروگرام: ..... 13
3.12 ڈپلوما پروگرام (ایک سال کی مدت) ..... 14
4.0 اسکول برائے تعلیم و تربیت ..... 14
4.1 شعبۂ تعلیم و تربیت ..... 15
4.2 تعلیمِ اساتذہ کے ملحقہ کالجز ..... 15
4.3 تعلیمی پروگرام اور نشستیں ..... 15
5.0 اسکول برائے کامرس و کاروباری انتظامیہ ..... 17
5.1 شعبۂ مینجمنٹ و کامرس ..... 17
5. 2 تعلیمی پروگرام اور نشستیں ..... 18
6.0 اسکول برائے صحافت و ترسیل عامہ ..... 18
6. 1 شعبۂ ترسیل عامہ و صحافت ..... 18
6..2 تعلیمی پروگرام اور نشستیں ..... 19
7.0 اسکول برائے سائنسی علوم ..... 19
7.1. شعبہ ریاضی ..... 19
7.2 شعبہ پیشہ ورانہ مطالعہ جات و ہنر کی ترقی ..... 20
7.3 تعلیمی پروگرامز اور نشستیں ..... 20
7.4 پارٹ ٹائم پروگرام ..... 22
8.0 اسکول برائے ٹکنالوجی ..... 22
8.1. شعبۂ کمپیوٹر سائنس و انفارمیشن ٹکنالوجی ..... 22
8.2 تعلیمی پروگرام اور نشستیں ..... 22
8.3 بی۔ ٹیک۔ سول انجینئرنگ (سیلف فنانس) ریگولر موڈ کے تحت ..... 24
8.4 اسکول آف ٹیکنالوجی کے تحت فیشن ٹیکنالوجی اور انٹیریر ڈیزائن کے دستیاب کورسز ..... 24
8.5 پروگرام کی ساخت اور نشستیں ..... 25
8.6 پالی ٹکنس ..... 25
8.7 تعلیمی پروگرام اور نشستیں ..... 25

8.8 تکنیکی ڈپلوما پروگرامس ..... 25
8.9 پولی ٹکنک میں راست داخلے (داخلہ امتحان کی بنیاد پر) ..... 26
9.0 اسکول برائے قانون ..... 27
9.1 تعلیمی پروگرامز اور داخلہ نشستیں ..... 27
10.0 ایچ کے شیروانی مرکز برائے مطالعاتِ دکن ..... 29
10.1 تحقیقی پروگرام اور نشستیں ..... 29
11.0 مرکز مطالعات اردو ثقافت ..... 29
11.1 تحقیقی پروگرام اور نشستیں ..... 29
12.0 مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذہ اردو ذریعۂ تعلیم (CPDUMT) ..... 30
12.1 تحقیقی پروگرام ..... 30
13.0 سٹلائٹ کیمپس ..... 30
13.1 سٹلائٹ کیمپس لکھنؤ (اتر پردیش) ..... 30
13.2 مانو آرٹس و سائنس کالج برائے نسواں، بڈگام، سری نگر (جموں و کشمیر) ..... 30
13.3 مانو کیمپس وارانسی، اتر پردیش ..... 31
14.0 چار سالہ گریجویشن پروگرام (4YUG) ..... 31
14.2 انڈر گریجویٹ پروگرام - بیچلر آف کامرس بی کام (آنرس / ریسرچ) ..... 32
14.3 انڈر گریجویٹ پروگرام - بیچلر آف جرنلزم و ماس کمیونی کیشن (آنرس / ریسرچ) ..... 33
14.4 انڈر گریجویٹ پروگرام - بی ایس سی (آنرس / ریسرچ) اور بی ووک ..... 33
14.5 انڈر گریجویٹ پروگرام - بیچلر آف سائنس (آنرس / ریسرچ) ..... 33
14.6 بیچلر آف ووکیشن کورسز (B.Voc) ..... 34
15.0 انٹیگریٹیڈ ٹیچر ایجوکیشن پروگرام (ITEP) ..... 34
16.0 عمومی ہدایات برائے داخلہ ..... 36
17.0 داخلوں کے لیے اہلیت ..... 37
17.1 اہلیت کی عمومی شرائط: ..... 37
17.2 داخلوں کے لیے عمر کی حد: ..... 37
17.3 مطلوبہ ڈگری امتحان کے نتائج کے منتظر درخواست دہندگان: ..... 38
17.4 تحقیقی پروگراموں میں داخلے (کل وقتی) ..... 39
17.4.1 پی ایچ ڈی میں داخلے کے لیے اہلیت ..... 39

17.4.2 داخلے کا طریقہ کار ..... 39
17.4.3 پی ایچ ڈی کے لیے شرائط وضوابط MANUU کے آف کیمپس کالجوں میں ..... 41
17.4.4 پی ایچ ڈی جز وقتی ..... 41
18.0 تحفظات اور رعایت کے ضوابط ..... 42
18.1 ایس سی / ایس ٹی / او بی سی / معاشی کمزور طبقات کے لیے تحفظات ..... 42
18.2 اہلیتی نمبروں، عمر کی چھوٹ اور رجسٹریشن فیس میں رعایت: ..... 42
18.3 متعین تعداد سے زائد کوٹہ (خصوصی / اسپانسر ردہ زمرہ) ..... 42
18.3.1۔ سپر نیومری کوٹہ – زائد از نصابی سرگرمیاں (ECA) ..... 43
18.3.2۔ اضافی کوٹہ – نیشنل سروس اسکیم (NSS) ..... 45
18.3.3۔ اضافی کوٹہ – نیشنل کیڈٹ کارپس (NCC) ..... 45
18.3.4 سپر نمبرری کوٹہ – کھیل کا کوٹہ ..... 46
18.3.5 سپر نمبرری کوٹہ – اہل مسلح افواج کے اہلکاروں کے بچے / بیوہ ..... 50
19.0 دستاویزات اور اسناد ..... 51
20.0 فیس کی ادائیگی اور واپسی کی پالیسی ..... 51
21.0 دیگر اہم ہدایات برائے داخلہ: ..... 52
21.1 داخلہ فارم جمع کرنے کا طریقہ ..... 53
21.2 او بی سی / ای ڈبلیو ایس / پی ڈبلیو ڈی سرٹیفکیٹ جمع کرنا ..... 55
22.0 تمام تعلیمی پروگراموں کے لیے فیس کی تفصیلات (روپے میں) ..... 61
22.1 حیدرآباد کیمپس کے پہلے سمسٹر کے پروگراموں کی فیس: ..... 61
22.2 حیدرآباد کیمپس کے جفت سمسٹر کے پروگراموں کی فیس: ..... 62
22.3 حیدرآباد کیمپس کے طاق سمسٹر کے پروگراموں کی فیس: پہلے سمسٹر کے علاوہ ..... 63
22.4 سٹلائٹ کیمپس / کالج برائے تعلیم اساتذہ وغیرہ کے پروگراموں کے پہلے سمسٹر کی فیس کی تفصیلات (روپے میں) ..... 64
22.5 ٹلائٹ کیمپس / کالج برائے تعلیم اساتذہ وغیرہ کے پروگراموں کے جفت سمسٹرس کے فیس کی تفصیلات (روپے میں) ..... 64
22.6 سٹلائٹ کیمپس / کالج برائے تعلیم اساتذہ وغیرہ کے پروگراموں کے طاق سمسٹر (پہلے سمسٹر کے علاوہ) کی فیس کی تفصیلات (روپے میں) ..... 64
22.7 سمسٹر فیس برائے ایم۔ ووک اور پی۔ ایچ۔ ڈی۔ (ملحقہ ہیلتھ سائنسز – میڈیکل لیبارٹری ٹیکنالوجی)۔: ..... 65

22.8 خطاطی کے ڈپلوما کی سمسٹر فیس:(دو سمسٹرس) ..... 65
22.9 غیر ملکی طلبا کے لیے طاق سمسٹر فیس:(تمام فیس امریکی ڈالر میں) ..... 65
22.10 غیر ملکی طلبا کے لیے جفت سمسٹر فیس:(تمام فیس امریکی ڈالر میں) ..... 65
22.11 پہلے سمسٹر کی فیس برائے انڈر گریجویٹ پروگرامز (U.G Programmes)—حیدرآباد، فلک نما، بھوپال، نوح اور دربھنگہ: ..... 66
22.12 جفت سمسٹر کی فیس برائے انڈر گریجویٹ پروگرامز (UG Programmes) حیدرآباد، فلک نما، دربھنگہ، بھوپال اور نوح۔ 66
22.13 طاق سمسٹر (پہلے سمسٹر کے علاوہ) کی فیس برائے انڈر گریجویٹ پروگرامز (UG Programmes) حیدرآباد، فلک نما، دربھنگہ، بھوپال اور نوح۔ ..... 67
22.14 بیچلر آف ووکیشن کے پروگراموں کی فیس (روپئے میں) ..... 67
22.14.1 حیدرآباد کیمپس بی ووک پہلے سمسٹر کے پروگراموں کی فیس: ..... 67
22.14.2 حیدرآباد کیمپس بی ووک جفت سمسٹر کے پروگراموں کی فیس: ..... 67
22.15 لکھنؤ اور وارانا سی کیمپس پہلے سمسٹر کے پروگراموں کی فیس: ..... 68
22.16 لکھنؤ سو وارانا سی ٹلائٹ کیمپس جفت سمسٹر کے پروگراموں کی فیس: ..... 68
22.17 سٹلائٹ کیمپس لکھنو و وارانا سی طاق سمسٹر (پہلے دوسرے سمسٹر کے علاوہ) کے پروگراموں کی فیس: ..... 68
22.18 بیرون ممالک طلبہ کی طاق سمسٹر پروگراموں کی فیس ($) ..... 68
22.19 بیرون ممالک طلبہ کی طاق سمسٹر پروگراموں کی فیس ($) ..... 69
22.20 حیدرآباد کیمپس پہلے سمسٹر پروگراموں کی فیس ..... 69
22.21 حیدرآباد کیمپس جفت سمسٹر پروگراموں کی فیس ..... 69
22. 22 فیشن ٹکنالوجی اور انٹیریر ڈیزائن کورسز کے لیے فیس کا ڈھانچہ ..... 70
22.23 فیس کی ادائیگی ..... 70
23.0 انفرااسٹرکچر ..... 70
23.1 عمارتیں: ..... 70
24.0 امتحانات / ترقی ..... 72
24.1 حاضری ..... 72
24.2 تعین قدر ..... 73
24.3 ترقی کے ضوابط ..... 74
24.4 امتحانات کی اصلاحات اور خودکاری ..... 74

24.5 پالی ٹکنک کالجز - جانچ کی اسکیم ..... 74
24.6 پالی ٹکنک کالجز - اصول برائے ترقی ..... 75
25.0 بین الاقوامی طلبا کے داخلے کا طریقہ ..... 76
25.1 غیر ملکی طلبا کے اندراج کا دفتر: ..... 76
26.0 طلبا کے لیے کیمپس میں موجودہ سہولیات ..... 77
26.1 کھیل کود ..... 77
26.2 یونیورسٹی کا شفاخانہ ..... 77
26.3 یونیورسٹی شاپنگ کامپلکس اور کینٹین ..... 77
26.4 طلبا یونین ..... 77
26.5 کوآرڈی نیٹر امورِ طلبائے قدیم ..... 77
26.6 انجمن طلبائے قدیم، مانو ..... 78
26.7 بینک اور ڈاک خانہ ..... 78
27.0 ہاسٹل کی سہولتیں ..... 78
27.1 حیدرآباد کیمپس پر ہاسٹل کی سہولت ..... 78
27.1.1 ہاسٹل فیس کی تفصیلات (2025-26)*: ..... 78
27.1.2 طعام گاہ کی فیس کی تفصیلات (2025-26)*: ..... 79
28.0 طلبا کی معاون خدمات ..... 79
28.1 داخلی شکایات کمیٹی ..... 79
28.2 ازالہ شکایت کمیٹی ..... 79
28.3 مخالف ریگنگ کمیٹی ..... 79
28.4 مساوی مواقع سیل ..... 79
29.0 طلبا کے لیے امدادی خدمات ..... 80
29 .1 دفتر برائے ڈین بہبودی طلبا ..... 80
29.2.1 ثقافتی سرگرمی مرکز ..... 80
29.2 پراکٹر دفتر ..... 80
29.3 تربیت و پلیسمنٹ سیل ..... 80
29.4 نیشنل سروس اسکیم (NSS) ..... 80

29.5 نیشنل کیڈٹ کارپس (NCC) ..... 81
30.0 سید حامد لائبریری ..... 81
31.0 داخلی معیار ضمانت سیل (IQAC) ..... 81
32.0 تعلیمی، تحقیقی، تربیتی و دیگر معاون مراکز ..... 81
32.1 نظامت جسمانی تعلیم اور کھیل ..... 81
32.2. مرکز مطالعاتِ نسواں (CWS) ..... 82
32.3 یو جی سی۔ مالویہ مشن ٹیچر ٹریننگ سنٹر (UGC-MMTTC) ..... 82
32.4 مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذہ اردو ذریعہ تعلیم (CPDUMT) ..... 82
32.5 مرکز برائے تدریسی ذرائع ابلاغ (IMC) ..... 82
32.6 ڈائرکٹوریٹ آف ٹرانسلیشن اینڈ پبلی کیشنز (DTP) ..... 83
32.7 مرکز برائے انفارمیشن ٹکنالوجی (CIT) ..... 83
32.8 مرکز برائے فاصلاتی و آن لائین تعلیم (CDOE) ..... 83
32.9 نظامتِ داخلہ (DoA) ..... 83
33.0 یونیورسٹی کے دیگر ملحقہ ادارے ..... 84
33.1 صنعتی تربیتی ادارے (ITI) ..... 84
33.2 ماڈل اسکول ..... 84
34.0 مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی جانب سے 2025-26 میں مختلف پروگراموں میں داخلے کے لیے تسلیم شدہ مدراس / اداروں / کورسز کی فہرست ..... 84
34.1 یونیورسٹی کی جانب سے 2025-26 میں مختلف پروگراموں میں داخلے کے لیے تسلیم شدہ مدراس کے اسناد کی فہرست ..... 84
34.2 یونیورسٹی کی جانب سے 2025-26 میں داخلے کے لیے تسلیم شدہ ہندی اداروں کی فہرست ..... 106
34.3 یونیورسٹی کی جانب سے 2025-26 میں قانون کے پروگراموں میں داخلے کے لیے مماثل تسلیم کیے گئے کورسز ..... 106
35.0 اہم پتے اور ٹیلی فون نمبر ..... 107
35.1 یونیورسٹی صدر مقام ..... 107
35.2 سٹیلائٹ کیمپسز، کالج برائے تعلیم و تربیت اور پالی ٹکنکس ..... 108
36.0 ڈائرکٹوریٹ آف ٹرانسلیشن اینڈ پبلی کیشنز کی مطبوعات ..... 109

## 1.0 یونیورسٹی کا تعارف

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی (MANUU) ایک مرکزی یونیورسٹی ہے۔ یہ پارلیمنٹ کے ایک قانون کے ذریعے جنوری 1998 میں کل ہند دائرہ کار کے ساتھ قائم کی گئی۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا صدر دفتر اور مرکزی کیمپس گچی باولی، حیدرآباد میں واقع ہے۔ یہ کیمپس 200 ایکڑ کے رقبے پر پھیلا ہوا ہے۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ملک کے دور دراز علاقوں میں بسنے والے تعلیم سے محروم اور اردو ذریعۂ تعلیم کی پہلی نسل کے طالب علموں کے لیے روایتی و فاصلاتی طرز کے پروگراموں کے ذریعے اعلیٰ تعلیمی خدمات فراہم کرنے والا سب سے بڑا ادارہ ہے۔ 1998 میں یونیورسٹی نے فاصلاتی تعلیم کے پروگراموں سے اپنے تعلیمی سفر کا آغاز کیا اور 2004 میں اس نے اردو میڈیم کے ریگولر پروگراموں سے اپنی تعلیمی و تحقیقی بنیادوں کو مستحکم کیا۔

یہ جامعہ ایک بلند پایہ عالم، دانشور، بہترین ادیب، ایک بے مثال مقرر، عظیم مجاہد آزادی، آزاد ہندوستان کے تعلیمی نظام کے منصوبہ ساز اور ملک میں جدید اور سائنسی تعلیمی اداروں کے بانی، مولانا ابوالکلام آزاد کے نام پر قائم کی گئی ہے۔

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی اس وقت موجودہ شعبوں اور مراکز کو مستحکم کرنے کے ساتھ ساتھ مختلف اصلاحی اقدامات کے ذریعے ان افراد کو تعلیم سے بہرہ ور کرنے کی کوشش میں مصروف ہے جو اب تک اس سے محروم تھے۔ اس کے علاوہ وہ بالعموم ملک کی نوجوان نسل اور بالخصوص اردو بولنے والے طبقے کی بڑھتی ہوئی امنگوں کو پورا کرنے کے لیے بھی کوشاں ہے۔ یونیورسٹی نے تعلیم، تحقیق، نظم و نسق کے تمام محاذوں پر متعین وِژن، مشن اور مقاصد کے ساتھ قابل ذکر پیش رفت کی ہے۔

## 1.1 وِژن

شمولیتی پالیسی پر کاربند رہتے ہوئے اردو کے ذریعے معیاری تعلیم تک رسائی فراہم کرنا۔

## 1.2 مشن

سماجی، معاشی، تعلیمی اور ثقافتی طور پر سماج کے پچھڑے طبقات کو بااختیار بنانا تاکہ انہیں مرکزی دھارے میں شامل کیا جاسکے اور اس طرح ملک کی سماجی و معاشی ترقی میں اپنا حصہ ادا کرنا۔

## 1.3 بنیادی مقصد اور اہداف

**مانو ایکٹ 1996 (1997 کے نمبر 2) کی دفعہ 4 کے مطابق یونیورسٹی کے مقاصد حسب ذیل ہیں:**

- اردو زبان کی ترویج و ترقی
- پیشہ ورانہ اور تکنیکی مضامین میں اردو میڈیم کے ذریعے تعلیم و تربیت کی فراہمی
- روایتی تدریس اور فاصلاتی نظام تعلیم کے توسط سے اردو میڈیم میں اعلیٰ تعلیم و تربیت حاصل کرنے کے خواہش مندوں کے لیے رسائی کے وسیع مواقع کی فراہمی
- تعلیم نسواں پر خصوصی توجہ

**مذکورہ بالا مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے یونیورسٹی درج ذیل کام انجام دینے کی کوشش کرے گی:**

- باہمی تعامل اور اختراعی تدریس و اکتساب پر خصوصی توجہ کے ساتھ ساتھ سماجی رابطے کے ذریعہ طلبا کو اردو زبان میں تعلیم کا بہترین تجربہ فراہم کرانا
- تعلیمی و تحقیقی نتائج اور رسائی کے اقدامات میں عالمی سطح کی بہترین روایات اور معیار کی پابندی
- قومی و بین الاقوامی بازاروں میں اہل افرادی قوت کی بڑھتی ہوئی مانگ کی تکمیل کے لیے طلبا کی استعداد میں اضافہ کرنا
- مسلسل تعلیم، اسپانسر کردہ تحقیق اور مشاورت کے ذریعے داخلی آمدنی / وصولیابی میں توسیع و اضافہ
- ملکی معیشت کی ترقی میں حصہ ادا کرنے والی اہل افرادی قوت کی تیاری کے ذریعے لاکھوں غریب افراد کے معیار زندگی کو بہتر بنانا
- وسائل کا مؤثر اور بھرپور استعمال کرنا اور عمل پر مبنی متعین اقدامات کے ذریعے یونیورسٹی کو ایک اسمارٹ، ڈیجیٹل اور صاف ستھرے کیمپس میں تبدیل کرنا

## 1.4 تعلیمات
















مرکز مطالعاتِ اردو ثقافت

ہارون خان شیروانی مرکز برائے مطالعات دکن

نظامت فاصلاتی تعلیم

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں اس وقت کل 120 پروگرام اور کورسز (31 پی ایچ ڈی؛ 33 پوسٹ گریجویشن؛ 19 گریجویشن؛ 22 ڈپلوما، 01 ایڈوانسڈ ڈپلوما، 4 پی جی ڈپلوما اور 10 سرٹی فیکیٹ کورسز) فراہم ہیں۔ ان کے علاوہ پالی ٹکنک کے ذریعے (08 ڈپلوما) اور ووکیشنل کورسز اور آئی ٹی آئی کے ذریعے (08 ٹریڈس) کے کورسز فراہم ہیں۔ اس کے علاوہ یونیورسٹی نظامت فاصلاتی تعلیم کے تحت فاصلاتی و اوپن طرز پر بھی پی جی، گریجویشن، ڈپلوما اور سرٹی فیکیٹ پروگرام فراہم کرتی ہے۔ مزید یہ کہ یونیورسٹی قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے تحت نیشنل کریڈٹ فریم ورک (NCrF) اور نیشنل ہائر ایجوکیشن فریم ورک (NHEQF) اور کریکولم و کریڈٹ فریم ورک فار انڈر گریجویٹ پروگرامز (CCFUGP) کے ذریعے بازار کی ضرورتوں کے مطابق، لچک دار تعلیمی فریم ورک کے ساتھ اعلیٰ درجہ کی اختراعی اور مناسب حال معیاری تعلیم فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہے۔

## 1.5 نظم ونسق

یونیورسٹی میں شفافیت اور جواب دہی کے لیے پہلے سے قائم تنظیمی ڈھانچوں کے ساتھ مؤثر نظم ونسق کا نظام قائم کیا گیا ہے۔ مزید یہ کہ یونیورسٹی اپنے داخلی دفتری عمل کو درست رکھنے کے لیے ای گورننس کی جانب پیش رفت کر رہی ہے۔

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی وزارت فروغ انسانی وسائل کے مشن پر مبنی ہدایات کا حصہ ہے۔ جیسے سوچھ بھارت ابھیان؛ سوچھ بھارت - سوستھ بھارت؛ سوچھتا پکھواڑہ؛ ایک بھارت - شریشٹھ بھارت؛ بیٹی بچاؤ - بیٹی پڑھاؤ؛ وٹیاسا کشرتا ابھیان اور پردھان منتری کوشل وکاس یوجنا وغیرہ۔ اس کے علاوہ NKN-NME-ICT کے ڈیجیٹل انڈیا پروجیکٹ میں بھی یونیورسٹی شریک ہے جس میں کیمپس رابطہ، یوجی سی انفلب نیٹ، این ڈی ایل کلسٹر، سوایم اور بھارت وانی وغیرہ شامل ہیں۔

## 1.6 انفرادیت (یونیک نیس)

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی (مانو) ملک کی بہترین یونیورسٹیوں میں شامل ہے جہاں عمومی، تکنیکی، پیشہ ورانہ اور پیشہ جاتی تعلیم فراہم کی جاتی ہے۔ یونیورسٹی کو نیشنل اسسمنٹ اینڈ اکریڈیٹیشن کونسل (NAAC) کی جانب سے سال 2009 میں A گریڈ عطا کیا گیا تھا اور 2016 میں اسے دوبارہ 'اے' گریڈ حاصل ہوا۔ 2023 میں یونیورسٹی کو A+ گریڈ عطا ہوا۔ یونیورسٹی کو یوجی سی (درجہ بند خود مختاری عطا کرنے کے لیے یونیورسٹیوں کی زمرہ بندی) ضوابط 2018 کے تحت زمرہ II کی خود مختاری بھی حاصل ہے۔ اس کے علاوہ یونیورسٹی اس حیثیت سے بھی منفرد ہے کہ یہاں ابتدائی سے لے کر ڈاکٹریٹ تک تعلیم کی تمام سطحوں پر اردو میڈیم سے تعلیم دی جاتی ہے۔ یونیورسٹی ملک میں اعلیٰ تعلیم کے لیے ایک پسندیدہ منزل بن چکی ہے۔ اس نے سماج کے سب سے زیادہ ضرورت مند طبقات کو اپنی طرف متوجہ کیا اور انہیں اعلیٰ تعلیم کے مرکزی دھارے میں شامل کیا ہے۔ اعلیٰ تعلیم کی ڈگریاں عطا کرنے والے 800 اداروں کے جائزے کی بنیاد پر یونیورسٹی کو نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف رینکنگ فریم ورک NIRF - 2017 کے تحت 101-150 کے زمرے میں شامل کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ڈی ایس ٹی کی شائع شدہ رپورٹ کے مطابق مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کو سرکاری مالی تعاون یافتہ یونیورسٹیوں میں پبلی کیشنز کے لحاظ سے 24 ویں اور حوالوں کے لحاظ سے 30 ویں مقام پر رکھا گیا ہے۔

اس وقت ملک کی 11 ریاستوں میں یونیورسٹی کے 18 سٹلائٹ اور آف کیمپسز قائم ہیں۔ اور تقریباً 6000 طلبا روایتی طرز تعلیم کے مختلف پروگراموں کے ذریعے حصولِ تعلیم میں مصروف ہیں۔ مرکز برائے فاصلاتی و آن لائین تعلیم کی جانب سے فاصلاتی طرز کے مختلف پروگرام فراہم کیے جاتے ہیں جو اس کے 9 علاقائی مراکز، 5 ذیلی علاقائی مراکز اور تقریباً 161 مطالعاتی مراکز کے ذریعے 1.5 لاکھ سے زائد طلبا تک مختلف کورسز ان کے گھروں تک پہنچانے کی کوشش میں مصروف ہے۔ یونیورسٹی کے تعلیمی کیمپس ملک بھر میں پھیلے ہوئے ہیں جیسے 4 صنعتی تربیتی ادارے (ITIs) بالترتیب حیدرآباد (تلنگانہ)، بنگلور (کرناٹک)، دربھنگہ (بہار) اور کٹک (اوڈیشہ) میں؛ 5 پالی ٹکنک کالج حیدرآباد (تلنگانہ)، بنگلور (کرناٹک)، دربھنگہ (بہار)، کٹک (اوڈیشہ) اور کڑپہ (آندھرا پردیش) میں قائم ہیں۔

یہ ادارے یونیورسٹی کے ایک اہم مقصد یعنی اردو ذریعہ تعلیم سے تکنیکی و پیشہ ورانہ مضامین کی تعلیم کی فراہمی کی تکمیل کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ یونیورسٹی نے سری نگر (جموں وکشمیر)، دربھنگہ (بہار)، بھوپال (مدھیہ پردیش)، آسنسول (مغربی بنگال)، سنبھل (اترپردیش)، اورنگ آباد (مہاراشٹرا)، نوح (میوات، ہریانہ) اور بیدر (کرناٹک) میں تعلیم اساتذہ کے آٹھ کالج بھی قائم کیے ہیں۔ جہاں مختلف تربیتی پروگراموں کے ذریعے اساتذہ کی شخصی و ذہنی ارتقا کا کام انجام دیا جاتا ہے۔ یونیورسٹی کا ایک سٹلائٹ کیمپس لکھنؤ (اترپردیش) میں قائم ہے جہاں گریجویشن، پوسٹ گریجویشن اور تحقیق کے پروگرام فراہم ہیں۔ یونیورسٹی نے ایک اہم مقصد یعنی خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے بڈگام (جموں وکشمیر) میں آرٹس وسائنس کالج بھی قائم کیا ہے۔

اردو کے دائرہ کار کو وسیع کرنے کے اپنے مشن کی تکمیل اور نئی نسل میں اردو کے لیے شوق پیدا کرنے کے لیے یونیورسٹی نے حیدرآباد، دربھنگہ اور نوح میں تین ماڈل اسکول بھی قائم کیے ہیں تاکہ اردو میڈیم میں معیاری اسکولی تعلیم فراہم کی جاسکے۔

یونیورسٹی میں کئی تعلیمی امدادی مراکز بھی قائم ہیں جیسے یوجی سی مالویہ مشن ٹیچر ٹریننگ مرکز (MMTTC)، مرکز برائے تدریسی ذرائع ابلاغ (IMC)، انفارمیشن ٹکنالوجی مرکز (CIT)، نظامت برائے ترجمہ واشاعت (DTP)، نظامت داخلہ اور ضمانتِ معیار کا داخلی سیل (IQAC) وغیرہ، جو یونیورسٹی کی قدر وقیمت میں اضافہ کرتے ہیں۔

اردو ذریعہ تعلیم سے تدریس، تحقیق اور تخلیق کے لیے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی کوششوں نے اسے ایک ایسی رجحان ساز اور رہنما یونیورسٹی میں تبدیل کر دیا ہے جو ہندوستانی زبانوں کے تمام اداروں کو روشنی فراہم کر رہی ہے تاکہ وہ بھی اپنی زبانوں میں سائنس وٹکنالوجی کی تعلیم فراہم کرنے کی اپنی اہلیت کا استعمال کریں۔

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی قومی ایجنڈہ برائے رسائی، مساوات اور معیار پر بھی کاربند ہے۔ یونیورسٹی میں اس بات کو بھی یقینی بنایا جارہا ہے کہ یہاں سے فارغ ہونے والے تمام طلبا انگریزی زبان اور انفارمیشن ٹکنالوجی میں بھی ضروری مہارت حاصل کریں۔ اس سے اردو زبان بھی مستحکم ہوگی اور اردو بولنے والے لوگ ملک کے دیگر طلبا کے ساتھ عمودی اور افقی دونوں سطحوں پر مسابقت کر سکیں گے۔

## 1.7 کامیابیاں

**رسائی:** مجموعی داخلہ تناسب میں بتدریج اضافہ برقرار رکھنا تاکہ اس کے ذریعے پیشہ ورانہ طور پر مسابقت کرنے والی اور سماجی طور پر حساس افرادی قوت تیار کی جائے۔

**مساوات:** یونیورسٹی میں شمولیاتی پالیسیاں جاری ہیں اور اعلیٰ تعلیم کے مستحق اور خواہش مند تمام لوگوں کے لیے موزوں ترین ماحول میں توسیع اور بااختیار بننے کے مواقع فراہم کیے جارہے ہیں تاکہ وہ زندگی اور اس کے اقدار سے ہم آہنگ ہوسکیں اور پورے اعتماد کے ساتھ ہر قسم کی سماجی مشکلات کا سامنا کر سکیں۔

**معیار:** بنیادی ڈھانچے اور سہولتوں میں قابل ذکر اضافے کے ساتھ ساتھ طالب علم-استاد کے تناسب کو کم سے کم کرنے کے لیے معیاری اساتذہ جیسے ایڈجنکٹ / وزیٹنگ / گیسٹ اساتذہ میں بھی اضافہ

**بہترین روایات:** تعاون و مدد کے مختلف نظاموں اور ارتقائی اقدامات کے ذریعے طلبا کو بااختیار بنانا؛

**تعاون کے نظام:** ہوسٹل کی سہولت، تعلیمی وظائف، خواتین، خصوصی اہلیت کے حامل افراد کے لیے عمر میں رعایت وغیرہ۔

## 2.0 اسکول برائے السنہ، لسانیات وہندوستانیات

یونیورسٹی نے سال 1999 میں فاصلاتی طرز تعلیم میں زبانوں کے تحت مختلف تعلیمی پروگراموں کی معیار بندی کے لیے اسکول برائے السنہ، لسانیات وہندوستانیات قائم کیا۔ اس اسکول کے قیام کا اصل مقصد ان ہندوستانی زبانوں کے تشخص کو باقی رکھنا تھا جو قومی زبان کے ساتھ اچھی طرح مربوط ہوتے ہیں۔ اسکول نے 2004 میں اپنے ریگولر پروگراموں کا آغاز کیا اور اس وقت اس کے چھ شعبہ جات ہیں۔ لکھنؤ (اترپردیش) اور سری نگر (جموں وکشمیر) میں واقع ملحقہ کالجوں کے پروگرام بھی اسی اسکول کے تحت فراہم کیے جاتے ہیں۔ اس اسکول کا بنیادی مقصد ہندوستانی زبانوں (اردو اور ہندی) کے ساتھ ساتھ ان بیرونی زبانوں (عربی، فارسی اور انگریزی) کا فروغ ہے جنھوں نے ہندوستانی زبانوں کو متاثر کیا ہے۔ اس کے علاوہ مؤثر انٹیگریشن کے لیے مطالعات ترجمہ کا فروغ بھی اس اسکول کا ایک اہم مقصد ہے۔

### 2.1. شعبۂ اردو

شعبۂ اردو کا مقصد عمومی طور پر انسانی زندگی میں اردو زبان کی ادبی اور ثقافتی قدر و قیمت سے متعلق شعور کی بیداری اور ملکی وعالمی سطح پر اردو ادب و ثقافت کی معنویت کو اجاگر کرنا ہے۔ اس کا مقصد اردو ثقافت کو ہندوستانی فکر کی نمائندہ ثقافت، اردو زبان کو علم کی زبان اور اردو ادب کو اقدار کے ادب کی حیثیت سے فروغ دینا ہے جس نے وقت کی آزمائشوں کا ثابت قدمی سے مقابلہ کیا اور مسلسل پیش رفت کی ہے۔ شعبہ اس امر کی کوشش کر رہا ہے کہ وہ ریسرچ اسکالروں کو اساتذہ کی نگرانی میں بامعنی، مؤثر اور مفید تحقیق میں مصروف کرے تاکہ علم کے میدان میں ارتقا اور وسعت پیدا ہو سکے۔ شعبہ طلبا کے لیے ایسا تعلیمی ماحول پیدا کرنا چاہتا ہے جس میں وہ علم اور اردو ادب کی تاریخی بصیرت حاصل کر سکیں۔ طلبا اور دیگر خواہش مند افراد میں شاعری اور ادب کا لطیف ذوق پیدا کرنے کے لیے شعبہ نے ڈپلوما تحسین غزل کے نام سے اردو غزل کی تحسین کا ایک خصوصی کورس شروع کیا ہے۔

شعبہ کی جانب سے بی اے، ایم اے، اور پی ایچ ڈی پروگراموں کے علاوہ جز وقتی ڈپلوما پروگرام چلائے جا رہے ہیں۔ جدید ادب، زبان و ثقافت کا مطالعہ؛ دکنی زبان، ادب و ثقافت؛ لسانیات؛ ابلاغ عامہ؛ ترجمہ؛ آزادیات اور ادبی تنقید کے میدان میں نئے طرز وغیرہ شعبہ میں تحقیق کے خصوصی میدان ہیں۔

### 2.2 شعبۂ انگریزی

شعبۂ انگریزی کا مقصد انگریزی زبان و ادب کے جدید رجحانات سے طلبا کو واقف کروانا ہے۔ شعبے میں ایم اے اور پی ایچ ڈی کے علاوہ یونیورسٹی کے تمام انڈر گریجویٹ و پوسٹ گریجویٹ پروگراموں کے لیے سی بی ایس سی کے مطابق بنیادی کورسز، ڈسپلن اسپیسفک کورسز، اضافہ اہلیت کورسز، عمومی منتخبات کورسز فراہم کیے جاتے ہیں۔ شعبہ یونیورسٹی کے تربیت و تعیناتی سیل کے اشتراک سے یونیورسٹی کے تمام انڈر گریجویٹ و پوسٹ گریجویٹ طلبا کے لیے 'ترسیلی مہارتوں' کا بھی ایک کورس چلاتا ہے۔ شعبہ چاہتا ہے کہ طلبا کے اندر نہ صرف حصول روزگار کی اہلیت پیدا ہو بلکہ انہیں سماجی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے لیے بھی تیار کیا جائے۔ شعبہ کا ایک اہم مقصد یہ ہے کہ اردو، انگریزی بین لسانی تحقیق اور اختراعی اور بین علومی تحقیق کو فروغ دیا جائے۔ شعبہ کی جانب سے پابندی کے ساتھ قومی سطح کی کانفرنسیں منعقد کی جاتی ہیں۔ شعبے میں تحقیق کے لیے مرکز توجہ میدان درج ذیل ہیں: تاریخ انگریزی زبان، انگریزی ادب کی تاریخ، انگریزی زبان کی تدریس، ہندوستان میں انگریزی کی تدریس، انگریزی صوتیات، اسلوبیات، برطانوی انگریزی ادب، امریکی انگریزی ادب، دولت مشترکہ کا انگریزی ادب، اردو انگریزی ادب، اردو و انگریزی مطالعات ترجمہ، مسلم انگریزی ادب، انگریزی میں ہندوستانی تحریریں اور ادبی نظریات و تنقید۔

### 2.3 شعبۂ مطالعات ترجمہ

**مطالعات ترجمہ کا شعبہ** ہندوستان کے اولین شعبوں میں سے ایک ہے۔ یہ شعبہ "ایم اے اِن ترجمہ مطالعہ" کے عنوان سے ایک پوسٹ گریجویٹ پروگرام اور "پی ایچ ڈی اِن ترجمہ مطالعہ" کے عنوان سے تحقیقی پروگرام پیش کرتا ہے۔ تعلیمی سال 2024-25 میں جز وقتی پروگرام "پی جی ڈپلوما اِن ترجمہ" بھی شروع کیا گیا۔ ایک مضبوط نظریاتی بنیاد کے ساتھ ساتھ، یہ شعبہ ترجمہ کے عملی پہلوؤں پر بھی زور دیتا ہے، تاکہ طلبہ کو پیشہ ور مترجم کے طور پر تربیت دی جا سکے اور انھیں ترجمہ مطالعہ کے میدان میں تحقیق کی طرف راغب کیا جا سکے۔ جدید رجحانات، ٹیکنالوجی اور اصطلاحات کو نصاب کا حصہ بنایا گیا ہے۔ شعبہ نیو ایجوکیشن پالیسی 2020 (NEP-2020) کے تحت انڈر گریجویٹ پروگرامز میں بھی ترجمے کے کورسز پیش کرتا ہے۔

## 2.4 شعبۂ ہندی

یہ شعبہ غیر ہندی علاقوں میں ہندی کے فروغ کے لیے کوشاں ہے۔ شعبۂ ہندی، اردو، دکنی زبان وثقافت میں تحقیق اور بین علومی طرز مطالعہ پر خصوصی توجہ مرکوز کرتا ہے۔ شعبہ کی جانب سے مدارس کے طلبا کے لیے برج کورس؛ گریجویشن پروگراموں کے لیے کورسز؛ ایم اے اور پی ایچ ڈی کے علاوہ ایک جزوقتی پروگرام چلایا جارہا ہے۔ شعبہ کی جانب سے تانیثی ادب، دلت ادب، عہد وسطیٰ کی شاعری، جدید ادب، تقابلی ادب، ترجمہ، کتھا ساہتیہ، ڈراما، آدی واسی و مسلم ڈسکورس اور جدید تھیٹر وغیرہ تحقیق کے لیے خصوصی توجہ کے میدان ہیں۔

## 2.5 شعبۂ عربی

عربی سامی زبانوں کے خاندان کی اہم زبان ہے اور اقوام متحدہ کی چھ سرکاری زبانوں میں سے ایک ہے۔ شعبہ عربی کا قیام دسمبر 2006 میں ہوا تاکہ عربی کے ایسے ماہرین کی روز بروز بڑھتی ہوئی مانگ پوری کی جاسکے جو عربی زبان میں مہارت کے ساتھ ساتھ موجودہ علمی و تجارتی دنیا کی ضرورتوں کے مطابق مہارتوں سے لیس ہوں۔ شعبہ میں جدید وقدیم عربی زبان وادب کی تعلیم دی جاتی ہے۔ یہاں انسانی اقدار پر زور دیا جاتا ہے اور انہیں نصاب کا لازمی جزو بنایا گیا ہے۔ طلبا کی تربیت پر بھی توجہ مرکوز کی جاتی ہے تاکہ ان میں ترجمے وترجمانی کی مہارتوں کو فروغ دیا جائے اور انہیں معروف قومی وبین الاقوامی اداروں اور کثیر قومی کمپنیوں میں روزگار کے قابل بنایا جائے۔ یہاں کے فارغ طلبا کی ایک بڑی تعداد امیزان، فیس بک اور گوگل جیسی بڑی کثیر ملکی کمپنیوں میں کام کررہی ہے۔ شعبہ کی جانب سے ایم اے اور پی ایچ ڈی کے علاوہ جدید عربی زبان وترجمہ کا ایڈوانس ڈپلوما، عربی ڈپلوما اور عربی میں مہارت کا سرٹیفکیٹ کے تین جزوقتی متوازی پروگرام فراہم کیے جاتے ہیں۔ شعبہ، بی اے، بی کام اور بی ایس سی کے لیے عربی زبان کے کورسز بھی فراہم کرتا ہے۔ تحقیق کے جن میدانوں میں یہاں توجہ دی جاتی ہے ان میں ترجمہ، جدید عربی ادب اور تحقیقی طریقہ کار شامل ہیں۔

## 2.6 شعبۂ فارسی ووسط ایشیائی مطالعات

اسکول میں اس وقت: ریاضی، طبعیات، کیمیا، نباتیات اور حیوانیات کے پانچ مضامین میں پی ایچ ڈی پروگرام؛ ایک پوسٹ گریجویٹ پروگرام ایم ایس سی (ریاضی) اور پانچ گریجویشن پروگرام: بی ایس سی (طبعی علوم–ایم پی سی)، بی ایس سی (طبعی علوم–ایم پی سی ایس) اور بی ایس سی (حیاتیاتی علوم–زیڈ بی سی)، بی ووک (ایم ایل ٹی) بی ووک (ایم آئی ٹی) چلائے جارہے ہیں۔ اس تعلیمی سال سے اسکول آف سائنسز ایم ایس سی (طبعیات، کیمیا، حیوانیات، نباتیات) میں پی جی پروگرام اور ایم ووک (ایم آئی ٹی اور ای ایل ٹی) پیشہ ورانہ پروگرامس شروع کرنے جارہا ہے

## 7.1. شعبہ ریاضی

شعبہ ریاضی کا قیام سال 2011 میں ہوا۔ شعبہ ریاضی کے تحت بی ایس سی، ایم ایس سی اور پی ایچ ڈی ریاضی کے پروگرام فراہم ہیں۔ شعبہ کے اساتذہ متنوع تحقیقی دل چسپیوں کے حامل ہیں۔ جیسے 'ویویلیٹ اور اس کے اطلاقات، الجبرا، تجزیہ، فلوئیڈ میکانکس، کیلس ٹیل میکانکس اور ڈائنامیکل آسٹرونومی وغیرہ۔ شعبہ میں ملک کے مختلف خطوں

کے طلبا شریک ہوتے ہیں جس کے باعث تدریس واکتساب کا ماحول بہت اچھا اور دلچسپ ہوتا ہے۔ شعبہ کا مقصد یہ ہے کہ طلبا کی منطقی اور ریاضی کی مہارتوں کو تیز کیا جائے، انہیں سائنس، انجینئرنگ اور صنعت کی مختلف شاخوں میں ریاضی کے اطلاق کے متنوع امکانات سے واقف کروایا جائے۔

## 7.2 شعبہ پیشہ ورانہ مطالعہ جات وہنر کی ترقی

شعبہ پیشہ ورانہ مطالعہ جات وہنر کی ترقی (Department of Vocational Studies & Skill Development) سال 2025 میں قائم کیا گیا۔ یہ شعبہ تین انڈر گریجویٹ پروگرامز پیش کرتا ہے: بی۔ووک۔ ایم۔ایل۔ٹی (میڈیکل لیبارٹری ٹیکنالوجی)، بی۔ووک۔ ایم۔آئی۔ٹی (میڈیکل امیجنگ ٹیکنالوجی)، اور بی۔ووک۔ ای۔ٹی۔ٹی (ایمرجنسی وٹراماکیئر ٹیکنالوجی)، جن کی مدت چار سال ہے اور نیو ایجوکیشن پالیسی 2020 کے مطابق ایک سال کی لازمی انٹرن شپ شامل ہے۔ مزید یہ کہ، دو پوسٹ گریجویٹ پروگرامز یعنی ایم۔ووک۔ایم۔ایل۔ٹی (میڈیکل لیبارٹری ٹیکنالوجی) اور ایم۔ووک۔ایم۔آئی۔ٹی (میڈیکل امیجنگ ٹیکنالوجی) سال 2023 میں شروع کیے گئے۔ اس کے علاوہ، تعلیمی سال 2025-26 سے "الائیڈ ہیلتھ سائنسز (ایم۔ایل۔ٹی)" میں پی۔ایچ۔ڈی پروگرام بھی متعارف کرایا گیا ہے۔

شعبہ لیبارٹری، فرنیچر اور آئی۔سی۔ٹی سہولیات سے آراستہ ہے تاکہ طلبہ وعملہ کی ضروریات کو پورا کیا جاسکے۔ جامعہ نے کلینیکل تربیت اور انٹرن شپ کے لیے اومیگا ہاسپٹلز اور میڈیکوور ہاسپٹلز جیسے کارپوریٹ ہاسپٹلز کے ساتھ اشتراک کیا ہے۔ یہ ذکر کرنا ضروری ہے کہ مذکورہ تمام پروگرامز کو یو۔جی۔سی اور تلنگانہ اسٹیٹ پیرا میڈیکل بورڈ سے رجسٹریشن کے لیے منظوری حاصل ہے۔

## 7.3 تعلیمی پروگرامز اور نشستیں

| پروگرام | نشستیں | اہلیت داخلہ |
|---|---|---|
| ایم ایس سی (ریاضی) | 30 **حیدرآباد** | i.10 ویں یا 12 ویں یا گریجویشن میں اردو بطور مضمون یا بحیثیت ذریعۂ تعلیم پڑھی ہو یا مانو سے تسلیم شدہ مدرسہ سے اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس مکمل کیا ہو<br>ii.50 فی صد نمبروں کے ساتھ ریاضی میں بی اے / بی ایس سی کیا ہو یا کسی منظور شدہ یونیورسٹی / ادارہ سے بی اے / بی ایس سی کے تینوں سالوں میں ریاضی بطور ایک مضمون کے پڑھا ہو |
| ایم ایس سی (طبیعات) | 20 **حیدرآباد** | i.10 ویں یا 12 ویں یا گریجویشن میں اردو بطور مضمون یا بحیثیت ذریعۂ تعلیم پڑھی ہو یا مانو سے تسلیم شدہ مدرسہ سے اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس مکمل کیا ہو<br>ii.50 فی صد نمبروں کے ساتھ طبیعات میں بی اے / بی ایس سی کیا ہو یا کسی منظور شدہ یونیورسٹی / ادارہ سے بی اے / بی ایس سی کے تینوں سالوں میں طبیعات بطور ایک مضمون کے پڑھا ہو |
| ایم ایس سی (کیمیا) | 20 **حیدرآباد** | i.10 ویں یا 12 ویں یا گریجویشن میں اردو بطور مضمون یا بحیثیت ذریعۂ تعلیم پڑھی ہو یا مانو سے تسلیم شدہ مدرسہ سے اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس مکمل کیا ہو<br>ii.50 فی صد نمبروں کے ساتھ کیمیا میں بی اے / بی ایس سی کیا ہو یا کسی منظور شدہ یونیورسٹی / ادارہ سے بی اے / بی ایس سی کے تینوں سالوں میں کیمیا بطور ایک مضمون کے پڑھا ہو |
| ایم ایس سی (نباتیات) | 20 **حیدرآباد** | i.10 ویں یا 12 ویں یا گریجویشن میں اردو بطور مضمون یا بحیثیت ذریعۂ تعلیم پڑھی ہو یا مانو سے تسلیم شدہ مدرسہ سے اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس مکمل کیا ہو<br>ii.50 فی صد نمبروں کے ساتھ نباتیات میں بی اے / بی ایس سی کیا ہو یا کسی منظور شدہ یونیورسٹی / ادارہ سے بی اے / بی ایس سی کے تینوں سالوں میں نباتیات بطور ایک مضمون کے پڑھا ہو |
| ایم ایس سی (حیوانیات) | 20 **حیدرآباد** | i.10 ویں یا 12 ویں یا گریجویشن میں اردو بطور مضمون یا بحیثیت ذریعۂ تعلیم پڑھی ہو یا مانو سے تسلیم شدہ مدرسہ سے اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس مکمل کیا ہو<br>ii.50 فی صد نمبروں کے ساتھ حیوانیات میں بی اے / بی ایس سی کیا ہو یا کسی منظور شدہ یونیورسٹی / ادارہ سے بی اے / بی ایس سی کے تینوں سالوں میں حیوانیات بطور ایک مضمون کے پڑھا ہو |
| ایم ووک۔ایم آئی ٹی | 20 **حیدرآباد** | i.10 ویں یا 12 ویں یا گریجویشن میں اردو بطور مضمون یا بحیثیت ذریعۂ تعلیم پڑھی ہو یا مانو سے تسلیم شدہ مدرسہ سے اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس مکمل کیا ہو<br>ii.55 فی صد نمبروں کے ساتھ بی ووک۔ایم آئی ٹی / ریڈیولوجی اینڈ امیجنگ ٹکنالوجی میں بی ایس سی کا کورس کیا ہو جس کی مدت کم از کم تین سال ہو۔ |

| پروگرام | نشستیں | اہلیت داخلہ |
|---|---|---|
| ایم ووک<br>ایم ایل ٹی | 20<br>حیدرآباد | 10.i ویں یا 12 ویں یا گریجویشن میں اردو بطور مضمون یا بحیثیت ذریعۂ تعلیم پڑھی ہو یا مانو سے تسلیم شدہ مدرسہ سے اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس مکمل کیا ہو<br>55.ii فی صد نمبروں کے ساتھ بی ووک۔ایم ایل ٹی / میڈیکل لیباریٹری ٹکنالوجی میں بی ایس سی کا کورس کیا ہو جس کی مدت کم از کم تین سال ہو۔ |
| پی ایچ ڈی<br>(ریاضی) | 23<br>حیدرآباد | 10.i ویں یا 12 ویں یا گریجویشن میں اردو بطور مضمون یا بحیثیت ذریعۂ تعلیم پڑھی ہو یا مانو سے تسلیم شدہ مدرسہ سے اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس مکمل کیا ہو<br>55.ii فیصد نمبروں کے ساتھ ریاضی یا اطلاقی ریاضی میں پوسٹ گریجویشن کامیاب اور عمومی ہدایات میں درج اہلیتیں۔ |
| پی ایچ ڈی<br>(حیوانیات) | 08<br>حیدرآباد | 10.i ویں یا 12 ویں یا گریجویشن میں اردو بطور مضمون یا بحیثیت ذریعۂ تعلیم پڑھی ہو یا مانو سے تسلیم شدہ مدرسہ سے اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس مکمل کیا ہو<br>55.ii فیصد نمبروں کے ساتھ حیوانیات / حیاتی علوم / حیاتیاتی کیمیا / حیاتیاتی ٹکنالوجی / جینیات میں پوسٹ گریجویشن کامیاب اور عمومی ہدایات میں درج اہلیتیں۔ |
| پی ایچ ڈی<br>(طبیعیات) | 09<br>حیدرآباد | 10.i ویں یا 12 ویں یا گریجویشن میں اردو بطور مضمون یا بحیثیت ذریعۂ تعلیم پڑھی ہو یا مانو سے تسلیم شدہ مدرسہ سے اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس مکمل کیا ہو<br>55.ii فیصد نمبروں کے ساتھ طبعیات میں پوسٹ گریجویشن کامیاب اور عمومی ہدایات میں درج اہلیتیں۔ |
| پی ایچ ڈی<br>(کیمیا) | 08<br>حیدرآباد | 10.i ویں یا 12 ویں یا گریجویشن میں اردو بطور مضمون یا بحیثیت ذریعۂ تعلیم پڑھی ہو یا مانو سے تسلیم شدہ مدرسہ سے اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس مکمل کیا ہو<br>55.ii فیصد نمبروں کے ساتھ کیمیا میں پوسٹ گریجویشن کامیاب اور عمومی ہدایات میں درج اہلیتیں۔ |
| پی ایچ ڈی<br>(نباتیات) | 14<br>حیدرآباد | 10.i ویں یا 12 ویں یا گریجویشن میں اردو بطور مضمون یا بحیثیت ذریعۂ تعلیم پڑھی ہو یا مانو سے تسلیم شدہ مدرسہ سے اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس مکمل کیا ہو<br>55.ii فیصد نمبروں کے ساتھ نباتیات میں پوسٹ گریجویشن کامیاب اور عمومی ہدایات میں درج اہلیتیں۔ |
| پی ایچ ڈی<br>الائیڈ ہیلتھ<br>سائنسز<br>(ایم ایل ٹی) | 2<br>حیدرآباد | 10.i ویں یا 12 ویں یا گریجویشن میں اردو بطور مضمون یا بحیثیت ذریعۂ تعلیم پڑھی ہو یا مانو سے تسلیم شدہ مدرسہ سے اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس مکمل کیا ہو<br>55.ii فیصد نمبروں کے ساتھ ایم ڈی (بایوکیمسٹری / مائکروبایولوجی / پیتھولوجی)، ایم۔ایس سی، میڈیکل (بایوکیمسٹری / مائکروبایولوجی / پیتھولوجی)، ایم۔ووک۔ ایم ایل ٹی اور ایم ایس سی ایم ایل ٹی |

| اسکول برائے سائنسی علوم پی ایچ ڈی نشستوں کا روسٹر | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شعبہ | UR | OBC | EWS | SC | ST | کل |
| الائیڈ ہیلتھ سائنسز (ایم ایل ٹی) | 1 | 0 | 1 | 0 | 0 | 2 |
| نباتیات | 6 | 4 | 1 | 2 | 1 | 14 |
| کیمیا | 3 | 2 | 1 | 1 | 1 | 8 |
| ریاضی | 9 | 6 | 2 | 4 | 2 | 23 |
| طبیعات | 4 | 3 | 1 | 1 | 0 | 9 |
| حیوانیات | 3 | 2 | 1 | 1 | 1 | 8 |
| کل | 26 | 17 | 7 | 9 | 5 | 64 |

## 7.4 پارٹ ٹائم پروگرام

ہنر کی ترقی، کاروباری صلاحیت، روزگار کے مواقع اور خواتین کی معاشی خود مختاری کو فروغ دینے کے لیے، یونیورسٹی ایک سالہ مدت (08 کریڈٹس) پر مشتمل خطاطی کے ڈپلومہ پروگرام کی پیشکش کر رہی ہے۔ یہ پروگرام تعلیمی سال 2025-26 سے اُردو ہال، حمایت نگر، حیدرآباد میں پیش کیا جائے گا اور صرف خواتین کے لیے مخصوص ہوگا۔

| # | پروگرام | دورانیہ | نشستیں | اہلیت | عمر |
|---|---|---|---|---|---|
| 01 | ڈپلومہ ان کیلی گرافی | ایک سال (دو سمسٹر) | 30 | اردو سے واقفیت | کوئی حد نہیں |

## 8.0 اسکول برائے ٹکنالوجی

اسکول آف ٹیکنالوجی (سابقہ سکول آف کمپیوٹر سائنس اینڈ انفارمیشن ٹکنالوجی)، 2014 میں قائم کیا گیا تھا جس کا مقصد طلباء کی حوصلہ افزائی کرنے، بہترین اساتذہ کو برقرار رکھنے، معیاری تدریس فراہم کرنے اور جدید ٹیکنالوجی کے فروغ کے لیے ایک سازگار ماحول پیدا کرنا تھا۔ اسکول میں فی الحال ایک شعبہ یعنی کمپیوٹر سائنس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کا شعبہ موجود ہے۔ اس اسکول کے تحت حیدرآباد، بنگلورو، دربھنگہ، کڑپہ اور کٹک میں واقع پانچ پولی ٹیکنک اور حیدرآباد، بنگلورو اور دربھنگہ میں قائم تین صنعتی تربیتی ادارے (ITIs) بھی شامل ہیں۔ سمانا کالج آف ڈیزائن اسٹڈیز، حیدرآباد کے تعاون سے اسکول آف ٹکنالوجی کے تحت حیدرآباد اور لکھنؤ کیمپس میں 2023-2024 سے فیشن ٹکنالوجی اور اندرونی ڈیزائن کے پروگراموں میں سرٹیفکیٹ، ڈپلومہ اور انڈر گریجویٹ پروگرام پیش بھی پیش کیے جا رہے ہیں۔

### 8.1. شعبۂ کمپیوٹر سائنس و انفارمیشن ٹکنالوجی

کمپیوٹر سائنس اور انفارمیشن ٹکنالوجی کا شعبہ 2006 میں قائم کیا گیا تھا جس کا مقصد کمپیوٹر سائنس، آئی ٹی میں معیاری تعلیم کی فراہمی اور بین علومی تحقیق کے میدان میں عمدگی کے وژن کو حاصل کرنا تھا۔ اس وقت کمپیوٹر سائنس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبہ میں بی ٹیک (کمپیوٹر سائنس)، ایم ٹیک کمپیوٹر سائنس اور ایم سی اے (دو سالہ) پروگرام پیش ہیں جو آل انڈیا کونسل فار ٹیکنیکل ایجوکیشن (AICTE) کے ذریعہ منظور شدہ پروگرام ہیں۔ شعبہ بی ٹیک (کمپیوٹر سائنس) کے دوسرے سال میں اہل طلباء کے لیے لیٹرل داخلے کے مواقع بھی فراہم کرتا ہے۔ کمپیوٹر سائنس و انفارمیشن ٹکنالوجی کا شعبہ 2023-24 سے ایم ٹیک کمپیوٹر سائنس اور انجینئرنگ (مصنوعی ذہانت اور مشین لرننگ) میں اسپانسرڈ / سیلف فنانس طرز کے تحت جز وقتی پروگرام (دورانیہ 3 سال) پیش کر رہا ہے۔ اس کے علاوہ شعبے میں پی ایچ ڈی بھی (کمپیوٹر سائنس) اور پیش کرتا ہے اس کے علاوہ کمپیوٹر سائنسز اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے خصوصی میدانوں میں سپانسر شدہ / سیلف فنانس طرز کے تحت پارٹ ٹائم پی ایچ ڈی پروگرام بھی پیش ہیں۔

کمپیوٹر سائنس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کا شعبہ محنتی اور نوجوان فیکلٹی ممبران، جدید ترین تجربہ گاہوں اور اختراعی تعلیمی افعال کے ساتھ ایک بہترین تعلیمی ماحول فراہم کرتا ہے۔ ہم مصنوعی ذہانت، مشین لرننگ، ڈیپ لرننگ، پرسلائزڈ لرننگ، کمپیوٹیشنل پائیداری، بلاک چین ٹیکنالوجی، سیمنٹک ویب، انٹرنیٹ آف تھنگز (IoT) اور دیگر متعلقہ شعبوں میں گہرائی سے معلومات فراہم کرنے پر توجہ مرکوز کرتے ہیں۔ ہم اپنے طلباء کو اگلی نسل کے آئی ٹی پروفیشنلز بنانے کی خواہش رکھتے ہیں جو پروگرامنگ اور منطقی مہارتیں پیدا کرنے، نیٹ ورکنگ کے حل فراہم کرنے اور صنعت اور اکیڈمی دونوں میں رہنما بننے کے قابل ہوں۔

### 8.2 تعلیمی پروگرام اور نشستیں

| پروگرام | نشستیں | اہلیت |
|---|---|---|
| بی ٹیک کمپیوٹر سائنس | 75 حیدرآباد | i. 10 ویں / 12 ویں میں اردو بطور مضمون / زبان یا بطور ذریعہ تعلیم یا مانو کی جانب سے منظور شدہ اس کے مماثل مدرسہ کورسز اردو ذریعہ تعلیم ساتھ۔<br>ii۔ فزکس / ریاضی / کیمسٹری / کمپیوٹر سائنس / الیکٹرانکس / انفارمیشن ٹکنالوجی / حیاتیات / انفارمیٹکس پریکٹسز / بائیو ٹیکنالوجی / ٹیکنیکل ووکیشنل سبجیکٹ / زراعت / انجینئرنگ گرافکس / بزنس اسٹڈیز / انٹرپرینیورشپ / ایگریکلچر اسٹریم (زرعی انجینئرنگ کے لیے) کے ساتھ 10+2 کا امتحان کامیاب کیا ہو۔ مندرجہ بالا مضامین میں بحیثیت مجموعی کم از کم 45 فیصد نمبر (محفوظ زمرے سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کی صورت میں 40 فیصد نمبر) حاصل کیے ہوں۔<br>یا<br>اسی یا اس کے متعلقہ مضمون میں D.Voc کامیاب ہو۔<br>(یونیورسٹیز مختلف پس منظر سے آنے والے طلباء کے لیے لیول پلیئنگ فیلڈ اور پروگرام کے مطلوبہ اکتسابی نتائج کی تیاری کے لیے ریاضی، فزکس، انجینئرنگ ڈرائنگ وغیرہ جیسے برج کورسز پیش کریں گی) |

| پروگرام | نشستیں | اہلیت |
|---|---|---|
| بی ٹیک<br>کمپیوٹر سائنس راست داخلہ | نشستوں کا 10+ فیصد خواتین 10 فیصد نشستوں کا کوٹہ (مانو پولی ٹیکنکس سے) | i 10ویں / 12ویں میں اردو بطور مضمون / زبان یا بطور ذریعہ تعلیم یا مانو کی جانب سے منظور شدہ اس کے مماثل مدرسہ کورسز اردو ذریعہ تعلیم ساتھ۔<br>ii. انجینئرنگ اور ٹکنالوجی کی کسی بھی شاخ میں کم از کم تین سال / دو سال (لیٹرل انٹری) ڈپلومہ کا امتحان کم از کم 45 فیصد نمبروں (محفوظ زمرے سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کی صورت میں 40٪ نمبر) کے ساتھ کامیاب کیا ہو۔<br>یا<br>یو جی سی جانب سے مسلمہ کسی یونیورسٹی سے بی ایس سی کی ڈگری کم از کم 45٪ نمبروں کے ساتھ (محفوظ زمرے سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کی صورت میں 40٪ نمبر) کامیاب کیا ہو۔ اور بطور مضمون ریاضی کے ساتھ 10+2 کا امتحان کامیاب کیا ہو۔<br>یا<br>اسی یا متعلقہ مضمون میں B.Voc یا تین سالہ D.Voc کامیاب کیا ہو۔<br>(یونیورسٹیز پروگرام کے مطلوبہ اکتسابی نتائج حاصل کرنے کے لیے متنوع پس منظر سے آنے والے طلباء کے لیے ریاضی، طبیعیات، انجینئرنگ ڈرائنگ وغیرہ جیسے برج کورسز پیش کریں گی) |
| ایم سی اے (ماسٹر آف کمپیوٹر ایپلیکیشن) | 30<br>حیدرآباد | i. 10ویں / 12ویں یا گریجویشن میں اردو بطور مضمون / زبان یا بطور ذریعہ تعلیم یا مانو کی جانب سے منظور شدہ اس کے مماثل مدرسہ کورسز اردو ذریعہ تعلیم ساتھ۔<br>ii. کوئی بھی گریجویشن ڈگری کامیاب کی ہو (جیسے: بی ای / بی ٹیک / بی ایس سی / بی کام / بی اے / بی ووکیشنل / بی سی اے وغیرہ) ترجیحی طور پر 10+2 کی سطح پر یا گریجویشن کی سطح پر ریاضی کے ساتھ۔<br>iii. کوالیفائنگ امتحان میں کم از کم 50 فیصد نمبر (محفوظ زمرہ سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کی صورت میں 45 فیصد نمبر) حاصل کیے ہوں۔ |
| ایم سی اے (ماسٹر آف کمپیوٹر ایپلیکیشن) سالم دوم لیٹرل انٹری | 30<br>حیدرآباد | بی ٹیک / بی ای (CSE/IT) نشستوں کی دستیابی سے مشروط اور BCA (4 سال) |
| ایم ٹیک (کمپیوٹر سائنس)* | 30<br>حیدرآباد | i 10ویں / 12ویں یا گریجویشن میں اردو بطور مضمون / زبان یا بطور ذریعہ تعلیم یا مانو کی جانب سے منظور شدہ اس کے مماثل مدرسہ کورسز اردو ذریعہ تعلیم ساتھ۔<br>ii. بیچلر ڈگری یا اس کے مماثل امتحان کامیاب کیا ہو۔ کوالیفائنگ امتحان میں کم از کم 50 فیصد نمبر (محفوظ زمرہ سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کی صورت میں 45 فیصد نمبر) حاصل کیے ہوں۔ |
| ایم ٹیک کمپیوٹر سائنس اور انجینئرنگ (مصنوعی ذہانت اور مشین لرننگ** اسپانسرڈ / سیلف فنانس موڈ کے تحت پارٹ ٹائم پروگرام | 30<br>حیدرآباد | • امیدواروں کے پاس مجموعی طور سے 55 فیصد مارکس یا اس کے مساوی CGPA<br>الف) B.E/.B.Tech. کمپیوٹر سائنس / کمپیوٹر سائنس اینڈ انجینئرنگ / کمپیوٹر انجینئرنگ / انفارمیشن ٹیکنالوجی / الیکٹرانکس اینڈ کمیونیکیشن انجینئرنگ / الیکٹرانکس اینڈ انسٹرومینیشن انجینئرنگ / انسٹرومینٹیشن اینڈ کنٹرول انجینئرنگ / الیکٹریکل انجینئرنگ / الیکٹریکل اینڈ الیکٹرانکس انجینئرنگ یا اس کے مساوی۔ یا IETE/AMIE گریجویٹ (ECE/CSE/IT/EE)<br>یا<br>ب) ایم ایس سی۔ (آئی ٹی / الیکٹرانکس / کمپیوٹر سائنس / انفارمیشن / انفارمیشن سائنس / اور ٹکنالوجی / طبیعات / ریاضی / شماریات / آپریشن ریسرچ / اطلاقی طبیعات<br>یا<br>ج) ایم سی اے |
| پی۔ ایچ ڈی (کمپیوٹر سائنس) | 07<br>حیدرآباد | اردو بطور مضمون / زبان یا ذریعہ تعلیم کے طور پر دسویں / بارہویں / گریجویشن کی سطح پر، یا ایسے مساوی مدرسہ کورسز جن میں i. نے منظور کیا ہو۔ (MANUU) اردو ذریعہ تعلیم ہو اور جنہیں مانو<br>ii. (interdisciplinary) کمپیوٹر سائنس / کمپیوٹر ایپلی کیشنز / انفارمیشن ٹیکنالوجی / یا کمپیوٹر ٹیکنالوجی کی کسی متعلقہ بین الشعبہ شاخ میں پوسٹ گریجویشن، 55٪ نمبروں کے ساتھ اور عمومی رہنما اصولوں میں دی گئی اہلیت کے مطابق۔<br>یا<br>iii. چار سالہ / آٹھ سمسٹر پر مشتمل بیچلر ڈگری پروگرام کے بعد کمپیوٹر سائنس / کمپیوٹر ایپلی کیشنز / انفارمیشن ٹیکنالوجی / یا کمپیوٹر ٹیکنالوجی کی کسی متعلقہ بین الشعبہ شاخ میں ایک سالہ / دو سمسٹروں پر مشتمل ماسٹرز پروگرام۔ |

| پروگرام | نشستیں | اہلیت |
|---|---|---|
| | | یا<br>iv. بزنس مینجمنٹ میں دو سالہ / چار سمسٹروں پر مشتمل ماسٹرز پروگرام، جس میں کمپیوٹر سائنس یا آئی ٹی / ڈیٹا اینالیٹکس یا متعلقہ مضمون میں تخصص (specialization) ہو۔<br>کے ساتھ، کمپیوٹر سائنس / انفارمیشن (interdisciplinary specialization) کمپیوٹر ٹیکنالوجی میں بین الشعبہ تخصص ٹیکنالوجی میں چار سالہ بیچلر ڈگری پروگرام کے بعد، 55٪ نمبروں کے ساتھ اور عمومی رہنما اصولوں میں درج اہلیت کے معیار پر پورا اُترنے والے امیدوار اہل سمجھے جائیں گے۔<br>کمپیوٹر سائنس میں پی۔ایچ۔ڈی پروگرام میں داخلہ مانو (MANUU) کی جانب سے منعقدہ داخلہ امتحان اور اس کے بعد انٹرویو کی بنیاد پر ہوگا۔ |
| * ایم ٹیک کے داخلہ امتحان میں میرٹ کی بنیاد پر کامیاب ہونے والے امیدواروں کے لیے 60٪ نشستیں مختص ہیں۔ 40٪ نشستیں GATE امتحان میں کامیاب امیدواروں کے لیے مخصوص ہیں۔ GATE میں کامیاب امیدواروں پر غور ان کی حاصل کردہ درجہ بندی (رینک) کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ اگر GATE میں کامیاب امیدوار دستیاب نہ ہوں تو یہ نشستیں داخلہ امتحان میں کامیاب امیدواروں سے پُر کی جائیں گی اور اسی طرح اگر داخلہ امتحان کے امیدوار دستیاب نہ ہوں تو نشستیں GATE امیدواروں سے پُر کی جائیں گی۔ | | |

** ایم ٹیک - کمپیوٹر سائنس اینڈ انجینئرنگ (آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور مشین لرننگ) جز وقتی (Part Time) پروگرام، جو اسپانسرڈ اور خود مالی اعانت (Self Finance) کے تحت تین سالہ مدت پر مشتمل ہوگا، کا اعلامیہ مناسب وقت پر علیحدہ سے جاری کیا جائے گا۔

| اسکول برائے ٹیکنالوجی پی ایچ ڈی نشستوں کا روسٹر | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شعبہ | UR | OBC | EWS | SC | ST | کل |
| کمپیوٹر سائنس اور انفارمیشن ٹکنالوجی | 2 | 2 | 2 | 1 | 1 | 7 |

## 8.3 بی۔ٹیک۔ سول انجینئرنگ (سیلف فنانس) ریگولر موڈ کے تحت

| پروگرام | نشستیں | اہلیت |
|---|---|---|
| بی ٹیک سول انجینئرنگ (خود مالی اعانت کے تحت) باقاعدہ طریقہ کار میں | 60<br>حیدرآباد | i. دسویں / بارہویں جماعت کی سطح پر اردو کو بطور مضمون / زبان یا ذریعہ تعلیم اختیار کیا ہو یا ایسے مساوی مدرسہ کورسز مکمل کیے ہوں جن میں ذریعہ تعلیم اردو ہو، بشرطیکہ ان کورسز کو MANUU نے منظور کیا ہو۔<br>ii. 10+2 یا اس کے مساوی امتحان ریاضی، طبیعیات اور کیمیا / کمپیوٹر سائنس / الیکٹرانکس / انفارمیشن ٹیکنالوجی / حیاتیات / انفارمیٹکس پریکٹسز / بایو ٹیکنالوجی / ٹیکنیکل و ویکیشنل مضمون / زراعت / انجینئرنگ گرافکس / بزنس اسٹڈیز / انٹرپرینیور شپ / زراعت کے مضامین میں کامیابی حاصل کی ہو اور مذکورہ تمام مضامین میں مجموعی طور پر کم از کم 45٪ نمبر حاصل کیے ہوں (محفوظ زمرے کے امیدواروں کے لیے یہ حد 40٪ ہے)۔<br>یا<br>کسی بھی شعبے میں انجینئرنگ (پولی ٹیکنک) میں ڈپلومہ کامیابی سے مکمل کیا ہو۔ |

## 8.4 اسکول آف ٹیکنالوجی کے تحت فیشن ٹیکنالوجی اور انٹیریر ڈیزائن کے دستیاب کورسز

فیشن ٹیکنالوجی اور انٹیریئر ڈیزائن میں سرٹیفکیٹ، ڈپلومہ اور انڈر گریجویٹ پروگرامز کا آغاز 2024-2025 سے MANUU نے اسکول آف ٹیکنالوجی، حیدرآباد کے تحت SAMANA کالج آف ڈیزائن اسٹڈیز کے اشتراک سے کیا ہے۔ یہ پروگرامز MANUU کے حیدرآباد، لکھنؤ (اترپردیش) اور کڑپہ (آندھرا پردیش) کیمپس میں پیش کیے جا رہے ہیں۔

- داخلہ کا معیار: داخلے میرٹ کی بنیاد پر دیے جائیں گے۔
- بیرونی امیدواروں کے لیے اہلیت کا معیار: فیشن ڈیزائن یا انٹیریئر ڈیزائن کے سرٹیفکیٹ / ڈپلومہ / انڈر گریجویٹ پروگرامز میں داخلے کے خواہشمند امیدواروں نے 10+2 (کسی بھی اسٹریم) یا مساوی امتحان کامیابی سے مکمل کیا ہو۔
- MANUU کے امیدواروں کے لیے اہلیت کا معیار: MANUU ماڈل اسکولز، پولی ٹیکنکس یا MANUU کے کسی گریجویٹ کورس سے 10+2 کامیاب کیا ہو۔

## 8.5 پروگرام کی ساخت اور نشستیں

| پروگرام کا نام | مدت | نشستیں | | کل |
|---|---|---|---|---|
| | | بیرونی امیدوار | داخلی امیدوار | |
| **حیدرآباد** | | | | |
| فیشن ٹکنالوجی میں سرٹیفکیٹ | 1 سال | 30 | 10 | 40 |
| انٹیریر ڈیزائن میں سرٹیفکیٹ | 1 سال | 30 | 10 | 40 |
| فیشن ٹکنالوجی میں ڈپلوما | 2 سال | 30 | 10 | 40 |
| انٹیریر ڈیزائن میں ڈپلوما | 2 سال | 30 | 10 | 40 |
| فیشن ٹکنالوجی میں بی ایس سی | 4 سال | 30 | 10 | 40 |
| انٹیریر ڈائزئن میں بی ایس سی | 4 سال | 30 | 10 | 40 |
| **لکھنؤ** | | | | |
| فیشن ٹکنالوجی میں سرٹیفکیٹ | 1 سال | 30 | 10 | 40 |
| انٹیریر ڈیزائن میں سرٹیفکیٹ | 1 سال | 30 | 10 | 40 |
| **کڑپہ** | | | | |
| فیشن ٹکنالوجی میں سرٹیفکیٹ | 1 سال | 30 | 10 | 40 |
| انٹیریر ڈیزائن میں سرٹیفکیٹ | 1 سال | 30 | 10 | 40 |
| فیشن ٹکنالوجی میں ڈپلوما | 1 سال | 30 | 10 | 40 |
| انٹیریر ڈیزائن میں ڈپلوما | 2 سال | 30 | 10 | 40 |
| فیشن ٹکنالوجی میں بی ایس سی | 4 سال | 30 | 10 | 40 |
| انٹیریر ڈیزائن میں سرٹیفکیٹ | 4 سال | 30 | 10 | 40 |
| **وارانسی** | | | | |
| فیشن ٹکنالوجی میں سرٹیفکیٹ | 1 سال | 25 | 25 | 50 |

## 8.6 پالی ٹکنس

یونیورسٹی نے اپنے دستور کے مطابق سال 09-2008 میں پیشہ وارانہ اور تکنیکی کورسوں کو فروغ دینے کے لیے پالی ٹکنک کا آغاز کیا۔ اقلیتوں کے تعلیمی مواقع میں اضافہ کے لیے سچر کمیٹی کی سفارشات کے تحت حکومت ہند کے تعاون سے حیدرآباد، دربھنگہ اور بنگلور میں تین پالی ٹکنک کالج قائم کیے گئے۔ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن نے 2018 سے دو نئے پالی ٹکنک قائم کرنے کی منظوری دی ہے۔ چنانچہ یونیورسٹی نے رواں تعلیمی سال 2018 سے کٹک اور کڑپہ میں بھی پالی ٹکنک ڈپلوما پروگرام شروع کیے ہیں۔ پالی ٹکنک پروگراموں کی میعاد تین سال ہے۔ تمام پولی ٹیکنک یو جی سی کے ذریعہ منظور اور قائم ہیں جبکہ پولی ٹیکنک، حیدرآباد، کڑپہ اور کٹک AICTE سے منظور شدہ ہیں۔

## 8.7 تعلیمی پروگرام اور نشستیں

## 8.8 تکنیکی ڈپلوما پروگرامس

| سلسلہ نمبر | پروگرام | نشستیں | درکار اہلیت |
|---|---|---|---|
| 1 | **مانو پالی ٹکنک، حیدرآباد، تلنگانہ** | | |
| i. | ڈپلوما ان سول انجینئرنگ | 60 | i.10 ویں یا 12 ویں میں اردو بطور مضمون یا بحیثیت ذریعۂ تعلیم پڑھی ہو یا مانو سے تسلیم شدہ مدرسہ سے اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس مکمل کیا ہو<br>ii. دسویں / ایس ایس سی یا مساوی بورڈ امتحان میں 35٪ نمبرات سے کامیابی. |
| ii. | ڈپلوما ان کمپیوٹر سائنس و انجینئرنگ | 60 | |
| iii. | ڈپلوما ان الیکٹرانک اینڈ کمیونیکیشن انجینئرنگ | 60 | |
| iv. | ڈپلوما ان انفارمیشن ٹکنالوجی | 60 | |

| سلسلہ نمبر | پروگرام | نشستیں | درکار اہلیت |
|---|---|---|---|
| 2 | **مانو پالی ٹکنک، بنگلور، کرناٹک** | | |
| .i | ڈپلوماان سول انجینئرنگ | 60 | 10.i ویں یا 12 ویں میں اردو بطور مضمون یا بحیثیت ذریعۂ تعلیم پڑھی ہو یا مانو سے تسلیم شدہ مدرسہ سے اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس مکمل کیا ہو<br>ii. دسویں / ایس ایس سی یا مساوی بورڈ امتحان میں 35٪ نمبرات سے کامیابی حاصل کی ہو. |
| .ii | ڈپلوماان کمپیوٹر سائنس وانجینئرنگ | 60 | |
| .iii | ڈپلوماان الیکٹرانک اینڈ کمیونیکیشن انجینئرنگ | 60 | |
| 3 | **مانو پالی ٹکنک، دربھنگہ، بہار** | | |
| .i | ڈپلوماان سول انجینئرنگ | 60 | 10.i ویں یا 12 ویں میں اردو بطور مضمون یا بحیثیت ذریعۂ تعلیم پڑھی ہو یا مانو سے تسلیم شدہ مدرسہ سے اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس مکمل کیا ہو<br>ii. دسویں / ایس ایس سی یا مساوی بورڈ امتحان میں 35٪ نمبرات سے کامیابی حاصل کی ہو. |
| .ii | ڈپلوماان کمپیوٹر سائنس وانجینئرنگ | 60 | |
| .iii | ڈپلوماان الیکٹرانک اینڈ کمیونیکیشن انجینئرنگ | 60 | |
| 4 | **مانو پالی ٹکنک، کڑپہ، آندھرا پردیش** | | |
| .i | ڈپلوماان سول انجینئرنگ | 60 | 10.i ویں یا 12 ویں میں اردو بطور مضمون یا بحیثیت ذریعۂ تعلیم پڑھی ہو یا مانو سے تسلیم شدہ مدرسہ سے اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس مکمل کیا ہو<br>ii. دسویں / ایس ایس سی یا مساوی بورڈ امتحان میں 35٪ نمبرات سے کامیابی حاصل کی ہو. |
| .ii | ڈپلوماان میکانیکل انجینئرنگ | 60 | |
| .iii | ڈپلوماان الیکٹریکل اینڈ الکٹرانک انجینئرنگ | 60 | |
| iv | ڈپلوماان ایرل ٹکنالوجی | 60 | |
| 5 | **مانو پالی ٹکنک، کٹک، اڈیشہ** | | |
| .i | ڈپلوماان سول انجینئرنگ | 60 | 10.i ویں یا 12 ویں میں اردو بطور مضمون یا بحیثیت ذریعۂ تعلیم پڑھی ہو یا مانو سے تسلیم شدہ مدرسہ سے اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس مکمل کیا ہو<br>ii. دسویں / ایس ایس سی مساوی بورڈ امتحان میں 35٪ نمبرات سے کامیابی حاصل کی ہو. |
| .ii | ڈپلوماان میکانیکل انجینئرنگ | 60 | |
| .iii | ڈپلوماان الیکٹریکل اینڈ الکٹرانک انجینئرنگ | 60 | |
| iv | ڈپلوماان آٹوموبائل | 60 | |

## 8.9 پولی ٹکنک میں راست داخلے (داخلہ امتحان کی بنیاد پر)

| پروگرام | نشستیں (اے آئی سی ٹی ضوابط-کے مطابق) | اہلیت |
|---|---|---|
| مندرجہ ذیل پالی ٹکنک ڈپلوما کے سال دوم (تیسرے سمسٹر) میں راست داخلہ | منظورہ نشستوں کی 10 فیصد یعنی مانو پالی ٹکنک حیدرآباد ، بنگلور اور دربھنگہ کٹک ، کڑپہ پولی ٹکنک کے فی پروگرام کے لیے 6 / EWS کے ساتھ 8 نشستیں | 10.i ویں یا 12 ویں میں اردو بطور مضمون یا بحیثیت ذریعۂ تعلیم پڑھی ہو یا مانو سے تسلیم شدہ مدرسہ سے اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس مکمل کیا ہو **اور** |
| سیول، میکانیکل | | طبیعات، ریاضی، کیمیا کے ساتھ 2+10 کامیاب۔ |
| ای سی ای | | طبیعات، ریاضی، کے ساتھ 2+10 کامیاب، بقیہ واحد کورس کے لیے 14 میں سے کوئی کورس منتخب کریں۔ |
| ای ای ای | | طبیعات، ریاضی، کے ساتھ 2+10 کامیاب، بقیہ واحد کورس کے لیے 14 میں سے کوئی کورس منتخب کریں۔ |
| سی ایس ای، آئی ٹی | | طبیعات، ریاضی، کے ساتھ 2+10 کامیاب، بقیہ واحد کورس کے لیے 14 میں سے کوئی کورس منتخب کریں۔ |
| | | یا<br>دسویں + (2 سالہ آئی ٹی آئی) اس ترتیب میں موزوں ٹریڈ کے ساتھ جو موزوں پروگرام کے ڈپلوما کورس کے دوسرے سال میں داخلے کے لیے اہل ہوں۔<br>(پروگرام کے مطلوبہ اکتسابی حاصلات کے حصول کے پیش نظر متنوع پس منظر سے آنے والے طلبا کے لیے ملحقہ ادارے کی جانب سے موزوں برج کورسز فراہم کیے جائیں گے، جیسے ریاضی، طبیعیات، انجینئرنگ ڈرائینگ وغیرہ) |
| ریاضی اور طبیعیات لازمی ہیں، باقی ماندہ ایک کورس کے لیے درج ذیل میں سے کوئی ایک منتخب کریں۔<br># طبیعات / ریاضی / کیمیا / کمپیوٹر سائنس / الیکٹرونکس / انفارمیشن ٹیکنالوجی / حیاتیات / انفارمیٹکس پریکٹیسز / بائیو ٹکنالوجی / ٹکنیکل ووکیشنل مضامین / ایگریکلچر / انجینئرنگ گرافکس / بزنس اسٹڈیز / انٹرپرینورشپ | | |

## 9.0 اسکول برائے قانون

مانولاء اسکول اس وقت پانچ سالہ بی اے، ایل ایل بی (آنرز)، تین سالہ ایل ایل بی، دو سالہ ایم اے (لیگل اسٹڈیز)، ایک سالہ ایل ایل ایم (چھ خصوصی شعبہ جات کے ساتھ) اور پی ایچ ڈی (قانون) پروگرامز پیش کر رہا ہے۔ یہ پروگرامز سماجی علوم اور قانون کے مضامین میں جامع معلومات اور تربیت فراہم کرنے کے لیے وضع کیے گئے ہیں تاکہ طلبہ انتظامی، منیجریل، تعلیمی ذمہ داریوں اور پیشہ ورانہ میدان میں وسیع تر فہم حاصل کر سکیں۔

اسکول 2022 سے ماسٹر ڈگری پروگرام (ایم اے) لیگل اسٹڈیز میں پیش کر رہا ہے، جو ایک باقاعدہ (فل ٹائم) دو سالہ (چار سمسٹرز) پروگرام ہے۔ اس پروگرام کے ذریعے طلبہ کو قانون میں مہارت حاصل کرنے، معاہدات کا جائزہ لینے، ثالثی، مصالحت، مفاہمت اور دیگر متبادل طریقہ ہائے حلِ تنازعات (ADR) کے بارے میں سیکھنے کا موقع ملتا ہے۔ نصاب اس طرح ترتیب دیا گیا ہے کہ طلبہ قانون کو سمجھنے اور اس کی تشریح کرنے کے قابل ہوں تاکہ وہ مقابلے کے امتحانات کا سامنا کر سکیں اور اپنی سافٹ اسکلز کو بہتر بنا سکیں۔ اگرچہ اس پروگرام کی تکمیل کے بعد طلبہ ADR کے شعبے میں کام کر سکتے ہیں، تاہم یہ پروگرام ان کی مسابقتی صلاحیتوں، این جی اوز، سول سوسائٹی تنظیموں، صحت کے شعبے، کارپوریٹ سیکٹر میں ملازمت کے امکانات، اور سی بی ایس ای و آئی جی سی ایس ای بورڈ اسکولوں میں قانونی مطالعات کی تدریس میں استعداد بڑھانے میں مددگار ثابت ہوگا۔

## 9.1 تعلیمی پروگرامز اور داخلہ نشستیں

| پروگرام | نشستیں | اہلیت—داخلہ میرٹ کی بنیاد پر |
|---|---|---|
| ایم اے (لیگل اسٹڈیز) | 30<br>**حیدرآباد** | i. 10ویں/12ویں یا گریجویشن میں اردو بطور مضمون/زبان یا بطور ذریعہ تعلیم یا مانو کی جانب سے منظور شدہ اس کے مماثل مدرسہ کورسز اردو ذریعہ تعلیم ساتھ۔<br>ii. کسی مسلمہ ادارے/یونیورسٹی سے بیچلر ڈگری یا اس کے مساوی* |
| ماسٹر آف لا ایل ایل ایم (ایک سال) | 30<br>**حیدرآباد**<br>30<br>**دربھنگہ** | i. 10ویں/12ویں یا گریجویشن میں اردو بطور مضمون/زبان یا بطور ذریعہ تعلیم یا مانو کی جانب سے منظور شدہ اس کے مماثل مدرسہ کورسز اردو ذریعہ تعلیم کے ساتھ۔<br>ii.<br>a) ایک سالہ ماسٹر آف لاء (LL.M) ڈگری پروگرام میں داخلہ کے خواہاں امیدواروں کو کسی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے 3 سالہ LLB ڈگری یا 5 سالہ انٹیگریٹڈ لاء کی ڈگری پاس کرنی چاہیے، کوالیفائنگ امتحان کے کل نمبروں میں سے کم از کم 50٪ کے ساتھ۔<br>b) ایک سالہ ماسٹر آف لاء (LL.M) پروگرام میں داخلہ MANUU انٹری ٹیسٹ میں میرٹ کی بنیاد پر ہوگا۔ |
| **بی اے، ایل ایل بی (آنرز)** | 60<br>**حیدرآباد** | i. 10ویں/12ویں یا میں اردو بطور مضمون/زبان یا بطور ذریعہ تعلیم یا مانو کی جانب سے منظور شدہ اس کے مماثل مدرسہ کورسز اردو ذریعہ تعلیم کے ساتھ۔<br>ii. زیادہ سے زیادہ عمر کی کوئی قید نہیں۔<br>iii. امیدواروں کو اپنے کوالیفائنگ امتحان (یعنی 10+2 یا اس کے مساوی امتحان) میں درج ذیل کم از کم فیصد نمبر حاصل کرنے چاہئیں<br>iv. وہ امیدوار جو مارچ/اپریل/مئی 2024 میں اپنے کوالیفائنگ امتحان میں شرکت کر رہے ہیں وہ بھی درخواست دینے کے اہل ہیں۔ تاہم، انہیں داخلے کے لیے کوالیفائنگ امتحان میں کامیابی کا ثبوت پیش کرنا ہوگا، جس میں ناکام ہونے کی صورت میں وہ داخلے کے حق سے محروم ہو جائیں گے۔<br>v. امیدوار کو داخلے کے وقت کوالیفائنگ امتحان (یعنی، 10+2) کا نتیجہ داخل کرنا ہوگا، ایسا نہ کرنے کی صورت میں امیدوار اس کورس میں داخلے کے لیے نااہل ہو جائے گا جس کے لیے اس نے درخواست دی ہو۔<br>vi. وہ درخواست دہندگان جنہوں نے فاصلاتی یا مراسلت کے طرز سے تعلیم حاصل کر کے +2 ہائر سکنڈری کا سرٹیفکیٹ حاصل کیا ہے انہیں بھی پانچ سالہ انٹیگریٹڈ بی اے، ایل ایل بی (آنرز) پروگرام میں داخلے کے لیے اہل سمجھا جائے گا۔<br>**وضاحت:** وہ درخواست دہندگان جنہوں نے اوپن یونیورسٹی نظام کے ذریعے اس کورس کے لیے کسی بنیادی اہلیت کے بغیر براہ راست 10+2 حاصل کیا ہو وہ قانون کے کورسز میں داخلے کے اہل نہیں ہیں۔ |

| پروگرام | نشستیں | اہلیت—داخلہ میرٹ کی بنیاد پر |
|---|---|---|
| ایل ایل بی | 60<br>حیدرآباد | i. 10 ویں / 12 ویں یا گریجویشن میں اردو بطور مضمون / زبان یا بطور ذریعہ تعلیم یا مانو کی جانب سے منظور شدہ اس کے مماثل مدرسہ کورسز اردو ذریعہ تعلیم کے ساتھ۔<br>ii. زیادہ سے زیادہ عمر کی کوئی قید نہیں۔<br>1. امیدواروں کو اپنے کوالیفائنگ امتحان (یعنی گریجویشن یا اس کے مساوی امتحان) میں درج ذیل کم از کم فیصد نمبر حاصل کرنے چاہئیں:<br>i. جنرل / او بی سی / پی ڈبلیو ڈی / این آر آئی / پی آئی او / او سی آئی زمروں سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کی صورت میں پینتالیس فیصد (45٪) نمبر یا اس کے مساوی گریڈ۔<br>ii. SC/ST زمروں سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کی صورت میں چالیس فیصد (40٪) نمبر یا اس کے مساوی گریڈ۔<br>1. وہ امیدوار جو مارچ / اپریل 2024 میں اپنے کوالیفائنگ امتحان میں شرکت کر رہے ہیں وہ بھی درخواست دینے کے اہل ہیں۔ تاہم، انہیں داخلے کے لیے کوالیفائنگ امتحان میں کامیابی کا ثبوت پیش کرنا ہوگا، جس میں ناکام ہونے کی صورت میں وہ داخلے کے حق سے محروم ہو جائیں گے۔<br>2. امیدوار کو داخلے کے وقت کوالیفائنگ امتحان (یعنی گریجویشن) کا نتیجہ داخل کرنا ہوگا، ایسا نہ کرنے کی صورت میں امیدوار اس کورس میں داخلے کے لیے نااہل ہو جائے گا جس کے لیے اس نے درخواست دی ہو۔<br>3. اگر ایک سے زیادہ امیدوار مساوی نمبر حاصل کرتے ہیں تو ٹائی بریکر درج ذیل طریقہ کار اور ترتیب کے مطابق ہوگا:<br>i. زیادہ عمر<br>ii. کمپیوٹر کے ذریعے قرعہ اندازی<br>وہ درخواست دہندگان جنہوں نے فاصلاتی یا مراسلت کے طرز سے تعلیم حاصل کر کے 10+2 ہائر سکنڈری یا پہلی ڈگری کا سرٹیفکیٹ حاصل کیا ہے انہیں بھی تین سالہ ایل ایل بی پروگرام میں داخلے کے لیے اہل سمجھا جائے گا۔<br>**وضاحت:** وہ درخواست دہندگان جنہوں نے اوپن یونیورسٹی نظام کے ذریعے متعلقہ کورس کے لیے کسی بنیادی اہلیت کے بغیر براہ راست 10+2 یا گریجویشن / پوسٹ گریجویشن کی ڈگری حاصل کی ہو وہ قانون کے کورسز میں داخلے کے اہل نہیں ہیں۔ |
| پی ایچ ڈی (قانون) | 10<br>حیدرآباد | i. 10 ویں / 12 ویں یا گریجویشن میں اردو بطور مضمون / زبان یا بطور ذریعہ تعلیم یا مانو کی جانب سے منظور شدہ اس کے مماثل مدرسہ کورسز اردو ذریعہ تعلیم کے ساتھ۔<br>ii. قانون میں پوسٹ گریجویٹ ڈگری یا کسی مسلمہ یونیورسٹی سے ریگولر تعلیم کے طرز میں 2 سالہ ایم اے (قانونی مطالعہ) کم از کم 55 فیصد نمبروں سے کامیاب۔<br>iii. اہلیت کے معیار کو پورا کرنے والے درج ذیل امیدوار جو پارٹ ٹائم پی ایچ ڈی پروگرام میں داخلے کے اہل ہیں:<br>▪ یونیورسٹی لا کالجز یا اس سے ملحقہ لا کالجز میں کام کرنے والے باقاعدہ اساتذہ جو کم از کم تین سال کا مسلسل تدریسی تجربہ رکھتے ہوں۔<br>▪ کم از کم 5 سال کے پیشہ ورانہ تجربے کے ساتھ وکالت کرنے والے۔<br>▪ کم از کم 5 سال کا تجربہ رکھنے والے عدالتی افسران۔ ریٹائرڈ جوڈیشل افسران بھی قانون میں پی ایچ ڈی پروگرام کرنے کے اہل ہیں۔<br>▪ کوئی بھی گزیٹیڈ آفیسر جس کے پاس کم از کم 8 سال کا انتظامی تجربہ ہو۔<br>کسی بھی مسلمہ لا فرم / ٹیکس کنسلٹنٹسی / پبلک یا پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنی / کمپنی سیکرٹریز / LLP میں کم از کم 10 سال کا انتظامی تجربہ رکھنے والا کوئی بھی ایگزیکٹو۔ |

| اسکول برائے قانون پی ایچ ڈی نشستوں کا روسٹر | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شعبہ | UR | OBC | EWS | SC | ST | کل |
| اسکول برائے قانون | 5 | 2 | 1 | 1 | 1 | 10 |

## 10.0 ایچ کے شیروانی مرکز برائے مطالعاتِ دکن

مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی نے 2012 میں معروف ہندوستانی مورخ، اسکالر اور مصنف ہارون خان شیروانی کے نام پر ایچ کے شیروانی مرکز برائے دکن اسٹڈیز قائم کیا۔ اُن کے دکن پر کیے گئے علمی کام کو آج بھی بے مثال سمجھا جاتا ہے۔ اس مرکز کے وژن، مشن، تحقیقی دائرۂ کار اور بین شعبہ جاتی توجہ کو اس تناظر میں ترتیب دیا گیا ہے کہ دکن ایک کم مطالعہ شدہ خطہ ہے۔ مرکز میں قدرتی علوم، سماجی علوم اور انسانیات جیسے مختلف شعبہ جات پر مشتمل تحقیقی سرگرمیاں انجام دی جاتی ہیں، جن میں آثار قدیمہ، تاریخ، جغرافیہ، ارضیات، فنون، ادب، ثقافتی مطالعہ جات اور علاقائی مطالعات شامل ہیں، تاکہ معیاری علمی نتائج حاصل کیے جاسکیں۔ مرکز نے بین الاقوامی سطح پر روابط قائم کیے ہیں اور یہ ایک مضبوط تحقیقی یونٹ کی صورت اختیار کر چکا ہے جو بالخصوص آندھرا پردیش، تلنگانہ، مہاراشٹرا، کرناٹک اور گوا کی ریاستوں سے متعلق تحقیقی کاموں کو سہولت فراہم کرتا ہے۔ یہ مرکز باقاعدگی سے دکن سے متعلق موضوعات پر سیمینارز، ورکشاپس اور سمپوزیم منعقد کرتا ہے۔ مرکز نے 23-2022 کے تعلیمی سال سے "پی ایچ ڈی دکن اسٹڈیز" کے عنوان سے حیدرآباد کیمپس میں پی ایچ ڈی پروگرام کا آغاز کیا ہے۔ داخلے کے لیے تخصصی شعبہ جات میں تاریخ، آثار قدیمہ، ثقافتی مطالعات، علاقائی / علاقہ جاتی مطالعات، دکنی زبان، ادب، ثقافت اور فن تعمیر شامل ہیں۔

### 10.1 تحقیقی پروگرام اور نشستیں

| پروگرام | مخلوعہ نشستیں | اہلیت |
|---|---|---|
| پی ایچ ڈی مطالعاتِ دکن | 04<br>حیدرآباد | i. دسویں / بارہویں / گریجویشن کی سطح پر اردو بحیثیت مضمون / زبان یا ذریعہ تعلیم کے طور پر پڑھی ہو یا اردو میڈیم کے ساتھ مماثل کوئی ایسا مدرسہ کورس کیا ہو جسے مانو نے تسلیم کیا ہو۔<br>ii. متعلقہ مضامین میں 55 فیصد نمبروں کے ساتھ ایم اے کامیاب ہو اور عمومی ہدایات میں درج اہلیتی معیارات کی تکمیل کرے۔ |

| مرکز برائے مطالعات دن پی ایچ ڈی نشستوں کا روسٹر | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | UR | OBC | EWS | SC | ST | کل |
| پی ایچ ڈی مطالعاتِ دکن | 2 | 1 | 0 | 1 | 0 | 4 |

## 11.0 مرکز مطالعات اردو ثقافت

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں "اردو زبان اور اس کے تاریخی شعور کی جمالیاتی اور ثقافتی اقدار کے فروغ اور تحفظ" کے پیش نظر 2007 میں مرکز مطالعات اردو ثقافت کا قیام عمل میں آیا۔ اس کا مشن اردو زبان کی تہذیبی و ثقافتی وراثت کو محفوظ رکھنا اور اسے تہذیبی و ثقافتی تحقیق کے مرکز کے طور پر فروغ دینا ہے۔ مرکز میں نایاب اور قیمتی کتابوں پر مشتمل ایک علیحدہ لائبریری ہے، جو ریسرچ اسکالرز اور اردو قارئین کے لیے انتہائی مفید ہے۔ مرکز ایک باوقار ششماہی جریدہ "ادب و ثقافت" ستمبر 2015 سے شائع کر رہا ہے۔ یہ ایک تحقیقی اور ریفریڈ جرنل ہے جو ادب کے ساتھ ساتھ ثقافتی مسائل پر خصوصی توجہ دیتا ہے۔ 'ادب و ثقافت' کو یو جی سی کیئر لسٹ جرنلز میں شامل ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ جریدے کا بنیادی مقصد اردو ادب میں تحقیق و تنقید کی حوصلہ افزائی اور ثقافتی عناصر کو سامنے لانا ہے۔ علاوہ ازیں اس کا مقصد مشترکہ تہذیب، رسم و رواج، روایات، اقدار اور ثقافت پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے قومی اتحاد اور سالمیت کو مضبوط کرنا ہے۔ مرکز، ہر سال متعدد ادبی، ثقافتی اور روایتی سرگرمیوں کا اہتمام کرتا ہے۔ مرکز اپنے وژن اور مشن کے پیش نظر حیدرآباد کیمپس میں تعلیمی سال (۲۴-۲۰۲۳) سے اردو کلچر اسٹڈیز میں پی ایچ ڈی پروگرام شروع کر چکا ہے۔ پی ایچ ڈی پروگرام کے دائرۂ تحقیق میں خصوصی طور پر اردو ثقافت، لسانی ثقافت، ثقافتی اصطلاحات، تہذیبی فرہنگ، محاورات، ضرب الامثال، اردو ادب میں ثقافتی عکاسی، مشترکہ تہذیب، کثیر الثقافتی، رنگ و نسل، تنوع، تکثیریت، بقائے باہمی، مادی ثقافت، ہندوستانی ثقافت، علاقائی ثقافت، ہند اسلامی ثقافت، لوک ثقافت، شہری ثقافت، قبائلی ثقافت، لوک فن، لوک ادب، لوک گیت، لوک کہانی، لوک تھیٹر، مقبول عام ثقافت، پرفارمنگ آرٹ، گیت، رقص، موسیقی، ڈرامہ، فنون لطیفہ، میڈیا کلچر، فلم کلچر، سماجی ثقافت، رسم و رواج، اعتقاد، توہم پرستی، تفریح و تفنن، روایات، رسم و رواج، آدابِ زندگی، فن اور جمالیات وغیرہ شامل ہیں۔

### 11.1 تحقیقی پروگرام اور نشستیں

| پروگرام | مخلوعہ نشستیں | اہلیت |
|---|---|---|
| پی ایچ مطالعاتِ اردو ثقافت | 02<br>حیدرآباد | i. ایم اے اردو یا متعلقہ مضامین جیسے عربی / فارسی / ہندوستانی ثقافت میں 55 فیصد سے کامیاب<br>ii. متعلقہ مضمون کے لیے گریجویشن کی سطح پر اردو بطور مضمون کامیاب کیا ہو<br>iii. عمومی ہدایات میں درج اہلیتی معیارات کی تکمیل کرے۔ |

| مرکز مطالعات اردو ثقافت پی ایچ ڈی نشستوں کا روسٹر | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شعبہ | UR | OBC | EWS | SC | ST | کل |
| پی ایچ مطالعات اردو ثقافت | 1 | 0 | 0 | 0 | 1 | 2 |

## 12.0 مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذہ اردو ذریعۂ تعلیم (CPDUMT)

مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی نے 2006 میں **اُردو میڈیم اساتذہ کی پیشہ ورانہ ترقی کے مرکز** (Centre for Professional Development of Urdu Medium Teachers) کا قیام عمل میں لایا۔ یہ مرکز یونیورسٹی گرانٹس کمیشن (UGC)، نئی دہلی کی جانب سے دیے گئے مینڈیٹ کے تحت اُردو میڈیم اسکولوں، کالجوں اور مدارس کے اساتذہ کے لیے دورانِ ملازمت تربیتی پروگرامس کا انعقاد کر رہا ہے۔

### 12.1 تحقیقی پروگرام

تعلیمی سال (2024-25) سے مرکز "مدرسہ تدریس زبان" کے عنوان کے تحت ایک کثیر الشعبہ پی ایچ ڈی پروگرام پیش کر رہا ہے۔

| پروگرام | مخلوعہ نشستیں | اہلیت |
|---|---|---|
| **مدرسہ میں تدریس زبان** | 04<br>**حیدرآباد** | i. دسویں / بارہویں / گریجویشن کی سطح پر اردو بحیثیت مضمون / زبان یا ذریعہ تعلیم کے طور پر پڑھی ہو یا اردو میڈیم کے ساتھ مماثل کوئی ایسا مدرسہ کورس کیا ہو جسے مانو نے تسلیم کیا ہو۔<br>ii. ہومانیٹیز میں 55 فیصد نمبروں کے ساتھ ایم اے کامیاب ہو اور عمومی ہدایات میں درج اہلیتی معیارات کی تکمیل کرے۔ |

| مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذہ اردو ذریعۂ تعلیم پی ایچ ڈی نشستوں کا روسٹر | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شعبہ | UR | OBC | EWS | SC | ST | کل |
| پی ایچ ڈی مدرسہ میں تدریس زبان | 3 | 1 | 0 | 0 | 0 | 4 |

## 13.0 سٹلائٹ کیمپس

### 13.1 سٹلائٹ کیمپس لکھنؤ (اتر پردیش)

یونیورسٹی نے 2009 میں لکھنؤ میں ایک سٹلائٹ کیمپس قائم کیا تاکہ وہاں زبانوں کے اعلیٰ تعلیمی پروگرام فراہم کیے جائیں۔ اس کیمپس میں متعلقہ شعبوں کے ذریعے چار زبانوں یعنی اردو، انگریزی، فارسی اور عربی کے پوسٹ گریجویٹ اور تحقیقی پروگرام فراہم ہیں۔ تعلیمی سال 2018 سے بیچلر آف آرٹس کا پروگرام بھی شروع کیا گیا۔ کیمپس تدریس و تحقیق کی سہولتوں سے اچھی طرح لیس ہے۔ تعلیم و تدریس کے علاوہ کیمپس میں زائد نصابی سرگرمیاں، توسیعی خطبات، سمینار اور دیگر مہارتوں کی تربیت وغیرہ بھی بھرپور انداز سے انجام پاتی ہیں۔

### 13.2 مانو آرٹس و سائنس کالج برائے نسواں، بڈگام، سری نگر (جموں و کشمیر)

مانو آرٹس و سائنس کالج برائے نسواں 2015 میں قائم ہوا۔ یہ کالج خواتین کو بااختیار بنانے کے بنیادی مقصد کی تکمیل کے لیے قائم کیا گیا۔ اس وقت کالج میں ایم اے اسلامک اسٹڈیز، معاشیات، انگریزی، اردو اور پی ایچ ڈی اسلامک اسٹڈیز کے پروگرام دستیاب ہیں۔ تمام پروگرام سی بی سی ایس طرز میں فراہم کیے جاتے ہیں۔ * مانو-آرٹس و سائنس کالج، برائے خواتین بڈگام، سری نگر (جموں و کشمیر) میں فراہم کی جانے والے تمام کورسز کی تمام نشستیں پہلے خواتین طالبات کو فراہم کی جائیں گی اور خالی رہنے کی صورت میں باقی نشستیں مرد طلبہ کو فراہم کی جائیں گی۔

## 13.3 مانو کیمپس وارانسی، اتر پردیش

مانو، وارانسی کیمپس کا قیام 2024 میں اعلیٰ تعلیمی پروگراموں کی پیشکش کے لیے عمل میں آیا۔ تعلیمی سال 25-2024 سے یہاں چار سالہ انڈر گریجویٹ پروگرام (بی اے آنرز / ریسرچ پروگرام) کا آغاز کیا گیا ہے۔ کیمپس ایک متحرک تعلیمی ماحول فراہم کرتا ہے۔ تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ یہاں ہمہ جہت طلبہ کی نشوونما کے لیے ہم نصابی سرگرمیوں، توسیعی لیکچرز اور سافٹ اسکلز کی تربیت جیسے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں تاکہ طلبہ کو اپنے شعبہ جات میں مکمل ترقی حاصل ہو۔

آئی ٹی ای پی پروگرام-بی اے، بی ایڈ کو 26-2025 سے متعارف کرانے کی تجویز ہے، جو این سی ٹی ای کی منظوری سے مشروط ہے۔

## 14.0 چار سالہ گریجویشن پروگرام (4YUG)

### 14-1 انڈر گریجویٹ پروگرامس- بیچلر آف آرٹس-بی۔اے (آنرس۔ / ریسرچ)

| ڈگری | نشستیں | | اہلیت |
|---|---|---|---|
| بی-اے (آنرز/ریسرچ) | 120 | حیدرآباد | i. 10 ویں /2+10 یا مماثل مدرسہ کورس اردو ذریعۂ تعلیم سے یا اردو ایک مضمون کی حیثیت سے پڑھی ہو۔<br>کسی مسلمہ بورڈ / ادارے / مدرسے (پراسپکٹس میں شامل فہرست ملاحظہ کرلیں) سے بحیثیت مجموعی 40 فیصد نمبروں کے ساتھ 2+10 یا مماثل سند کامیاب کی ہو۔ |
| | 30 | لکھنو | |
| | 30 | بھوپال | |
| | 30 | دربھنگہ | |
| | 30 | فلک نما (ایوننگ) | |
| | 30 | وارانسی | |
| | 30 | نوح | |

مقامی طلباء کو داخلے میں ترجیح دی جائے گی۔

| بی۔اے۔(آنرس۔ / ریسرچ)- 4YUG DUAL MAJOR COMBINATIONS | | | |
|---|---|---|---|
| | کیمپس کا نام | Dual major combinations | |
| 1 | حیدرآباد (120 نشستیں) | 1. عربی، انگریزی<br>2. عربی، تاریخ<br>3۔ عربی، لسانیات<br>4۔ معاشیات، انگریزی<br>5۔ اقتصادیات، پبلک ایڈمنسٹریشن<br>6۔ معاشیات، سماجیات<br>7۔ انگریزی، لسانیات<br>8۔ انگریزی، سیاسیات<br>9۔ انگریزی، پبلک ایڈمنسٹریشن<br>10۔ انگریزی، سوشیالوجی<br>11 انگریزی، مطالعات ترجمہ<br>12 ہندی، سیاسیات<br>13. ہندی، اردو<br>14. تاریخ، انگریزی | 15. تاریخ، فارسی<br>16. تاریخ، اسلامک اسٹڈیز<br>17. تاریخ، اردو<br>18۔ تاریخ، سیاسیات<br>19۔ تاریخ، شوشیالوجی<br>20. اسلامیات، اردو<br>21۔ اسلامیات۔ سیاسیات<br>22۔ اسلامیات، شوشیالوجی<br>23۔ فارسی، ترجمہ<br>24۔ فارسی، اردو<br>25. سیاسیات، مطالعات ترجمہ<br>26. سماجیات، تعلیم نسواں<br>27. اردو، تعلیم نسواں |

| بی۔اے۔(آنرس۔/ریسرچ)- 4YUG DUAL MAJOR COMBINATIONS | | | |
|---|---|---|---|
| | کیمپس کا نام | Dual major combinations | |
| 2 | لکھنو (30نشستیں) | 1. عربی، انگریزی<br>2. عربی، تاریخ<br>3. انگریزی، سیاسیات<br>4. تاریخ، سیاسیات<br>5. تاریخ، انگریزی<br>6۔ تاریخ، سیاسیات | 7۔ تاریخ اردو<br>8. اسلامیات، تاریخ<br>9. اسلامیات، اردو<br>10۔ فارسی، تاریخ<br>11۔ فارسی اردو<br>12۔ ہندی، سیاسیات |

| بی۔اے۔(آنرس۔/ریسرچ)-B.A. (Hons./ Research) – 4 YUG DUAL MAJOR COMBINATIONS | | | |
|---|---|---|---|
| | کیمپس کا نام | Dual Major Combinations | |
| 3 | بھوپال(30نشستیں) | 1۔ انگریزی۔ تاریخ<br>2۔ انگریزی۔ اردو | 3۔ سیاسیات، تاریخ، اردو<br>4۔ تاریخ |
| 4 | دربھنگہ(30نشستیں) | 1۔ تاریخ-سیاسیات<br>2۔ سیاسیات-معاشیات | 3-اردو-تاریخ |
| 5 | فلک نما(30نشستیں) | 1۔ انگریزی، معاشیات<br>2۔ انگریزی، سیاسیات | 3۔ اردو-تاریخ<br>4-اردو-سیاسیات |
| 6 | وارانسی(30نشستیں) | 1۔ انگریزی-تاریخ<br>2۔ انگریزی-شوشیالوجی<br>3۔ اردو-تاریخ | 4۔ اردو-شوشیالوجی<br>5۔ ہندی-تاریخ<br>6-ہندی-شوشیالوجی |
| 7 | نوح(30نشستیں) | 1۔ انگریزی۔ سیاسیات-ہندی<br>2۔ سیاسیات | 3۔ اردو-سیاسیات |

نوٹ نمبر1: چار سالہ انڈر گریجویٹ (UG) پروگرامز میں داخلہ CUET میں میرٹ کی بنیاد پر دیا جائے گا۔

نوٹ نمبر2: کسی بھی کورس کمبی نیشن کو تبھی پیش کیا جائے گا جب کم از کم پانچ(05)طلبہ اسے منتخب کریں۔

ہر کمبی نیشن کے لیے زیادہ سے زیادہ پندرہ(15)طلبہ کو الاٹ کیا جائے گا۔

کمبی نیشن کی الاٹمنٹ CUET میرٹ کی بنیاد پر کی جائے گی۔

## 14.2 انڈر گریجویٹ پروگرام - بیچلر آف کامرس بی کام (آنرس/ریسرچ)

| پروگرام | نشستیں | اہلیت |
|---|---|---|
| بیچلر آف کامرس-بی۔کام۔(آنرز/ریسرچ)<br>Dual Major<br>کامرس اور مینجمنٹ کے ساتھ | 60<br>حیدرآباد | i. دسویں/بارہویں جماعت میں اردو بطور مضمون/زبان یا ذریعہ تعلیم ہو<br>یا<br>ایسا مساوی مدرسہ کورس جس میں اردو ذریعہ تعلیم ہو اور جسے مانو نے منظور کیا ہو۔<br>ii. کسی تسلیم شدہ بورڈ/ادارے/مدرسہ (یونیورسٹی کی ویب سائٹ یا پراسپکٹس میں دی گئی فہرست کا حوالہ دیں) سے 10+2 یا مساوی امتحان مجموعی طور پر 40٪ نمبروں کے ساتھ پاس کیا ہو۔ |

## 14.3 انڈر گریجویٹ پروگرام - بیچلر آف جرنلزم وماس کمیونی کیشن (آنرس/ریسرچ)

| پروگرام | نشستیں | اہلیت |
|---|---|---|
| بیچلر آف آرٹس ان جرنلزم اینڈ ماس کمیونیکیشن (B.A. JMC) آنرز/ریسرچ)) دوہری اہم مضامین کی ترکیبیں (Dual Major Combinations):<br>1. ماس کمیونیکیشن اور سیاسیات<br>2. ماس کمیونیکیشن اور معاشیات<br>3. ماس کمیونیکیشن اور اردو<br>4. ماس کمیونیکیشن اور انگریزی<br>5. ماس کمیونیکیشن اور ہندی | 50<br>حیدرآباد | i. امیدوار نے دسویں/بارہویں جماعت میں اردو کو ایک مضمون/زبان کے طور پر پڑھا ہو، یا اس کا ذریعہ تعلیم اردو ہو یا کوئی مساوی مدرسہ کورس کیا ہو جسے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی (MANUU) نے منظور کیا ہو۔<br>ii. کسی تسلیم شدہ بورڈ/ادارے/مدرسے (یونیورسٹی کی ویب سائٹ/پراسپکٹس میں درج فہرست کے مطابق) سے 10+2 یا اس کے مساوی امتحان کامیاب کیا ہو، اور مجموعی طور پر کم از کم 40٪ نمبر حاصل کیے ہوں۔ |

نوٹ نمبر 1: چار سالہ انڈر گریجویٹ (UG) پروگرامز میں داخلہ CUET میں میرٹ کی بنیاد پر دیا جائے گا۔
نوٹ نمبر 2: کسی بھی کورس کمبی نیشن کو تبھی پیش کیا جائے گا جب کم از کم پانچ (05) طلبہ اسے منتخب کریں۔
ہر کمبی نیشن کے لیے زیادہ سے زیادہ پندرہ (15) طلبہ کو الاٹ کیا جائے گا۔
کمبی نیشن کی الاٹمنٹ CUET میرٹ کی بنیاد پر کی جائے گی۔

## 14.4 انڈر گریجویٹ پروگرام - بی ایس سی (آنرس/ریسرچ) اور بی ووک

## 14.5 انڈر گریجویٹ پروگرام - بیچلر آف سائنس (آنرس/ریسرچ)

| پروگرام | نشستیں | اہلیت |
|---|---|---|
| بیچلر آف سائنس-فزیکل سائنسز<br>بی ایس سی آنرز/ریسرچ<br>DUAL MAJOR COMBINATIONS<br>1. ریاضی، طبیعیات<br>2. ریاضی، کیمیاء<br>3. ریاضی، کمپیوٹر سائنس<br>4. طبیعیات، کیمیا<br>5. طبیعیات، کمپیوٹر سائنس | 100<br>حیدرآباد | i. اُردو ایک مضمون/زبان کے طور پر یا ذریعہ تعلیم کے طور پر 10ویں/12ویں جماعت میں یا ایسے مساوی مدرسہ کورسز جن میں ذریعہ تعلیم اُردو ہو اور جو مانو (MANUU) سے منظور شدہ ہوں۔ (تفصیلات کے لیے پروسپیکٹس میں دی گئی فہرست ملاحظہ کریں)<br>ii. کسی تسلیم شدہ بورڈ/ادارے سے 10+2 یا مساوی امتحان کم از کم 40٪ مجموعی نمبروں کے ساتھ کامیاب کیا ہو۔ امیدوار نے 10+2 میں ریاضی، طبیعیات اور کیمیا کا مطالعہ کیا ہو۔ |
| بیچلر آف سائنس-لائف سائنسز<br>B.Sc.) آنرز/ریسرچ)<br>DUAL MAJOR COMBINATIONS<br>1۔ نباتیات، حیوانیات<br>2۔ نباتیات، کیمیا<br>3۔ کیمیا، حیوانیات | 60<br>حیدرآباد | i. اُردو بطور مضمون/زبان یا ذریعہ تعلیم کے طور پر 10ویں/12ویں جماعت میں یا اس کے مساوی مدرسہ کورسز جن میں اُردو ذریعہ تعلیم ہو اور جو MANUU سے منظور شدہ ہوں۔ (تفصیلات کے لیے پراسپیکٹس میں شامل فہرست ملاحظہ کریں)<br>ii. کسی بھی تسلیم شدہ بورڈ/ادارے سے 10+2 یا مساوی امتحان کم از کم 40٪ مجموعی نمبروں کے ساتھ کامیاب کیا ہو۔ امیدوار نے 10+2 سطح پر حیاتیات (نباتیات اور حیوانیات) اور کیمیا کا مطالعہ کیا ہو۔ |

نوٹ 1: چار سالہ انڈر گریجویٹ پروگرامز میں داخلہ CUET میں حاصل کردہ میرٹ کی بنیاد پر ہوگا۔
نوٹ 2: کورس کمبی نیشنز صرف اُسی صورت میں پیش کیے جائیں گے جب کم از کم پانچ (05) طلبہ اس کے لیے درخواست دیں۔ ہر کمبی نیشن میں زیادہ سے زیادہ دس (10) طلبہ کو داخلہ دیا جائے گا۔ کمبی نیشن کی الاٹمنٹ CUET کی میرٹ کی بنیاد پر ہوگی۔

## 14.6 بیچلر آف ووکیشن کورسز(B.Voc)

| پروگرام | نشستیں | اہلیت |
|---|---|---|
| میڈیکل امیجن ٹکنالوجی (ایم آئی ٹی) | 40 **حیدرآباد** | i. دسویں یا بارہویں سطح پر اردو بطور مضمون یا بحیثیت ذریعۂ تعلیم کامیاب کیا ہو یا مانو سے تسلیم شدہ مدرسہ سے اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس مکمل کیا ہو۔<br>(فہرست کے لیے یونیورسٹی ویب سائٹ / پراسپکٹس دیکھیں)۔<br>ii. کسی مسلمہ بورڈ یا ادارے سے 10+2 یا اس کے مساوی سند کامیاب کی ہو۔ اور طالب علم نے 10+2 میں ریاضی، طبیعیات اور کیمیا 40 فیصد نمبروں سے کامیاب کیے ہوں یا میڈیکل امیجنگ ٹیکنالوجی میں ووکیشن انٹر میڈیٹ کیا ہو۔ یا این ایس کیو ایف کی گائڈ لائنس کے مطابق میڈیکل امیجنگ ٹکنالوجی کے مساوی ایڈوانسڈ ڈپلوما کیا ہو۔ |
| میڈیکل لیبارٹری ٹکنالوجی (ایم آیل ٹی) | 40 **حیدرآباد** | i. دسویں یا بارہویں سطح پر اردو بطور مضمون یا بحیثیت ذریعۂ تعلیم کامیاب کیا ہو یا مانو سے تسلیم شدہ مدرسہ سے اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس مکمل کیا ہو۔<br>(فہرست کے لیے یونیورسٹی ویب سائٹ / پراسپکٹس دیکھیں)۔<br>ii. کسی مسلمہ بورڈ یا ادارے سے 10+2 یا اس کے مساوی سند کامیاب کی ہو۔ اور طالب علم نے 10+2 میں ریاضی، طبیعیات اور کیمیا 40 فیصد نمبروں سے کامیاب کیے ہوں یا میڈیکل امیجنگ ٹیکنالوجی میں ووکیشن انٹر میڈیٹ کیا ہو۔ یا این ایس کیو ایف کی گائڈ لائنس کے مطابق میڈیکل امیجنگ ٹکنالوجی کے مساوی ایڈوانسڈ ڈپلوما کیا ہو۔ |
| ایمرجنسی اور ٹروما کیئر ٹکنالوجی (ایم آیل ٹی) | 40 **حیدرآباد** | i. دسویں یا بارہویں سطح پر اردو بطور مضمون یا بحیثیت ذریعۂ تعلیم کامیاب کیا ہو یا مانو سے تسلیم شدہ مدرسہ سے اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس مکمل کیا ہو۔<br>(فہرست کے لیے یونیورسٹی ویب سائٹ / پراسپکٹس دیکھیں)۔<br>ii. کسی مسلمہ بورڈ یا ادارے سے 10+2 یا اس کے مساوی سند کامیاب کی ہو۔ اور طالب علم نے 10+2 میں، طبیعیات، کیمیا اور حیاتیات 40 فیصد نمبروں سے کامیاب کیے ہوں یا میڈیکل ایمرجنسی میڈیکل ٹکنسین یا کے مساوی ایڈوانسڈ ڈپلوما کیا ہو۔ |

وٹ: چار سالہ انڈر گریجویٹ پروگرامز میں داخلہ CUET میں میرٹ کی بنیاد پر ہو گا۔

نوٹ 1: چار سالہ انڈر گریجویٹ پروگرامز میں داخلہ CUET میں حاصل کردہ میرٹ کی بنیاد پر ہو گا۔

نوٹ 2: کورس کمپینیشنز صرف اسی صورت میں پیش کیے جائیں گے جب کم از کم پانچ (05) طلبہ اس کا انتخاب کریں۔ ہر کمپینیشن میں زیادہ سے زیادہ بیس (20) طلبہ کو داخلہ دیا جائے گا۔ کمپینیشن کی الاٹمنٹ CUET میرٹ کی بنیاد پر کی جائے گی۔۔

**B.Voc کورسز کی نمایاں خصوصیات:** یہ کورسز NSQF ماڈل نصاب پر مبنی ہیں، جو AICTE سے منظور شدہ ہے اور اس میں قومی و بین الاقوامی سطح پر برابری کے اہداف (Outcomes) شامل ہیں۔

- ان کورسز کی تدریس مختلف شعبہ جات کے پیشہ ور اور تجربہ کار اساتذہ کے ذریعے کی جاتی ہے۔
- طلبہ کو حیدرآباد کے مشہور کارپوریٹ ہسپتالوں میں تربیت دی جائے گی۔
- کورس کامیابی سے مکمل کرنے کے بعد طلبہ کو کارپوریٹ / سرکاری ہسپتالوں، نرسنگ ہومز، اور اولڈ ایج ہومز وغیرہ میں 100٪ روزگار کے امکانات دستیاب ہوں گے۔
- بیرونی شہروں سے آنے والے طلبہ کو دستیابی کی صورت میں ہاسٹل کی سہولت فراہم کی جائے گی۔
-

## 15.0 انٹیگریٹیڈ ٹیچر ایجوکیشن پروگرام(ITEP)

چار سالہ مربوط بی ایڈ ایک دوہری میجر ہمہ گیر بیچلر ڈگری ہے، تعلیم کے ساتھ ساتھ ایک تخصصی مضمون (جیسے زبان، تاریخ، موسیقی، ریاضی، کمپیوٹر سائنس، کیمیا، معاشیات، فن، جسمانی تعلیم، وغیرہ) میں بھی۔ جدید تدریسی طریقوں کی تعلیم کے علاوہ، اساتذہ کی تربیت میں سماجیات، تاریخ، سائنس، نفسیات، ابتدائی بچپن کی نگہداشت اور تعلیم، ابتدائی خواندگی اور حسابی مہارت، ہندوستان کا علم اور اس کی اقدار / طرزِ فکر / فن / روایات، اور مزید شامل ہوں گے۔[NEP 2020: 15.5]

ITEP ایک دوہری میجر پروگرام ہے–پہلا میجر تعلیم میں ہے اسکول کی مخصوص سطح کی تخصص کے ساتھ اور دوسرا میجر منتخب کردہ مضمون میں۔ITEP کے ڈیزائن اور نفاذ کا طریقہ کار یہ ہیں:

- کثیر شعبہ جاتی ماحول میں تعلیم
- اسکول سسٹم کی جماعت 12 کے بعد 4 سالہ دورانیہ
- قومی مشترکہ داخلہ امتحان (NCET) کے ذریعے داخلہ، جو NTA کے ذریعہ منعقد ہوتا ہے
- 2030 تک استاد بننے کے لیے کم از کم ڈگری کی اہلیت
- نئے 5+3+3+4 ڈیزائن کے لیے موافق
- یو جی سی کے مطابق کریڈٹ سسٹم کا تعارف
- مربوط دوہری میجر ڈگری– تعلیمی اور پیشہ ورانہ علم
- 21 ویں صدی کی مہارتوں پر توجہ
- مرحلہ وار تخصص (5+3+3+4): ہر طالب علم درج ذیل اسکول مراحل میں سے کسی ایک میں تخصص کرے گا جو اسے اس مرحلے کا استاد بننے کے قابل بنائے گا:

i. ابتدائی مرحلہ تخصص (پری اسکول سے جماعت 2 تک تدریس کے لیے)
ii. تیاری مرحلہ تخصص (جماعت 3 سے جماعت 5 تک تدریس کے لیے)
iii. درمیانی مرحلہ تخصص (جماعت 6 سے جماعت 8 تک تدریس کے لیے)
iv. ثانوی مرحلہ تخصص (جماعت 9 سے جماعت 12 تک تدریس کے لیے)

تعلیم و تربیت کا شعبہ، MANUU حیدرآباد کیمپس ان اداروں میں سے ایک ہے جسے NCTE نے ITEP پروگرام (ثانوی) کو ہیومینیٹیز، کامرس اور سائنسز کے تحت چلانے کی اجازت دی ہے یعنی، چار سالہ مربوط بی اے بی ایڈ، چار سالہ مربوط بی کام بی ایڈ، اور چار سالہ مربوط بی ایس سی بی ایڈ۔

**ITEP پروگرامز جو اسکول آف ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ، MANUU کی جانب سے پیش کیے جا رہے ہیں:**

| # | پروگرام | نشستیں | اہلیت |
|---|---|---|---|
| 1 | آئی ٹی ای پی (سائنس) بی ایس سی، بی ایڈ | شعبۂ تعلیم و تربیت، حیدرآباد نشستیں 50 (ثانوی) | i. دسویں / بارھویں / گریجویشن سطح پر اردو بطور مضمون / زبان یا ذریعہ تعلیم، یا اردو ذریعہ تعلیم والے مساوی مدرسہ کورسز، جو MANUU سے منظور شدہ ہوں۔<br>ii. وہ امیدوار جنہوں نے کسی تسلیم شدہ بورڈ سے سینئر سیکنڈری یا پلس ٹو امتحان یا اس کے مساوی (5+3+3+4 پیٹرن کے تحت) کم از کم پچاس فیصد نشانات کے ساتھ کامیابی حاصل کی ہو، داخلے کے اہل ہوں گے۔<br>iii. امیدواروں نے سینئر سیکنڈری یا پلس ٹو امتحان یا اس کے مساوی میں کم از کم دو اختصاصی مضامین (ریاضی، طبیعیات، کیمیا، حیاتیات / (نباتیات، حیوانیات)) کا مطالعہ کیا ہو۔<br>iv. حکومت ہند کے قواعد کے مطابق چھوٹ دی جائے گی۔<br>v. وہ امیدوار جنہوں نے ریاستی مدرسہ ایجوکیشن بورڈ سے تعلیم حاصل کی ہے، وہ بھی اہل ہیں۔ |
| 2 | 50 آئی ٹی ای پی (کامرس) بی کام بی ایڈ | شعبۂ تعلیم و تربیت، حیدرآباد 50 نشستیں (ثانو) | i. 10 ویں یا 12 ویں یا گریجویشن میں اردو بطور مضمون یا بحیثیت ذریعۂ تعلیم پڑھی ہو یا مانو سے تسلیم شدہ مدرسہ سے اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس مکمل کیا ہو<br>ii. کسی تسلیم شدہ بورڈ سے سینئر سیکنڈری یا پلس ٹو امتحان یا اس کے مساوی (5+3+3+4 پیٹرن کے تحت) میں کم از کم پچاس فیصد نمبروں کے حامل امیدوار داخلے کے اہل ہیں۔<br>iii امیدواروں کو سینئر سیکنڈری یا 2+ امتحان یا اس کے مساوی میں کم از کم 2 ڈسپلن کے مخصوص مضامین (ریاضی / طبیعات / کیمیا / حیاتیات) پڑھے ہوں۔<br>iv۔ حکومت ہند کے اصول کے مطابق رعایت دی جائے گی۔<br>v. ریاستی مدرسہ تعلیمی بورڈ سے تعلیم حاصل کرنے والے امیدوار بھی اہل ہیں۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 3 | 50<br>آئی ٹی ای پی<br>(کامرس)<br>بی کام بی ایڈ | اردو شعبہ تعلیم و تربیت، حیدرآباد<br>نشستیں ۵۰<br>(ثانوی)<br>* سی ٹی ای، بھوپال<br>نشستیں ۵۰<br>(ابتدائی)<br>* سی ٹی ای، دربھنگہ<br>نشستیں ۵۰<br>(ابتدائی)<br>* سی ٹی ای، سرینگر<br>نشستیں ۵۰<br>(اوسط)<br>* مانو، وارانسی<br>نشستیں ۵۰<br>(اوسط) | i.10 ویں یا 12 ویں یا گریجویشن میں اردو بطور مضمون یا بحیثیت ذریعۂ تعلیم پڑھی ہو یا مانو سے تسلیم شدہ مدرسہ سے اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس مکمل کیا ہو<br>ii. کسی تسلیم شدہ بورڈ سے سینئر سیکنڈری یا پلس ٹو امتحان یا اس کے مساوی (5+3+3+4 پیٹرن کے تحت) میں کم از کم پچاس فیصد نمبروں کے حامل امیدوار داخلے کے اہل ہیں۔<br>iii امیدواروں کو سینئر سیکنڈری یا 2+ امتحان یا اس کے مساوی میں کم از کم 2 ڈسپلن کے مخصوص مضامین (اکاؤنٹنسی، بزنس اسٹڈیز، بزنس اکنامکس، کامرس، انٹرپرینیورشپ،) پڑھے ہوں۔<br>iv۔ حکومت ہند کے اصول کے مطابق رعایت دی جائے گی۔<br>v. ریاستی مدرسہ تعلیمی بورڈ سے تعلیم حاصل کرنے والے امیدوار بھی اہل ہیں۔ |

این سی ٹی ای سے منظوری / توثیق سے مشروط۔

نوٹ: چار سالہ آئی ٹی ای پی میں داخلہ این سی ای ٹی میں میرٹ کی بنیاد پر ہوگا۔

نوٹ: امیدواروں نے سینئر سیکنڈری / انٹرمیڈیٹ / پلس ٹو / یا مساوی سطح پر کم از کم دو مخصوص مضامین کا مطالعہ کیا ہو۔

## 16.0 عمومی ہدایات برائے داخلہ

1. **ذریعہ تعلیم:** تمام پروگراموں کا ذریعہ تعلیم اردو ہوگا سوائے ان شعبوں کے پروگراموں کے جہاں زبانیں پڑھائی جاتی ہیں۔

2. **داخلے کا طریقہ**

(i) رجسٹریشن

یونیورسٹی کے کسی بھی پروگرام میں داخلہ کے لیے امیدوار کو رجسٹریشن کرنا لازمی ہے۔ تمام پروگراموں میں داخلہ کے دو طریقہ کار ہیں: یا تو کوالیفائنگ امتحان میں حاصل کردہ فیصد کی بنیاد پر (میرٹ کی بنیاد پر) یا داخلہ ٹیسٹ (ET بیسڈ) میں رینک کی بنا پر۔

**(ii) آن لائن درخواست فارم برائے رجسٹریشن:**

a) **داخلہ امتحان کی بنیاد پر ہونے والے داخلے:** ڈی ایل ایڈ، ڈپلوما (پالی ٹکنک پالی ٹکنک میں راست دوسرے سال داخلے) پروگرام، بی ایڈ، ایم ایڈ، ایم بی اے، بی ٹیک، بی ٹیک راست داخلے (سی ایس)، ایم ٹیک (سی ایس)، ایم سی اے، پروگراموں کے علاوہ پی ایچ ڈی کے تمام پروگراموں میں داخلہ امتحان کی بنیاد پر داخلے دیے جاتے ہیں۔ یونیورسٹی ویب سائٹ www.manuu.edu.in پر 25-2024 میں داخلہ کے لیے درخواست فارم کا لنک دستیاب رہے گا۔ فارم بھرنے سے پہلے درخواست فارم پر موجود ہدایات غور سے پڑھیں۔ صحیح پروگرام کا انتخاب کریں۔ کالج / مراکز / شعبہ، امتحانی مرکز (جو بھی اور جہاں بھی قابل اطلاق ہو) وغیرہ کا صحیح اندراج کریں۔ درخواست فارم پر کرنے کے بعد کمپیوٹر درخواست نمبر (یوزر نام) اور پاس ورڈ تشکیل دے گا جو مستقبل میں حوالے کے طور پر کام آئے گا۔ اسی لیے ای میل اور ایس ایم ایس کے ذریعے بھیجے گئے آپ کے صارف نام اور پاس ورڈ کو یاد رکھیں اور محفوظ کرلیں۔ کمپیوٹر میں دی جانے والی ہدایات کی پابندی کریں۔

b) **ہال ٹکٹ:** داخلہ امتحان پر مبنی پروگراموں کے لیے ہال ٹکٹ یونیورسٹی کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کیے جاسکتے ہیں۔ امیدواروں کو ان کی درخواست کی وصولیابی اور ہال ٹکٹوں کی دستیابی کی تاریخ کے بارے میں ایس ایم ایس اور ای میل کے ذریعے مطلع کیا جائے گا۔ درخواست دہندگان یونیورسٹی ویب سائٹ پر لاگ ان آئی ڈی اور پاس ورڈ کی مدد سے اپنی درخواست کے موجودہ موقف کے متعلق معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔ ڈاک کے ذریعے کوئی ہال ٹکٹ ارسال نہیں کیا جائے

گا۔ یہ امیدوار کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ ہال ٹکٹ ڈاؤن لوڈ کرلے۔ یونیورسٹی سے ہدایات کی وصولیابی کے لیے مستند موبائل فون نمبر اور ای میل درج کریں۔ صرف ان ہی امیدواروں کو ہال ٹکٹ جاری کیے جائیں گے جن کی درخواستیں متعینہ فیس اور دیگر ضروری تفصیلات کے ساتھ وصول ہوئی ہوں۔ امیدوار وں کو چاہیے کہ تصدیق اور تلبیس شخصی کے امکانات کو ختم کرنے کے لیے ان ہال ٹکٹوں کے ساتھ اپنا ایک مستند تصویری شناختی کارڈ بھی رکھیں۔ ہال ٹکٹ اور مستند تصویری شناختی ثبوت کے بغیر کسی بھی امیدوار کو داخلہ امتحان لکھنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

براہ کرم اس بات کو ذہن میں رکھیں کہ ہال ٹکٹ تمام درخواست گزار طلبا کو جاری کر دیے جائیں گے قطع نظر اس سے کہ وہ اس پروگرام میں داخلے کے اہلیتی معیار کی تکمیل کر رہے ہوں یا نہیں۔ اور اس اہلیت کی قطعی تصدیق سرٹیفکیٹ ویریفکیشن اور، اگر داخلہ ملتا ہے تو، داخلے کے وقت کی جائے گی۔ اسی لیے امیدواروں کو یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ پراسپکٹس کا بغور مطالعہ کرلیں اور درخواست فارم داخل کرنے سے قبل اپنی اہلیت جانچ لیں۔

اس تنبیہ کے باوجود اگر طلبا کم سے کم اہلیتی معیار کی تکمیل کیے بغیر درخواست داخل کرتے ہیں اور داخلہ امتحان دیتے ہیں تو اس کی ذمہ داری خود ان پر ہوگی۔ کسی بھی مرحلے پر یہ پتہ چلے کہ کوئی امیدوار کم سے کم اہلیتی معیار کی تکمیل نہیں کر رہا ہے تو داخلے کے لیے اس کی درخواست پر غور نہیں کیا جائے گا، اگر داخلہ دیا جا چکا ہے تو وہ منسوخ کر دیا جائے گا اور اگر فیس ادا کر دی گئی ہے تو وہ ضبط کرلی جائے گی۔ یونیورسٹی اس طرح کے امیدواروں کے خلاف مناسب قانونی کارروائی کر سکتی ہے۔

c) **میرٹ کی بنیاد پر داخلے:** درخواست فارم پر کرنے کا طریقہ وہی ہے جو داخلہ امتحان پر مبنی پروگراموں کا ہے۔

d) **درخواست فیس کی ادائیگی کا طریقہ:** ڈیبٹ کارڈس / کریڈٹ کارڈس / انٹرنیٹ بینکنگ کا استعمال کرکے صرف آن لائن ادائیگی۔ آن لائن درخواست فارم میں درج ہدایات کی پابندی کریں۔ ادائیگی کی کوئی دوسری صورت قبول نہیں کی جائے گی۔

e) **درخواستوں (داخلہ امتحان اور میرٹ پر مبنی دونوں قسم کے پروگرام) کی ہارڈ کاپی / طبع شدہ درخواست فارم یونیورسٹی کو ارسال نہ کی جائے۔**

## 17.0 داخلوں کے لیے اہلیت

### 17.1 اہلیت کی عمومی شرائط:

i. امیدواروں کو اپنے داخلے کے لیے آن لائن درخواست فارم بھرنے سے پہلے لازمی طور پر پراسپیکٹس پڑھنا ہوگا۔

ii. **یونیورسٹی کے تمام پروگراموں** میں داخلہ کے لیے ضروری ہے کہ امیدوار نے دسویں / بارہویں کی سطح پر **اردو ذریعہ تعلیم سے تعلیم حاصل کی ہو یا بحیثیت مضمون اردو کا پرچہ کامیاب کیا ہو یا اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس کی تکمیل کی ہو** اور اس کے ساتھ ساتھ متعلقہ شعبوں کے تحت مختلف پروگراموں کے لیے بیان کردہ اہلیتی معیار کی تکمیل کرتا ہو۔

iii. صرف ہندی اور انگریزی شعبوں میں امیدواروں کو اس شرط پر اردو سے استثنیٰ کے ساتھ داخلہ دیا جائے گا کہ وہ یونیورسٹی کی جانب سے اردو کے سرٹیفکیٹ کورس میں اپنے اندراج اور کامیابی کا اقرار نامہ داخل کریں۔ جس کے بغیر انھیں ڈگری نہیں دی جائے گی۔

iv. مدارس کے فارغ درخواست کنندگان اپنی اہلیت کے لیے یونیورسٹی ویب سائٹ اور پراسپکٹس 2025-26 پر مسلمہ پروگراموں اور مدرسوں کی فہرست ملاحظہ کرلیں۔

v. جن مدارس کا ذریعہ تعلیم اردو نہیں ہے ان کی اسناد کو اردو اہلیت کے لیے تسلیم نہیں کیا جائے گا۔

### 17.2 داخلوں کے لیے عمر کی حد:

یونیورسٹی کے مختلف پروگراموں کے لیے طے کردہ عمر کی حد درج ذیل ہے:

| پروگرام | زیادہ سے زیادہ عمر کی حد |
|---|---|
| یو جی پروگرامس | 30 سال |
| پوسٹ گریجویٹ پروگرامس | 35 سال |
| ڈپلوما پروگرامس | 25 سال |
| پارٹ ٹائم ڈپلوما پروگرامس | عمر کی حد نہیں |
| ایم اے لیگل اسٹڈیز پروگرام / ایل ایل ایم / بی اے ایل ایل بی (آنرس) / ایل ایل بی | عمر کی حد نہیں |
| پی ایچ ڈی پروگرام | عمر کی حد نہیں |

نوٹ: عمر کا شمار متعلقہ **تعلیمی سال 30 جون** سے کیا جائے گا۔

## 17.3 مطلوبہ ڈگری امتحان کے نتائج کے منتظر درخواست دہندگان:

i. **داخلہ امتحان کی بنیاد پر داخلے:** ایسے امیدوار جنہوں نے مطلوبہ ڈگری کے امتحان میں شرکت کی ہو یا شرکت کرنے والے ہوں وہ بھی داخلہ امتحان کے لیے درخواست دے سکتے ہیں اور شرکت بھی کر سکتے ہیں۔ لیکن ایسے تمام امیدوار اسی صورت میں اہل قرار دیے جائیں گے جب وہ داخلہ امتحان میں اہل قرار دیے جائیں اور مقررہ تاریخ سے پہلے اہلیتی شرائط کے مطابق مطلوبہ ڈگری امتحان میں کم از کم نمبرات حاصل کرتے ہوئے کامیابی حاصل کر لیں۔ تاہم ایسے امیدواروں کے لیے ضروری ہو گا کہ وہ اپنی مارکس شیٹ اور دیگر دستاویزات کی اصل داخلے کے وقت پیش کریں۔ اس سلسلے میں مزید کوئی خط و کتابت نہیں کی جائے گی۔

ii. **میرٹ کی بنیاد پر داخلے:** ایسے امیدوار جنہوں نے مطلوبہ ڈگری کے امتحان میں شرکت کی ہو یا شرکت کرنے والے ہوں وہ بھی میرٹ پر مبنی داخلوں کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ یونیورسٹی انہیں درخواست فارم داخل کرنے کی آخری تاریخ سے قبل تک درخواست فارم میں ترمیم کی اجازت دے گی۔ تاہم آخری تاریخ سے قبل ان کے مطلوبہ ڈگری امتحان کا نتیجہ آجانا چاہیے۔ ان کے لیے ضروری ہو گا کہ وہ اپنی مارکس شیٹ اور دیگر دستاویزات کی اصل داخلے کے وقت پیش کریں۔ اس سلسلے میں مزید کوئی خط و کتابت نہیں کی جائے گی۔

| پی ایچ۔ڈی، پی۔جی، یو۔جی، پروفیشنل، ڈپلومہ اور سرٹیفکیٹ پروگرامز | |
|---|---|
| **ڈپلوما سطح کے داخلہ پر مبنی کورسز** | |
| ڈپلوما ان ایلیمنٹری ایجوکیشن | |
| ڈپلوما ان انجینئرنگ اور ڈپلوما ان انجینئرنگ راست داخلے | |
| **داخلہ امتحان کی بنیاد پر مبنی یو جی / پی جی سطح** | **میرٹ پر مبنی کورسز** |
| ایم ٹیک (CS) | ایم ایس سی (ریاضی، طبیعات، کیمیا، نباتیات، حیوانیات) |
| | ایم ووک (ایم آئی ٹی، ایم ایل ٹی) |
| ایم سی اے | ایم کام |
| ایم بی اے | ایم اے (جے ایم سی) |
| ایم ایڈ | ایم ایس ڈبلیو (ماسٹر آف سوشل ورک) |
| بی ایڈ / بی ٹیک (CS)<br>بی ٹیک، لیٹرل انٹری (CS)<br>بی ٹیک (سول) سیلف اسپانسرڈ<br>بی۔اے ایل ایل بی، ایل ایل بی، ایل ایل ایم | ایم اے (اردو، انگریزی، عربی، فارسی، ہندی، معطالعات ترجمہ، مطالعات نسواں، نظم و نسق عامہ، سوشل ورک، اسلامک اسٹڈیز، سیاسیات، تاریخ، سماجیات، معاشیات، لیگل اسٹڈیز) |
| **پی ایچ ڈی سطح (داخلہ امتحان اور انٹرویو)** | |

| | | |
|---|---|---|
| 1. اردو | 12۔ تاریخ | 22۔ کیمسٹری |
| 2. انگریزی | 13۔ شوشیالوجی | 23۔ بوٹنی |
| 3. عربی | 14۔ اقتصادیات | 24۔ کمپیوٹر سائنس |
| 4. فارسی | 15۔ تعلیم | 25۔ دکن اسٹڈیز |
| 5. ہندی | 16۔ مینجمنٹ | 26۔ اردو کلچر اسٹڈیز |
| 6. ترجمہ مطالعہ | 17۔ کامرس | 27۔ تقابلی مطالعہ |
| 7. ویمن اسٹڈیز | 18۔ جرنلزم و ماس کمیونیکیشن | 28۔ قانون |
| 8. پبلک ایڈمنسٹریشن | 19۔ ریاضی | 29۔ سوشیل انکلوژن |
| 9. سوشیل ورک | 20۔ زوالوجی | 30۔ مدارس میں زبان کی تدریس |
| 10. اسلامیات | 21۔ فزکس | 31۔ لائیڈ ہیلتھ سائنسز (ایم۔ایل۔ٹی) |
| 11. پولیٹیکل سائنس | | |

| پی ایچ۔ڈی، پی۔جی، یو۔جی، پروفیشنل، ڈپلومہ اور سرٹیفکیٹ پروگرامز | |
|---|---|
| یو جی سطح | |
| بی اے (آنرز / ریسرچ) | چار سالہ انڈر گریجویٹ پروگراموں میں داخلہ سی یو ای ٹی (CUET) میں میرٹ کی بنیاد پر ہوگا۔ |
| بی اے (آنرز / ریسرچ) ترسیل عامہ و صحافت | |
| بی کام (آنرز / ریسرچ) | |
| بی ایس سی طبیعاتی سائنس (آنرز / ریسرچ) | |
| بی ایس سی لائف سائنس (آنرز / ریسرچ) | |
| بی ووک۔ایم آئی ٹی | |
| بی ووک۔ایم ایل ٹی | |
| بی ووک۔ای ٹی ٹی | |
| آئی ٹی ای پی، بی اے بی ایڈ، بی کام بی ایڈ، بی ایس سی بی ایڈ | 4 سالہ UG پروگراموں میں داخلہ NCET میں میرٹ کی بنیاد پر ہوتا ہے۔ |
| تمام سرٹیفکیٹ اور پی جی ڈپلومہ پروگرام میرٹ پر مبنی ہیں۔ | |

## 17.4 تحقیقی پروگراموں میں داخلے (کل وقتی)

### 17.4.1 پی ایچ ڈی میں داخلے کے لیے اہلیت

i. وہ امیدوار جنہوں نے درج ذیل میں سے کوئی بھی مکمل کیا ہو:

a) تین سالہ بیچلر ڈگری پروگرام کے بعد چار سمسٹر / دو سالہ ماسٹرز ڈگری پروگرام؛ یا

b) متعلقہ قانونی ضابطہ جاتی ادارے کی طرف سے ماسٹرز ڈگری کے مساوی قرار دی گئی اہلیت حاصل کی ہو، جس میں مجموعی طور پر کم از کم 55 فیصد نمبر ہوں؛ یا

c) اگر گریڈنگ سسٹم رائج ہو تو اس کے مطابق مساوی گریڈ حاصل کیا ہو؛ یا

d) کسی غیر ملکی تعلیمی ادارے سے مساوی اہلیت حاصل کی ہو جو کسی ایسی جانچ اور منظوری کی ایجنسی سے تسلیم شدہ ہو، جسے اس کے اپنے ملک میں یا کسی اور قانونی اتھارٹی کے تحت قائم کیا گیا ہو یا تسلیم کیا گیا ہو؛ یا

e) جو تعلیمی ادارے کے معیار اور معیارات کا اندازہ لگانے، منظوری دینے یا معیار کو یقینی بنانے کے لیے مجاز ہو۔

ii. ایس سی / ایس ٹی / او بی سی (نان-کریمی لیئر) / مختلف طور پر معذور / معاشی طور پر کمزور طبقہ (EWS) اور دیگر زمروں سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کے لیے 5 فیصد نمبروں یا اس کے مساوی گریڈ میں چھوٹ دی جا سکتی ہے، جیسا کہ وقتاً فوقتاً حکومتِ ہند کے فیصلے کے مطابق ہو۔

### 17.4.2 داخلے کا طریقہ کار

i. یونیورسٹی ان طلبہ کو داخلہ دے گی جو اسکالرشپ (مثلاً JRF) کے لیے UGC-NET / UGC-CSIR-NET / GATE / CEED اور اسی نوع کے قومی سطح کے امتحانات میں کامیاب ہوں، صرف انٹرویو کی بنیاد پر۔

JRF کے اہل طلبہ کو یونیورسٹی گرانٹس کمیشن (Ph.D. ڈگری کے ایوارڈ کے لیے کم از کم معیارات اور طریقہ کار) ضوابط 2022 کے مطابق انٹرویو کی بنیاد پر پی ایچ ڈی پروگرام میں داخلہ دیا جاتا ہے۔

دوسرے اور تیسرے زمرے کے اہل طلبہ کے لیے پی ایچ ڈی میں داخلے کے لیے 70٪ وزن امتحانی نمبرات کو اور 30٪ وزن انٹرویو کو دیا جائے گا۔ پی ایچ ڈی میں داخلہ NET کے نمبروں اور انٹرویو / وائوا ووچے میں حاصل کردہ نمبروں کی مجموعی میرٹ کی بنیاد پر ہوگا۔ دوسرے اور تیسرے زمرے میں امیدواروں کے NET میں حاصل کردہ نمبرات ایک سال تک پی ایچ ڈی داخلہ کے لیے قابلِ قبول ہوں گے۔

| اہلیت کے زمرے | کے لئے اہل ہیں | | |
|---|---|---|---|
| | JRF | Assistant Professor | Ph.D. Admission |
| زمرہ 1: JRF کا ایوارڈ اور اسسٹنٹ پروفیسر کی تقرری | ہاں | ہاں | ہاں |
| زمرہ 2: اسسٹنٹ پروفیسر کی تقرری اور پی ایچ ڈی میں داخلہ | نہیں | ہاں | ہاں |
| زمرہ 3: صرف پی ایچ ڈی میں داخلہ | نہیں | نہیں | ہاں |

ii. یونیورسٹی طلباء کو داخلہ امتحان کے ذریعے بھی داخلہ دے گی۔

iii. پی ایچ ڈی داخلہ امتحان کا پیٹرن جیسا کہ نیچے دی گئی جدول میں ذکر کیا گیا ہے

| سوال کی قسم | سوالات کی تعداد | نشانات | اوقات | کوالیفائنگ مارکس |
|---|---|---|---|---|
| معروضی (MCQ) | تحقیقی طریقہ کار-25 | 25 | 2 گھنٹے | 50٪ |
| | متعلقہ مضمون-25 | 25 | | |
| موضوعی (تحریری) | 4 سوالات 5 x نمبر | 20 | | |
| ET کل | | 70 | | |
| انٹرویو (آن لائن) کے نشانات | | 30 | | 50٪ |
| کل | | 100 | | |
| امیدوار جن کے مجموعی نمبر (داخلہ امتحان / نیٹ + انٹرویو) 50٪ ہوں، داخلے / نشست الاٹمنٹ کے لیے زیر غور آئیں گے۔ | | | | |

نوٹ: یو جی سی این ٹی اے نصاب کے مطابق ہو گا۔

iv. لینگویج ڈسپلن کے علاوہ پی ایچ ڈی کے تمام داخلہ امتحان کا میڈیم اردو ہو گا۔

v. وہ طلبہ جنہوں نے داخلہ امتحان میں 50٪ نمبر حاصل کیے ہوں، انٹرویو کے لیے بلائے جاسکتے ہیں، بشرطیکہ یونیورسٹی کے ذریعے لیے گئے داخلہ امتحان کی بنیاد پر امیدواروں کے انتخاب کے لیے 70٪ وزن داخلہ امتحان کو اور 30٪ وزن انٹرویو / وائیوا ووچے کی کارکردگی کو دیا جائے گا۔

vi. وہ امیدوار جو داخلہ امتحان سے مستثنیٰ ہیں (نیٹ کوالیفائیڈ امیدوار-زمرہ 1، 2، 3)، اگر زیادہ نمبر حاصل کرنا چاہیں تو MANUU کے پی ایچ ڈی داخلہ امتحان میں شرکت کر سکتے ہیں۔

vii. یونیورسٹی دستیاب پی ایچ ڈی نشستوں کی تعداد کی بنیاد پر انٹرویو کے لیے بلائے جانے والے اہل طلبہ کی تعداد کا فیصلہ کرے گی۔ داخلہ امتحان کی medium اردو ہو گی، ماسوائے زبان کے تحقیقی پروگرامز کے، جن میں سوالنامہ متعلقہ زبان میں یا جیسا کہ یونیورسٹی مطلع کرے، دیا جاسکتا ہے۔

viii. داخلہ امتحان میں کامیاب ہونے والے اور وہ امیدوار جو تحریری امتحان سے مستثنیٰ ہیں مگر انٹرویو کے لیے اہل سمجھے گئے ہیں، دونوں کو ایک ابتدائی تحقیقی تجویز (preliminary research proposal) جمع کرانی ہو گی اور اسے شعبہ جاتی تحقیقی کمیٹی / انٹرویو بورڈ کے سامنے پیش کرنا ہو گا۔ داخلے کے لیے تمام امیدواروں کو مجموعی طور پر 50٪ نمبر (داخلہ امتحان / نیٹ + انٹرویو) حاصل کرنے ہوں گے۔ (داخلہ امتحان پر مبنی اور داخلہ امتحان سے مستثنیٰ دونوں زمروں میں)

ix. داخلہ امتحان / انٹرویو میں کامیابی کسی بھی صورت میں پی ایچ ڈی پروگرام میں داخلے کا حق نہیں دیتی۔

x. اگر داخلہ ہو جائے، تو تحقیقی اسکالر کو مقررہ تاریخ / تواریخ پر مقررہ فیس ادا کرنی ہو گی جیسا کہ اعلان کیا جائے گا۔ وہ یونیورسٹی کے قواعد کے مطابق وظائف / فیلوشپس کے اہل ہوں گے، جو یو جی سی کی جانب سے فنڈز کی فراہمی سے مشروط ہیں۔

xi. یونیورسٹی داخلے کے سلسلے میں ایس سی / ایس ٹی / پی ڈبلیو ڈی / او بی سی (نان کریمی لیئر) / مختلف معذور / EWS اور دیگر زمروں کے امیدواروں کے لیے حکومت ہند کے قواعد کے مطابق ریزرویشن کو نافذ کرے گی جیسا کہ حکومت ہند یا یونیورسٹی کی جانب سے مطلع کیا جائے۔

xii. وہ امیدوار جو پی ایچ ڈی پروگرام میں داخل ہوتا ہے، وہ اس یونیورسٹی یا کسی اور یونیورسٹی میں کسی بھی باقاعدہ کل وقتی کورس میں داخلہ نہیں لے سکتا۔ اس ضابطے کی خلاف ورزی کی صورت میں اس کا پی ایچ ڈی پروگرام میں داخلہ خود بخود منسوخ سمجھا جائے گا۔

xiii. کوئی بھی امیدوار پی ایچ ڈی پروگرام میں رجسٹریشن کے لیے اس وقت تک اہل نہیں ہو گا جب تک کہ وہ کسی دوسرے ادارے / یونیورسٹی کے کسی بھی باقاعدہ کل وقتی / جز وقتی پروگرام میں رجسٹرڈ نہ ہو۔

xiv. وہ امیدوار جو کل وقتی پی ایچ ڈی پروگرام میں داخل ہو اور برسر روزگار ہو، اسے داخلے کے وقت اپنے آجر (employer) کا یہ خط جمع کرانا ہو گا کہ اسے پی ایچ ڈی پروگرام کے مکمل دورانیے کے لیے ضروری چھٹی دی جائے گی۔

xv. کل وقتی تحقیقی اسکالر کو پی ایچ ڈی پروگرام کی مدت کے دوران کسی بھی قسم کی ملازمت اختیار کرنے کی اجازت نہیں ہو گی۔

### 17.4.3 پی ایچ ڈی کے لیے شرائط وضوابط MANUU کے آف کیمپس کالجوں میں

i. پی ایچ ڈی کی مختص ہیڈ کوارٹرز اور آف کیمپس کالجوں میں ریسرچ اسکالرز کا داخلہ ٹیسٹ میرٹ اور میرٹ کے لحاظ سے امیدواروں کے کیمپس انتخاب کے اختیارات پر مبنی ہو گا۔

ii. وہ ریسرچ اسکالرس جو آف کیمپس کے فیکلٹی ممبران کی نگرانی میں پی ایچ ڈی کر رہے ہیں وہ اپنے متعلقہ آف کیمپس جہاں پی ایچ ڈی پروگرام چل رہا ہے وہیں پی ایچ ڈی کورس ورک کا امتحان دیں گے۔ دیگر لوازمات جیسے اجمالیہ / موضوع کی منظوری کی پیشکش؛ پری سبمشن سیمینار اور فائنل Viva Voce ؛ جیسا کہ DRC کے مطابق، آن لائن / آف لائن موڈ کے ذریعے کیا جائے گا۔ آن لائن موڈ کی صورت میں، اسکالر / متعلقہ سپروائزر / شریک سپروائزر، متعلقہ شعبہ / مرکز / سیٹیلائٹ کیمپس / سی ٹی ای جہاں پی ایچ ڈی جاری ہے میں بہ نفس نفیس موجود ہوں۔ اس امر کو مؤثر بنانے کے لیے صدر دفتر کے متعلقہ شعبے پیشگی نوٹس جاری کریں۔

iii. ریسرچ اسکالرز کو ہیڈ کوارٹر آنے کے لیے یونیورسٹی کی طرف سے کوئی ٹی اے اور ڈی اے ادا نہیں کیا جائے گا نیز قیام وطعام کا انتظام انہیں خود کرنا ہو گا۔

### 17.4.4 پی ایچ ڈی جزوقتی

درج ذیل زمروں کے امیدوار اپنے آجر کی تحریری اجازت کے ساتھ جزوقتی بنیاد پر باقاعدہ پی ایچ ڈی پروگرام میں داخلے کے اہل ہوں گے:

i. کوئی بھی مستقل ملازم جسے کسی UGC/CSIR سے تسلیم شدہ یونیورسٹی / کالج یا عوامی شعبے / سرکاری تنظیم میں دو سالہ باقاعدہ خدمات کا تجربہ ہو اور وہاں مناسب تحقیقی سہولیات موجود ہوں۔ امیدوار کو یہ اقرار دینا ہو گا کہ وہ کم از کم ایک سال کی رخصت لے گا؛ ابتدائی چھ ماہ کی رخصت پی ایچ ڈی کورس ورک کی کلاسز میں حاضری / مسئلہ کی وضاحت کے لیے اور مقالے کے جمع کرانے سے پہلے کے چھ ماہ کے لیے۔ تاہم، ایسے امیدواروں کو وقتاً فوقتاً میدانی کام / لیب کے ثبوت متعلقہ تحقیقاتی نگراں / تحقیقی مشاورتی کمیٹی کو فراہم کرنے ہوں گے اور ممکن ہے کہ شعبہ جاتی تحقیقاتی کمیٹی کے سامنے پیش بھی کرنا ہو۔ اس حوالے سے ناکامی پی ایچ ڈی اندراج کی منسوخی کا باعث بنے گی۔ اس زمرے میں داخلے کی کسی بھی پیشکش کا انحصار مزید یونیورسٹی کی صوابدید اور وائس چانسلر کی منظوری پر ہو گا۔

ii. مانو کا کوئی مستقل فیکلٹی ممبر، چاہے صدر دفتر پر ہو یا آف کیمپس، جسے یونیورسٹی میں کم از کم دو سالہ تدریسی تجربہ ہو۔ تاہم، جزوقتی پی ایچ ڈی کے خواہشمند فیکلٹی ممبران کو پہلے سمسٹر کے کورس ورک امتحانات مکمل کرنے کے لیے 6 ماہ کی رخصت لینا ضروری ہو گا۔ اس زمرے میں داخلے کی کسی بھی پیشکش اور فیکلٹی کو دی جانے والی رخصت یونیورسٹی کی صوابدید اور وائس چانسلر کی منظوری سے مشروط ہو گی۔ بشرطیکہ ایسے امیدوار باقی داخلہ عمل کی پیروی کریں اور موجودہ پی ایچ ڈی ضوابط کے تمام تقاضے پورے کریں۔

یونیورسٹی جزوقتی پی ایچ ڈی پروگرام کے لیے امیدوار سے اُس تنظیم کے مجاز ادارے سے "کوئی اعتراض نہیں" کا سرٹیفکیٹ حاصل کرے گی جہاں وہ ملازم ہو، جس میں واضح طور پر درج ہو کہ:

a. امیدوار کو جزوقتی بنیاد پر تعلیم حاصل کرنے کی اجازت ہے۔

b. اس کے سرکاری فرائض اُسے تحقیق کے لیے مناسب وقت دینے کی اجازت دیتے ہیں۔

c. اگر ضرورت ہو، تو اُسے کورس ورک مکمل کرنے کے لیے ڈیوٹی سے فارغ کیا جائے گا۔

نوٹ:

i. امیدوار کو باقاعدہ کل وقتی پی ایچ ڈی پروگرام سے جزوقتی بیرونی طریقے میں تبدیلی کی اجازت دی جاسکتی ہے، بشرطیکہ اس کی کوئی معقول وجہ ہو، جسے شعبہ جاتی تحقیقاتی کمیٹی کی سفارش پر اکیڈمک کونسل کی منظوری حاصل ہو۔

ii. اگر کوئی باقاعدہ کل وقتی پی ایچ ڈی طالب علم ملازمت حاصل کرے یا کسی اور معقول وجہ سے، تو اگر اُس نے کورس ورک مکمل کر لیا ہو تو اُسے جزوقتی بیرونی طریقے میں تبدیلی کی اجازت دی جاسکتی ہے، RAC، DRC، اسکول بورڈ کی سفارش اور متعلقہ اتھارٹی (اکیڈمک کونسل) کی منظوری سے۔

iii. جو امیدوار اپنی حیثیت کل وقتی سے جزوقتی بیرونی طریقے میں تبدیل کریں گے وہ اسکالرشپ کے اہل نہیں ہوں گے۔

## 18.0 تحفظات اور رعایت کے ضوابط

یونیورسٹی حکومت ہند کی جانب سے جاری کی جانے والی تحفظات پالیسی پر عمل کرتی ہے۔ یہ تحفظات تمام پروگراموں پر نافذ ہوں گے۔ یونیورسٹی نے دو قسم کے تحفظات (عمودی اور افقی) کو اختیار کیا ہے تاکہ شمولیاتی پالیسی کے طور پر مختلف زمروں کے طلبا کی اطمینان بخش نمائندگی ہو سکے۔ ان زمروں میں تحفظات حاصل کرنے کے خواہشمند امیدواروں کو داخلے کے موقع پر ذات / قبیلے یا دیگر تحفظات کے لیے حکومتِ ہند کے قواعد کے مطابق اربابِ مجاز کی جانب سے متعینہ فارم میں جاری کردہ مستند صداقت نامہ پیش کرنا ضروری ہے۔ بصورت دیگر امیدوار کو داخلہ نہیں دیا جائے گا۔

## 18.1 ایس سی / ایس ٹی / او بی سی / معاشی کمزور طبقات کے لیے تحفظات

درج ذیل جدول میں ہر پروگرام میں حکومت ہند اور یونیورسٹی کے اصول کے مطابق SC/ST/OBC/EWS زمروں کے کوٹے کی تفصیلات بیان کی گئی ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| i. | **عمودی طرز کے تحفظات** | |
| a | درج فہرست ذاتیں (ایس سی) | 15% |
| b | درج فہرست قبائل (ایس ٹی) | 7.5% |
| c | دیگر پسماندہ طبقات (نان کریمی لیئر) | 27% |
| d | معاشی کمزور طبقات کے لیے کوٹہ | 10% |
| ii. | **افقی طرز کے تحفظات*** | |
| a | خواتین | 33% |
| b | معذورین | 05% |

* افقی تحفظات کے لیے اوپن / عمومی پول کے علاوہ ایس سی / ایس ٹی / او بی سی نشستوں کے محفوظ زمروں میں بھی رینک پر مبنی میرٹ کی سختی سے پابندی کی جائے گی۔ کم سے کم 40 فیصد جسمانی معذوری کے حامل امیدوار ہی معذورین کے زمرے میں تحفظات حاصل کر سکتے ہیں اور انہیں متعینہ معذوری کے لیے طبی صداقت نامہ پیش کرنا ہوگا۔

## 18.2 اہلیتی نمبروں، عمر کی چھوٹ اور رجسٹریشن فیس میں رعایت:

| سلسلہ نمبر | زمرہ | تحفظات | نمبروں میں رعایت | عمر میں چھوٹ | رجسٹریشن فیس میں رعایت |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | خواتین | افقی | 5% | 5 سال | داخلہ امتحان پر مبنی کورسز کے لیے 200 روپے اور میرٹ پر مبنی کورسز کے لیے 100 روپے برائے داخلہ رجسٹریشن میں رعایت ہے۔ |
| 2 | خصوصی اہلیت کے حامل افراد | | 5% | 5 سال | |
| 3 | ایس سی / ایس ٹی | عمودی | 5% | 5 سال | |
| 4 | او بی سی (نان کریمی لیئر) | | 5% | 3 سال | |

## 18.3 متعین تعداد سے زائد کوٹہ (خصوصی / اسپانسر ردہ زمرہ)

یونیورسٹی یو جی سی / وزارت تعلیم کی جانب سے وقت بہ وقت جاری کیے جانے والے رہنمایانہ خطوط پر عمل آوری کرتی ہے۔ منظورہ نشستوں سے زائد کوٹے کے تحت داخلے متعلقہ زمرے کے تحت طے شدہ شرائط سے مشروط ہیں۔ ان نشستوں کے لیے امیدواروں کا انتخاب میرٹ میں منتخب نہ ہونے والے امیدواروں میں سے اعظم ترین نمبروں کے لیے بنائے گئے ویٹیج پر مبنی غیر مرکب میرٹ کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

ملک اور ادارے کے وقار کو بڑھانے اور ہم نصابی و زائد نصابی سرگرمیوں کے تحت متنوع صلاحیتوں کی نشوونما کے لیے کیے جانے والے اقدام کے طور پر خصوصی زمرے کے تحت، اہلیتی شرائط کی تکمیل پر، زائد نشستوں کے لیے داخلے پر غور کیا جائے گا۔

| نمبر | ذیلی زمرہ | نشستوں کی تعداد |
|---|---|---|
| **خصوصی زمرہ** | | |
| 1 | مانو ماڈل اسکول کے طلباء | ابتدائی سطح کے پروگرامز ڈی۔ای۔ل۔ایڈ، بی۔اے (آنرز / ریسرچ)، بی۔اے جے۔ایم۔سی (آنرز / ریسرچ)، بی۔ایس۔سی (آنرز / ریسرچ)، بی۔کام (آنرز / ریسرچ)، اور پولی ٹیکنک میں منظورہ نشستوں کا 10 فیصد۔ |
| 2 | | ہر ماڈل اسکول یعنی: مانو ماڈل اسکول فلک نما، در بھنگہ اور نوح کے لیے بی ٹیک، بی اے ایل ایل بی (پانچ سالہ پروگرام) میں ایک نشست محفوظ کی جائے گی۔ |

| نمبر | ذیلی زمرہ | نشستوں کی تعداد |
|---|---|---|
| | **سپر نیومیریری کوٹہ** | |
| 1 | نصابی سرگرمیوں کے علاوہ (ای سی اے) | منظور شدہ نشستوں میں 1 فیصد تحفظ |
| 2 | نیشنل سروس اسکیم (این ایس ایس) | منظور شدہ نشستوں میں 1 فیصد تحفظ |
| 3 | نیشنل کیڈٹ کارپس (این سی سی) | منظور شدہ نشستوں میں 1 فیصد تحفظ |
| 4 | اسپورٹس | منظور شدہ نشستوں میں 1 فیصد تحفظ |
| 5 | مسلح افواج کے اہلکاروں کے بچوں / بیواؤں / وارثین کے لیے | منظور شدہ نشستوں میں 1 فیصد تحفظ |
| 6 | ریاست جموں وکشمیر سے مہاجرین | حکومت ہند کی ہدایات کے مطابق تحفظات |
| 7 | وزیر اعظم کا خصوصی اسکالرشپ اسکیم (پی ایم ایس ایس) | پرائم منسٹر اسپیشل اسکالرشپ اسکیم برائے جموں وکشمیر طلبا کے تحت منتخب امیدواروں کو راست داخلہ دیا جائے گا۔ |
| 8۔ | بین الاقوامی طلباء | ہر پروگرام میں 25٪ |
| 9۔ | MANUU اسٹاف کوٹہ (MANUU کے ملازمین — ریٹائرڈ، تدریسی، غیر تدریسی، عارضی ملازمین جنہیں کم از کم 5 سال کا تجربہ ہو — کے بچوں کے لیے) | MANUU ملازمین کے بچوں کے لیے اضافی کوٹے میں، ہر یونٹ (60 طلبہ تک) کے لیے ایک نشست، تمام ڈپلومہ، انڈر گریجویٹ، پوسٹ گریجویٹ اور تحقیقاتی پروگرامز (پی ایچ ڈی) میں، بشرطیکہ کورس سے متعلق اہلیت کی شرائط پوری کی جائیں اور ریگولیٹری اداروں کی مقرر کردہ حدود متاثر نہ ہوں۔ |

نوٹ: الف۔ وہ طلبہ جو NCC / NSS / ECA / کھیل / COAP کے تحت ریزرویشن کا دعویٰ کرتے ہیں، اُن کے لیے لازمی ہے کہ وہ کم از کم اہلیتی نمبر حاصل کریں اور / یا داخلہ امتحان میں کامیاب ہوں۔

ب۔ نشستوں کی تعداد مجموعی طور پر منظور شدہ داخلہ (اسکول کو ایک اکائی کے طور پر لیتے ہوئے) پر مبنی ہوگی، باری باری نظام کے تحت۔

### 18.3.1۔ سپر نیومری کوٹہ–زائد از نصابی سرگرمیاں (ECA)

1. زائد از نصابی سرگرمیوں (ای سی اے کوٹہ) کے تحت سپر نیومری زمرے میں 1٪ ریزرویشن درج ذیل سرگرمیوں میں مقرر کیا گیا ہے:

غیر نصابی سرگرمیوں کی جانچ کمیٹی کی منظوری سے مشروط۔

| سلسلہ نمبر | زمرہ | ذیلی زمرہ کوڈ | ذیلی زمرہ |
|---|---|---|---|
| 1 | **تخلیقی تحریر** | **1۔** | **تخلیقی تحریر** |
| 2 | **رقص** | **2.a** | ہندوستانی کلاسیکی |
| | | **2.b** | ہندوستانی لوک |
| | | **2.c** | مغربی |
| | | **2.d** | رقص کی ترتیب (کوریوگرافی) |
| 3 | **مباحثہ** | **3.a** | **مناظرہ** |
| 4 | **ڈیجیٹل میڈیا** | 4.a | فوٹوگرافی |
| | | 4.b | فلم سازی |
| | | 4.c | انیمیشن |
| 5 | **فنونِ لطیفہ** | 5.a | خاکہ کشی اور مصوری |
| | | 5.b | مجسمہ سازی |
| 6 | **موسیقی (آواز)** | 6.a | ہندوستانی (کلاسیکی اور ہلکی) |
| | | 6.b | مغربی (کلاسیکی اور ہلکی) |
| 7 | **(ہندوستانی آلات)** | 7.a | طبلہ |
| | | 7.b | مردنگم |
| | | 7.c | ڈھولک |

| سلسلہ نمبر | زمرہ | ذیلی زمرہ کوڈ | ذیلی زمرہ |
|---|---|---|---|
| | | 7.d | پکھاوج |
| | | 7.e | کھٹم |
| | | 7.f | ہارمونیم |
| | | 7.g | انڈین بانسری |
| | | 7.h | ستار |
| | | 7.i | انڈین وائلن |
| | | 7.j | سارود |
| | | 7.k | سنتور |
| 8 | موسیقی (مغربی آلات) | 8.a | ڈرمز |
| | | 8.b | مغربی بانسری |
| | | 8.c | سیکسو فون |
| | | 8.d | گٹار (لیڈ) |
| | | 8.e | گٹار (براس) |
| | | 8.f | مغربی وائلن |
| | | 8.g | کی بورڈ |
| 9 | تھیٹر | 9 | تھیٹر |
| 10 | کوئز | 10 | کوئز |
| 11۔ دیگر کوئی ہم نصابی سرگرمی جو مرکزی زمرے کے تحت آتی ہو* لیکن اوپر ذکر نہیں کی گئی ہو۔ | | | |

2۔ غیر نصابی سرگرمیوں (ECA) کے لیے ترجیحات:

| سلسلہ نمبر | سطح | کامیابیاں | ترجیحی ترتیب وار نمبر | |
|---|---|---|---|---|
| | | | انفرادی | گروپ / ٹیم |
| 1 | بین الاقوامی | انعام اول | 1 | 2 |
| | | انعام دوم | 3 | 4 |
| | | انعام سوم | 5 | 6 |
| | | حصہ لینے والے | 7 | 8 |
| 2 | قومی | انعام اول | 9 | 10 |
| | | انعام دوم | 11 | 12 |
| | | انعام سوم | 13 | 14 |
| | | حصہ لینے والے | 15 | 16 |
| 3 | زونل | انعام اول | 17 | 18 |
| | | انعام دوم | 19 | 20 |
| | | انعام سوم | 21 | 22 |
| | | حصہ لینے والے | 23 | 24 |
| 4 | ریاستی | انعام اول | 25 | 26 |
| | | انعام دوم | 27 | 28 |
| | | انعام سوم | 29 | 30 |
| | | حصہ لینے والے | 31 | 32 |

| سلسلہ نمبر | سطح | کامیابیاں | ترجیحی ترتیب وار نمبر | |
|---|---|---|---|---|
| | | | انفرادی | گروپ / ٹیم |
| 5 | بین یونیورسٹی / یوتھ فیسٹیول | انعام اول | 33 | 34 |
| | | انعام دوم | 35 | 36 |
| | | انعام سوم | 37 | 38 |
| | | حصہ لینے والے | 39 | 40 |

I. ہر امیدوار صرف ایک اعلیٰ ترین کامیابی کے لیے ہی دعویدار ہو سکتا ہے جیسا کہ اوپر دی گئی ترجیحات میں بیان کیا گیا ہے۔ برابر نمبروں کی صورت میں، سکروٹنی کمیٹی داخلہ امتحان / اہلیتی امتحان میں میرٹ کی بنیاد پر، اور پھر تاریخ پیدائش کی بنیاد پر حتمی فہرست کا فیصلہ کرے گی۔

II. صرف وہی اسناد قابلِ قبول ہوں گی جو مرکزی / ریاستی حکومت یا متعلقہ وزارتوں کے اشتراک سے کام کرنے والے مجاز اداروں / تنظیموں کے زیر اہتمام مقابلوں / تقریبات میں شرکت پر جاری کی گئی ہوں۔

III. تمام اسناد کی تصدیق متعلقہ مجاز حکام سے کی جائے گی۔

IV. صرف وہی اسناد قابلِ غور ہوں گی جو درخواست کی آخری تاریخ تک جاری کی گئی ہوں۔

## 18.3.2۔اضافی کوٹہ–نیشنل سروس اسکیم(NSS)

1۔ NSS کوٹہ (اضافی) کے تحت 1٪ نشستیں مختص ہوں گی۔

2۔ درخواست دہندہ کو درخواست کے وقت ریزرویشن کا دعویٰ کرنے کے لیے 240 گھنٹے کی سروس کے ساتھ دو کیمپ مکمل کرنے ہوں گے۔

3۔ MANUU میں تعلیمی پروگراموں میں داخلہ کے لیے NSS کوٹہ کے تحت درخواست دینے والے امیدوار کے پاس کسی ادارے کے NSS سیل سے جاری کردہ NSS تکمیل سرٹیفکیٹ ہونا ضروری ہے۔

4۔ درخواست دہندہ کے پاس یونیورسٹی کے قواعد کے مطابق اپنے آخری امتحان میں کم از کم اہلیت کے نمبر ہونا لازمی ہے۔

5۔ تاہم، کم از کم اہلیت کے معیار (NSS تکمیل سرٹیفکیٹ 240 گھنٹے اور دو کیمپوں کے ساتھ، اور کم از کم اہلیت نمبرات (رکھنے والے امیدواروں کا انتخاب نیچے دی گئی ترجیحی ترتیب کے مطابق سرٹیفکیٹس کی بنیاد پر کیا جائے گا:

i. قومی سطح کے NSS ایوارڈ یافتہ

ii. ریاستی سطح کے NSS ایوارڈ یافتہ

iii. انڈین یوتھ ڈیلیگیشن ٹیم (انٹرنیشنل یوتھ ایکسچینج) کے رکن

iv. ریپبلک ڈے کیمپ کے شرکاء

v. مختلف قومی سطح کے NSS کیمپس اور پروگراموں میں شرکت

vi. مختلف ریاستی سطح کے NSS کیمپس اور پروگراموں / یونیورسٹی سطح کے NSS پروگراموں میں شرکت

vii. 240 گھنٹے کی سروس اور دو کیمپوں کے ساتھ NSS تکمیل سرٹیفکیٹ رکھنے والے

6۔ اگر دو یا زیادہ امیدواروں کے درمیان مساوات ہو تو، داخلہ ٹیسٹ / اہلیت امتحان میں میرٹ، اور پھر تاریخ پیدائش کے مطابق سنیارٹی فیصلہ کن عنصر ہو گا۔

## 18.3.3۔اضافی کوٹہ–نیشنل کیڈٹ کارپس(NCC)

1. این سی سی کوٹہ (اضافی) کے تحت 1٪ نشستیں مخصوص ہوں گی۔

2. ترجیح درج ذیل کے مطابق ہو گی:

| ترجیح-1 | |
|---|---|
| 1. | این سی سی کیڈٹس–بہادری / قومی بہادری ایوارڈز / رکشا منتری پاٹھک کے فاتح۔ |
| 2. | یوتھ ایکسچینج پروگرام کے لیے بین الاقوامی سطح پر شرکت کرنے والے این سی سی کیڈٹس (منتخب کیڈٹس کے اندر ترجیح سرٹیفکیٹس کی سنیارٹی کے لحاظ سے دی جائے گی یعنی؛ A اور B، C سرٹیفکیٹ ہولڈرز)۔ |

| | |
|---|---|
| 3. | پیراجمپس / سکائی ڈائیونگ / کوہ پیمائی / سیلنگ / پیراسیلنگ / رافٹنگ / کینوئنگ اور کیکنگ / شوٹنگ / گھڑ سواری میں بین الاقوامی سطح کے مقابلوں / ایونٹس میں حصہ لینے والے این سی سی کیڈٹس جو اس مخصوص کھیل کے متعلقہ بین الاقوامی فیڈریشن (ز) کے زیر اہتمام ہوتے ہیں اور ہندوستان / این سی سی کی نمائندگی کرتے ہوئے۔ |
| | (منتخب کیڈٹس کے اندر ترجیح سرٹیفکیٹس کی سنیارٹی کے لحاظ سے دی جائے گی یعنی B، C اور A سرٹیفکیٹ ہولڈرز) |
| | **ترجیح-2** |
| 4. | دہلی میں منعقدہ ریپبلک ڈے کیمپ میں کسی بھی مقابلے میں گولڈ، سلور، برونز میڈل جیتنے والے۔ |
| 5. | ریپبلک ڈے کیمپ دہلی میں شریک ہونے والے این سی سی کیڈٹس۔ |
| 6. | آل انڈیا ٹی ایس سی / این ایس سی / وی ایس سی میں ریپبلک ڈے بینر مقابلے میں گولڈ، سلور، برونز میڈل جیتنے والے۔ |
| 7. | آل انڈیا ٹی ایس سی / این ایس سی / وی ایس سی میں شریک کیڈٹس۔ |
| 8. | پیراجمپنگ / اسکائی ڈائیونگ / ماؤنٹینئرنگ / سیلنگ / پیراسیلنگ / رافٹنگ / کینوئنگ و کائیکنگ / شوٹنگ / گھڑ سواری کے ان قومی سطح کے مقابلوں میں میڈل جیتنے والے کیڈٹس، جن میں این سی سی کو بطور ادارہ HQ DGNCC کی طرف سے نمائندگی دی گئی ہو اور باقاعدہ سلیکشن / اسکریننگ کے بعد کیڈٹس کا انتخاب ہوا ہو۔ (انفرادی طور پر حصہ لینے والے کیڈٹس اس رعایت کے اہل نہیں ہوں گے)۔ |
| 9. | انہی مقابلوں میں شریک ہونے والے کیڈٹس (انفرادی طور پر شریک ہونے والے اہل نہیں ہوں گے)۔ |
| 10. | نیشنل انٹیگریشن کیمپ (انڈمان و نکوبار آئی لینڈز، لیہہ، این ای آر اور سری نگر) میں حصہ لینے والے این سی سی کیڈٹس (ترجیح A،B،C سرٹیفکیٹ کی سنیارٹی کے مطابق دی جائے گی)۔ |
| | **ترجیح-3** |
| 11 | ترجیح III نزولی ترتیب حسب ذیل ہو گی<br>a :.ریاستی سطح پر یوم جمہوریہ پریڈ میں شرکت۔<br>b.ریاستی سطح پر یوم آزادی پریڈ میں شرکت۔<br>c. C،B اور A سرٹیفکیٹ رکھنے والے کیڈٹس<br>(منتخب کیڈٹس میں ترجیح سرٹیفکیٹس کی سنیارٹی کے مطابق دی جائے گی یعنی: C، پھر B، پھر A)۔ |

3. کوالیفائنگ امتحان میں شرکت سے پہلے حاصل کردہ C،B اور A سرٹیفکیٹس میں ترجیح پر غور کیا جائے گا۔
4. صرف NCC حکام کی طرف سے جاری کردہ NCC سرٹیفکیٹ تسلیم کیے جائیں گے۔
5. آن لائن درخواست فارم بھرتے وقت امیدواروں کے پاس سرٹیفکیٹ ہونا ضروری ہے۔
6. ٹائی ہونے کی صورت میں، داخلہ ٹیسٹ / کوالیفائنگ امتحان میں میرٹ، پھر تاریخ پیدائش کے مطابق NCC زمرہ کے تحت میرٹ لسٹ میں پوزیشن کے لیے فیصلہ کیا جائے گا۔

### 18.3.4 سپر نمبرری کوٹہ – کھیل کا کوٹہ

1. درج ذیل اکتیس (31) کھیلوں کے شعبوں میں Supernumerary زمرے کے تحت کھیلوں کے کوٹہ کے لیے 1 فیصد ریزرویشن ہو گا۔

| نمبر شمار | اسپورٹس ڈسپلن | نمبر شمار | اسپورٹس ڈسپلن |
|---|---|---|---|
| 1 | تیر اندازی | 17 | کبڈی |
| 2 | ایتھلیٹکس | 18 | کھو-کھو |
| 3 | بیڈمنٹن | 19 | رولر سکیٹنگ |
| 4 | بال بیڈمنٹن | 20 | روئنگ |
| 5 | باسکٹ بال | 21 | کشتی رانی / کشتی رانی |
| 6 | باکسنگ | 22 | شوٹنگ |
| 7 | کینوئنگ اور کیکنگ | 23 | سافٹ بال |
| 8 | شطرنج | 24 | تیراکی |
| 9 | کرکٹ | 25 | ٹیبل ٹینس |
| 10 | سائیکلنگ | 26 | تائی کوان ڈو |

| نمبر شمار | اسپورٹس ڈسپلن | نمبر شمار | اسپورٹس ڈسپلن |
|---|---|---|---|
| 11 | فینسنگ | 27 | ٹینس |
| 12 | فٹ بال | 28 | والی بال |
| 13 | جمناسٹکس | 29 | ویٹ لفٹنگ |
| 14 | ہینڈ بال | 30 | کشتی |
| 15 | ہاکی | 31 | یوگا |
| 16 | جوڈو | 32 | دیگر* |
| *اسکروٹنی کمیٹی سے کلیئرنس سے مشروط۔ | | | |

2. رہنما خطوط: کھیلوں کے کوٹہ کے نفاذ کے لیے درج ذیل ہدایات پر عمل کیا جانا چاہیے۔

i. سرٹیفکیٹس کی فزیکل تصدیق کے لیے ایک سکروٹنی کمیٹی ہونی چاہیے۔

ii. امیدوار لازمی طور پر ET کا اہل ہو اور اپلائیڈ کورس میں داخلے کے لیے اہلیت کے تمام معیارات کو پورا کرے۔

iii. امیدواروں کو ترجیحات ان کی گزشتہ 3 سالوں کی بہترین کارکردگی کی بنیاد پر دی جائیں گی اور سرٹیفکیٹس کی اصلیت کی تصدیق کی جائے گی۔ تاریخ پیدائش کو متعلقہ کھیل کے مقابلے عمر کے زمرے کے تناسب سے ملایا جائے گا۔ ایس ایس سی سرٹیفکیٹ میں بتائی گئی تاریخ پیدائش کو عمر کے ثبوت کے طور پر لیا جائے گا۔

iv. کوالیفائنگ امتحان پاس کرنے کے بعد امیدوار کی طرف سے کسی بھی کھیل / کھیل میں نمائندگی / شرکت پر غور نہیں کیا جائے گا۔

v. اعلیٰ سطح پر اسپورٹس اچیومنٹ سرٹیفکیٹ پر صرف اس وقت غور کیا جائے گا جب اسے نچلے درجے کے مقابلوں کی حمایت حاصل ہو تاکہ اسی سطح کے نچلے سرکاری ٹورنامنٹس / باڈیز وغیرہ کے معاملے میں اسکروٹنی کمیٹی کی اطمینان ہو۔

vi. اسپورٹس کوٹہ کے تحت درخواست دینے والے امیدواروں کو عمر میں 3 سال کی چھوٹ دی جاسکتی ہے۔

vii. اسپورٹس کوٹہ کے تحت داخلہ کے خواہاں تمام اہل امیدوار آن لائن درخواست فارم پُر کرتے وقت اپنی کھیلوں کی کامیابیوں / تعریفی اسناد کی ایک کاپی اپ لوڈ کریں۔

3. کھیلوں کے کوٹہ کے لیے ترجیحات حسب ذیل ہے:

| نمبر شمار | ٹورنامنٹس کی تفصیلات / چیمپئن شپ | کامیابیاں | ترجیحی سیریل نمبر | |
|---|---|---|---|---|
| | | | انفرادی کھیل / واقعات | ٹیم گیمز / واقعات |
| 1 | اولمپکس | سونا | 1 | 2 |
| | | چاندی | 3 | 4 |
| | | کانسی | 5 | 6 |
| | | شرکت | 7 | 8 |
| 2 | ایشین گیمز | سونا | 9 | 10 |
| | | چاندی | 11 | 12 |
| | | کانسی | 13 | 14 |
| | | شرکت | 15 | 16 |
| 3 | کامن ویلتھ گیمز | سونا | 17 | 18 |
| | | چاندی | 19 | 20 |
| | | کانسی | 21 | 22 |
| | | شرکت | 23 | 24 |

| نمبر شمار | ٹورنامنٹس کی تفصیلات / چیمپئن شپ | کامیابیاں | ترجیحی سیریل نمبر | |
|---|---|---|---|---|
| | | | انفرادی کھیل / واقعات | ٹیم گیمز / واقعات |
| 4 | عالمی چیمپئن شپ / ورلڈ کپ (صرف ہر 4 سال بعد) | سونا | 25 | 26 |
| | | چاندی | 27 | 28 |
| | | کانسی | 29 | 30 |
| | | شرکت | 31 | 32 |
| 5 | ایشین چیمپئن شپ (ہر 2/4 سال بعد) | سونا | 33 | 34 |
| | | چاندی | 35 | 36 |
| | | کانسی | 37 | 38 |
| | | شرکت | 39 | 40 |
| 6 | جونیئر/یوتھ ورلڈ چیمپئن شپ/گیمز (ہر 2/4 سال بعد) | سونا | 41 | 42 |
| | | چاندی | 43 | 44 |
| | | کانسی | 45 | 46 |
| | | شرکت | 47 | 48 |
| 7 | ورلڈ یونیورسٹیز چیمپئن شپ | سونا | 49 | 50 |
| | | چاندی | 51 | 52 |
| | | کانسی | 53 | 54 |
| | | شرکت | 55 | 56 |
| 8 | جونیئر/یوتھ ایشین چیمپئن شپ/گیمز (ہر 2/4 سال بعد) | سونا | 57 | 58 |
| | | چاندی | 59 | 60 |
| | | کانسی | 61 | 62 |
| | | شرکت | 63 | 64 |
| 9 | ورلڈ سکول گیمز چیمپئن شپ | سونا | 65 | 66 |
| | | چاندی | 67 | 68 |
| | | کانسی | 69 | 70 |
| | | شرکت | 71 | 72 |
| 10 | جونیئر/یوتھ کامن ویلتھ چیمپئن شپ/گیمز (ہر 2/4 سال بعد) | سونا | 73 | 74 |
| | | چاندی | 75 | 76 |
| | | کانسی | 77 | 78 |
| | | شرکت | 79 | 80 |
| 11 | ایشین سکول گیمز / چیمپئن شپ | سونا | 81 | 82 |
| | | چاندی | 83 | 84 |
| | | کانسی | 85 | 86 |
| | | شرکت | 87 | 88 |
| 12 | ساؤتھ ایشین گیمز/چیمپئن شپ | سونا | 89 | 90 |
| | | چاندی | 91 | 92 |
| | | کانسی | 93 | 94 |
| | | شرکت | 95 | 96 |

| نمبر شمار | ٹورنامنٹس کی تفصیلات / چیمپئن شپ | کامیابیاں | ترجیحی سیریل نمبر | |
|---|---|---|---|---|
| | | | انفرادی کھیل / واقعات | ٹیم گیمز / واقعات |
| 13 | جونیئر/یوتھ کامن ویلتھ چیمپئن شپ/گیمز (ہر 2/4 سال بعد) | سونا | 97 | 98 |
| | | چاندی | 99 | 100 |
| | | کانسی | 101 | 102 |
| | | شرکت | 103 | 104 |
| 14 | نیشنل گیمز/نیشنل چیمپئن شپ/آل انڈیا انٹر زونل (کم از کم 8 ٹیمیں) | سونا | 105 | 106 |
| | | چاندی | 107 | 108 |
| | | کانسی | 109 | 110 |
| | | شرکت | 111 | 112 |
| 15 | آل انڈیا انٹر یونیورسٹیز / آل انڈیا انٹر زونل یونیورسٹیز | سونا | 113 | 114 |
| | | چاندی | 115 | 116 |
| | | کانسی | 117 | 118 |
| | | شرکت | 119 | 120 |
| 16 | نیشنل اسکول گیمز( U-17اور-U 19)/جونیئر نیشنلز چیمپئن شپ/انٹر زونل چیمپئن شپ (کم از کم 8 ٹیمیں) | سونا | 121 | 122 |
| | | چاندی | 123 | 124 |
| | | کانسی | 125 | 126 |
| | | شرکت | 127 | 128 |
| 17 | جنوب/شمال...../ زون چیمپئن شپ | سونا | 129 | 130 |
| | | چاندی | 131 | 132 |
| | | کانسی | 133 | 134 |
| | | شرکت | 135 | 136 |
| 18 | جونیئر زونل لیول جنوبی/شمالی...../ چیمپئن شپ | سونا | 137 | 138 |
| | | چاندی | 139 | 140 |
| | | کانسی | 141 | 142 |
| | | شرکت | 143 | 144 |
| 19 | نیشنل اسکول گیمز/سب جونیئر / کھیلو انڈیا/پی کے کے اے/دیہی/خواتین قومی | سونا | 145 | 146 |
| | | چاندی | 147 | 148 |
| | | کانسی | 149 | 150 |
| | | شرکت | 151 | 152 |
| 20 | زون لیول انٹر یونیورسٹیز | سونا | 153 | 154 |
| | | چاندی | 155 | 156 |
| | | کانسی | 157 | 158 |
| | | شرکت | 159 | 160 |
| 21 | سب جونیئر زونل سطح کی چیمپئن شپ | سونا | 161 | 162 |
| | | چاندی | 163 | 164 |
| | | کانسی | 165 | 166 |
| | | شرکت | 167 | 168 |

| نمبر شمار | ٹورنامنٹس کی تفصیلات / چیمپئن شپ | کامیابیاں | ترجیحی سیریل نمبر | |
|---|---|---|---|---|
| | | | انفرادی کھیل / واقعات | ٹیم گیمز / واقعات |
| 22 | ریاستی سطح کی چیمپئن شپ سینئرز | سونا | 169 | 170 |
| | | چاندی | 171 | 172 |
| | | کانسی | 173 | 174 |
| | | شرکت | 175 | 176 |
| 23 | ریاستی سطح کی چیمپئن شپ اسکول گیمز / جونیئر میں ریاستی سطح کی چیمپئن شپ | سونا | 177 | 178 |
| | | چاندی | 179 | 180 |
| | | کانسی | 181 | 182 |
| | | شرکت | 183 | 184 |
| 24 | کھیلو انڈیا-Sub/SGF/ خواتینJr/Rural/PYKKA/ ریاستی سطح کے مقابلے اور قومی نوودیاCBSE/ICSE/KVS/ | سونا | 185 | 186 |
| | | چاندی | 187 | 188 |
| | | کانسی | 189 | 190 |
| | | شرکت | 191 | 192 |
| 25 | انٹر یونیورسٹی چیمپئن شپ | سونا | 193 | 194 |
| | | چاندی | 195 | 196 |
| | | کانسی | 197 | 198 |
| | | شرکت | 199 | 200 |

i. ہر امیدوار مذکورہ ترجیح کے لیے صرف ایک اعلیٰ ترین اسپورٹس اچیومنٹ کا دعویٰ کرنے کا اہل ہے۔

ii. جہاں بھی مختلف کھیلوں کے امیدواروں نے یکساں ترجیحی سطح حاصل کی، فائدہ زیادہ سے زیادہ نمائندگی والے امیدوار کو دیا جائے گا۔

iii. ٹائی ہونے کی صورت میں، جانچ کمیٹی ٹریلز کی بنیاد پر حتمی فہرست کا فیصلہ کرے گی، پھر داخلہ ٹیسٹ / کوالیفائنگ امتحان میں میرٹ کے مطابق، پھر تاریخ پیدائش کے حساب سے۔

iv. صرف وہی سرٹیفکیٹ قبول کیے جائیں گے جو مرکزی / ریاستی حکومت یا متعلقہ وزارتوں کے تعاون سے منعقد کرنے والی مجاز تنظیموں / اداروں کے ذریعے منعقد ہونے والے مقابلوں / تقاریب وغیرہ میں حصہ لے کر حاصل کیے گئے ہوں۔

v. تمام سرٹیفکیٹس کی تصدیق متعلقہ مجاز حکام سے کی جائے گی۔ کمیٹی کا فیصلہ حتمی ہو گا۔

vi. درخواست کی آخری تاریخ کو یا اس سے پہلے جاری کردہ سرٹیفکیٹس پر غور کیا جائے گا۔

### 18.3.5 سپر نمبری کوٹہ–اہل مسلح افواج کے اہلکاروں کے بچے / بیوہ

**1. سابق فوجیوں کے زمرے کے تحت ریزرویشن کے لیے ترجیحی معیار:**

| | |
|---|---|
| ترجیح-I | بیوائیں / دفاعی اہلکاروں کی وارڈز کارروائی میں مارے گئے۔ |
| ترجیح-II | خدمت کرنے والے اہلکاروں اور سابق فوجیوں کے وارڈ جو کارروائی میں معذور ہیں۔ |
| ترجیح-III | دفاعی اہلکاروں کی بیوائیں / وارڈز جو امن کے وقت میں موت کے ساتھ ملٹری سروس سے منسوب ہیں۔ |
| ترجیح-IV | دفاعی عملے کے وارڈ امن کے وقت میں معذوری کے ساتھ فوجی سروس سے منسوب۔ |
| ترجیح-V | سابق فوجیوں اور خدمت کرنے والے اہلکاروں کے وارڈ جو گیلنٹری ایوارڈز وصول کر رہے ہیں:-<br>(1)پرم ویر چکر<br>(2)اشوک چکر<br>(3) سروتم یودھ سیوا میڈل<br>(4) مہاویر چکر<br>(5) کیرتی چکر |

| | |
|---|---|
| | (6) اتم یودھ سیوا میڈل<br>(7) ویر چکر<br>(8) شوریہ چکر<br>(9) یودا سیوا میڈل<br>(10) سینا ، نو سینا ، وایوسینا میڈل<br>(11)منشن ان ڈسپیچز |
| ترجیح-VI | سابق فوجیوں کے وارڈز |
| ترجیح-VII | خدمت کرنے والے اہلکاروں کے وارڈ۔ |

2. امیدواروں کے کوالیفائنگ امتحان میں حاصل کردہ نمبروں کی بنیاد پر میرٹ لسٹ ہر ترجیحی زمرے کے تحت تیار کی جا سکتی ہے اور فہرست/ترجیحی زمرے کے مطابق الاٹمنٹ کی جا سکتی ہے۔

## 19.0 دستاویزات اور اسناد

1. **رجسٹریشن کے لیے درکار اسکین شدہ دستاویزات:**
   - امیدوار کی تصویر
   - امیدوار کا دستخط
   - 10ویں یا12ویں میں اردو بطور مضمون یا بحیثیت ذریعۂ تعلیم پڑھی ہو یا مانو سے تسلیم شدہ مدرسہ سے اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس کی تکمیل کے سرٹیفکیٹ کی اسکین شدہ نقل۔
   - متعلقہ زمرے کے صداقت نامے کی اسکین شدہ کاپی (او بی سی / ایس سی / ایس ٹی / معاشی پسماندہ طبقہ / جسمانی معذورین)
   - رجسٹریشن کے وقت مذکورہ بالا صداقت ناموں کے علاوہ امیدوار کا ای میل اور موبائیل نمبر بھی مطلوب ہے۔
2. **دستاویزات کی تصدیق:** یونیورسٹی درخواست گزاروں کی جانب سے پیش کی گئی اہلیتوں / تعلیمی قابلیتوں، تحفظات ورعایتوں وغیرہ کے زمروں کی تصدیق داخلے کے وقت کرے گی۔ دستاویزات کی تصدیق کے موقع پر تعلیمی قابلیتوں میں اگر کوئی کمی پائی جائے تو داخلہ منسوخ کر دیا جائے گا۔
3. داخلہ لینے والا کوئی طالب علم اگر اہلیتی امتحان کی سند ویریفیکشن کے لیے مانو کے متعلقہ شعبے / فیکلٹی / مرکز میں مقررہ تاریخ میں جمع کرنے سے قاصر ہے تو اس کا داخلہ منسوخ ہو جائے گا اور تمام فیس ضبط کر لی جائیں گی۔

## 20.0 فیس کی ادائیگی اور واپسی کی پالیسی

1. **فیس کی ادائیگی:** مختلف پروگراموں کے لیے منتخبہ امیدواروں کو ای میل کے ذریعے فیس کی تفصیلات (پراسپیکٹس کے مطابق) اور داخلے کے وقت فیس ادائیگی کے طریقہ کار کے متعلق اطلاع دی جائے گی۔
2. **خواتین امیدواروں کو ٹیوشن فیس سے استثنیٰ (صرف پہلے سمسٹر کے لیے):** یونیورسٹی نے صنفی مساوات اور مختلف پروگراموں میں خواتین کے داخلوں میں اضافے کو یقینی بنانے کے لیے خواتین امیدواروں کو پہلے سمسٹر کی ٹیوشن فیس کی ادائیگی سے چھوٹ دی ہے سوائے پی ایچ ڈی، بی ووک اور ایم اے لیگل اسٹڈیز کے امیدواروں کے۔
3. **معذور امیدواروں کو ٹیوشن فیس سے استثنیٰ:** PwD زمرے کے تمام طلباء کے لیے 2019-2020 سے 100٪ ٹیوشن فیس کی چھوٹ متعارف کرائی گئی ہے تاکہ مختلف پروگراموں میں ان کے اندراج کی حوصلہ افزائی کی جا سکے۔ سوائے سیلف فنانس موڈ پروگرام (B.Voc., M.A. لیگل اسٹڈیز)۔
4. **فیس پر نظر ثانی:** یونیورسٹی کورس کی مدت کے دوران فیس ڈھانچے پر نظر ثانی کا حق رکھتی ہے۔

5. **فیس واپسی پالیسی:** اگر کوئی طالب علم کسی بھی وقت اپنے تعلیمی پروگرام کو منسوخ یا منقطع کرنا چاہتا ہے تو اسے اس کی اجازت ہوگی۔ فیس واپسی کی پالیسی ذیل کے مطابق ہوگی:

| سلسلہ نمبر | مجموعی فیس کی واپسی کا فیصد | یونیورسٹی کو داخلے سے دستبرداری کی اطلاع دینے کا وقت |
|---|---|---|
| 1 | 100% | داخلے کی آخری تاریخ سے 15 یا اس سے زائد دن قبل |
| 2 | 90% | داخلے کی آخری تاریخ سے 15 سے کم دن قبل |
| 3 | 80% | داخلے کی آخری تاریخ کے بعد 15 دن کے اندر |
| 4 | 50% | داخلے کی آخری تاریخ کے بعد 15 سے 30 دنوں کے اندر |
| 5 | 0 % | داخلے کی آخری تاریخ سے 30 دنوں کے بعد |

AICTE ریگولیٹڈ کورسز کے معاملے میں، فیس کی واپسی AICTE نوٹیفکیشن / ریگولیشنز کے مطابق کی جائے گی مزید، طالب علم کو ٹرانسفر سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے No-Dues Clearance Certificate جمع کرنے کی ضرورت ہے۔ طالب علم کو صداقت نامہ منتقلی (T.C) کے حصول کے لیے صداقت نامہ بے باقی (No Dues Certificate) داخل کرنا ہوگا۔ صداقت نامہ منتقلی پر متعین طور سے 'پروگرام منقطع' کا جملہ تحریر ہوگا۔ اگر امیدوار یونیورسٹی کے کسی ایک پروگرام سے دوسرے پروگرام میں منتقل ہونا چاہتا ہے تو یہ داخلے کے عمل کی تکمیل سے قبل اسی وقت ممکن ہے جب کہ وہ اس میں داخلے کی شرائط پوری کر رہا ہو اور درخواست گزار بھی ہو۔

## 21.0 دیگر اہم ہدایات برائے داخلہ:

1. کسی بھی صورت میں غلط / نامکمل درخواستیں مسترد کر دی جائیں گی۔ اس لیے امیدواروں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ درخواست فارم پُر کرنے اور پر کردہ درخواست فارم داخل کرنے سے پہلے پراسپکٹس کا بغور مطالعہ کر لیں۔
2. امیدواروں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے نام اور تاریخ پیدائش کے کالموں کو پُر کرتے ہوئے مکمل احتیاط سے کام لیں۔ (یہ معلومات SSC یا میٹرک یا اس کے مساوی سرٹیفکیٹ کے مطابق ہونی چاہیے)۔
3. یونیورسٹی کو کسی بھی درخواست کو مسترد کرنے اور یونیورسٹی کے اصول وضوابط کے مطابق کسی معقول سبب سے کسی بھی امیدوار کا داخلہ منسوخ کرنے کا حق حاصل ہے۔ تمام داخلے عارضی ہیں؛ یونیورسٹی کو کسی بھی وقت کسی بھی طالب علم کا داخلہ منسوخ کرنے کا حق ہوگا۔
4. اگر کوئی امیدوار معینہ تاریخ تک داخلے کے ضابطوں کی تکمیل سے قاصر رہے تو وہ اپنے داخلہ کے حق سے محروم ہو جائے گا۔
5. اگر کوئی طالب علم اپنا داخلہ منسوخ کروانا چاہتا ہو تو اسے اپنے لاگ ان آئی ڈی کے ذریعے ایک آن لائین درخواست داخل کرنی ہوگی اور یونیورسٹی کی فیس واپسی پالیسی کے مطابق اس کی فیس واپس کر دی جائے گی۔ البتہ درخواست فیس واپس نہیں ہوگی۔
6. اگر یونیورسٹی کوئی کورس فراہم نہ کرنے کا فیصلہ کرتی ہے تو وہ درخواست فیس کے سوا ساری فیسیں واپس کر دے گی۔
7. اگر کسی امیدوار کے متعلق داخلہ فارم میں فراہم کردہ معلومات میں بوقت معائنہ یا داخلے کے بعد بھی کوئی کمی یا غلطی پائی جائے یا اس کی فراہم کردہ دستاویزات میں کوئی بھی نقص پایا جائے تو اس کا داخلہ منسوخ کر دیا جائے گا۔ ایسے امیدوار کی جانب سے یونیورسٹی کو ادا کی گئی فیس واپس نہیں کی جائے گی۔ نیز یونیورسٹی اس کے خلاف دھوکہ دہی کے ضمن میں قانونی کارروائی کر سکتی ہے۔
8. درخواست گزار اگر (عوامی یا خانگی اداروں یا تنظیموں میں) ملازم ہے تو اسے داخلے کے وقت پروگرام کی مدت کے لیے امپلائر کی جانب سے فراہم کردہ "رخصت کی تصدیق" اور "صداقت نامہ عدم اعتراض" (No Objection Certificate) پیش کرنا ہوگا۔
9. کسی بھی منتخب امیدوار کو اپنی غیر حاضری میں کسی اور کے ذریعے داخلے کے ضوابط کی تکمیل کی اجازت نہیں ہوگی۔
10. تمام پروگراموں میں داخلہ حاصل کیے ہوئے طلبا کو یونیورسٹی کے موجودہ ضوابط اور وقت بہ وقت جاری کیے جانے والے ضوابط کی پابندی کرنی ہوگی۔
11. **پروگرام کی مدت:** کسی بھی پروگرام کی تکمیل کی زیادہ سے زیادہ مدت اصل مدت سے دو سال زائد (4 سمسٹر) ہوگی، قطع نظر اس سے کہ متعلقہ پروگرام کی مدت جو بھی ہو۔ ڈی ایل ایڈ، بی ایڈ اور ایم ایڈ کی تکمیل کی زیادہ سے زیادہ مدت تین سال ہوگی (نیشنل کونسل فار ٹیچر ایجوکیشن کے ضوابط کے مطابق)۔

12. **داخلہ امتحان کے سوالیہ پرچوں کا نمونہ:** تمام پروگراموں کے داخلہ امتحانات کے سوالیہ پرچوں کا نمونہ یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ یہ امتحان صرف کثیر انتخابی سوالات کے نمونے پر ہوگا۔ اور جوابی شیٹ OMR شیٹ کی صورت میں ہوگی۔ https://manuu.edu.in/University/Old-Entrance-Papers

13. **مماثل اسناد کی فہرست:** مختلف پروگراموں میں داخلے کے لیے یونیورسٹی کی جانب سے تسلیم شدہ مدارس و دیگر اداروں کی مماثل اسناد کی فہرست یونیورسٹی کی ویب سائٹ / پراسپکٹس میں موجود ہے۔

14. **میرٹ فہرستیں:** داخلہ امتحان میں کامیاب ہونے والے امیدواروں کی میرٹ فہرست اور اہل امیدواروں کی فہرست طے شدہ نظام العمل کے مطابق ان کے متعلقہ شعبوں / کالجز / مراکز کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کرنے کے علاوہ یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر بھی جاری کی جائے گی۔ اہل / منتخب امیدواروں کو ان کے داخلے سے متعلق تازہ ترین معلومات ایس ایم ایس اور ای میل کے ذریعے بھی فراہم کی جائیں گی۔

15. **قانونی معاملات کا دائرہ کار:** تمام قانونی تنازعات کا دائرہ کار **حیدرآباد کی عدالتوں کے دائرہ کار** تک محدود رہے گا۔

16. متعدد ادائیگی کی واپسی (Refund of multiple payments): کئی بار کامیاب ٹرانزیکشن کی صورت میں امیدوار دو ہفتے کے اندر تمام تفصیلات اور ادائیگی کی رسید کے ساتھ admissionsregular@manuu.edu.in پر ای میل کریں۔ تصدیق کے بعد واپسی کا عمل شروع کیا جائے گا۔

## 21.1 داخلہ فارم جمع کرنے کا طریقہ

1. امیدواروں سے خواہش کی جاتی ہے کہ وہ درخواست فارم پر کرنے سے پہلے پراسپیکٹس ضرور پڑھیں۔
2. **امیدواروں کو ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ فارم داخل کرنے آن لائین فراہم کردہ ہدایات کا غور سے مطالعہ کرلیں اور اس کی پابندی کریں۔**
3. غلط / نامکمل درخواست فارم مسترد کردیے جائیں گے۔ اس لیے امیدواروں کو ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ درخواست پر کرنے اور اسے جمع کرنے سے قبل پراسپکٹس کا غور سے مطالعہ کرلیں۔
4. داخلے کا رجسٹریشن کروانے کے لیے امیدوار اسی آن لائین درخواست فارم کا استعمال کریں جو مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے داخلہ پورٹل پر دستیاب ہے۔ www.manuu.edu.in, https://manuucoe.in/RegularAdmission/.
5. آن لائین فارم جمع کرنے کی کارروائی درج ذیل دو مرحلوں پر مشتمل ہے:
   a. **امیدوار کا رجسٹریشن:** امیدوار کی بنیادی معلومات کا اندراج؛ اور
   b. **داخلہ امتحان کی درخواست جمع کرنا:** پروگرام / پروگراموں کا انتخاب، زمرہ اور پروسپکٹس کے متعلقہ حصے میں مذکورہ درخواست فیس جمع کرنا۔
6. داخلے کے لیے درخواست دینے سے قبل، امیدوار کو ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ پراسپکٹس کے مطابق اپنی اہلیت کا تیقن کرلے۔
7. رجسٹریشن کی کارروائی کے وقت امیدوار کے پاس درج ذیل معلومات تیار رہنی چاہیے:
   a. ایک مستند ای میل آئی ڈی اور موبائیل فون نمبر - امیدوار کے ساتھ مستقبل کی تمام ترسیل امیدوار کے اسی رجسٹر شدہ ای میل اور موبائیل پر ہی بھیجی جائے گی۔
   b. امیدوار کی ایک رنگین پاسپورٹ سائز کی اسکین شدہ تصویر (زیادہ سے زیادہ 100KB سائز) جو JPG/JPEG فارمیٹ میں اور سفید پس منظر کے ساتھ ہو۔
   c. امیدوار کی دستخط کی اسکین شدہ نقل (زیادہ سے زیادہ 100KB سائز) اور JPG/JPEG فارمیٹ میں ہو۔
   d. 10 ویں یا 12 ویں یا اس کی مماثل سطح پر اردو بطور مضمون یا ذریعہ تعلیم کے صداقت نامے کی اسکین شدہ نقل۔
   e. آن لائین ادائیگی کی تفصیلات، جیسے کریڈٹ کارڈ، ڈیبٹ کارڈ یا نیٹ بینکنگ وغیرہ۔

8. جیسے ہی رجسٹریشن کی کارروائی مکمل ہو جائے گی سسٹم کی جانب سے ای میل اور ایس ایم ایس پر ایک منفرد رجسٹریشن نمبر اور ای میل اور فون نمبر کی تصدیق کے لیے ایک تصدیقی کوڈ ارسال کیا جائے گا۔

9. رجسٹر شدہ امیدوار اس رجسٹریشن نمبر کو **لاگ اِن آئی ڈی اور تصدیقی کوڈ** کو پاس ورڈ کے طور پر استعمال کر کے ایڈمیشن پورٹل تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ پورٹل میں لاگ ان ہونے کے لیے سسٹم ان کا مطالبہ کرے گا۔

- ہر سمسٹر کے اختتام پر امتحانات کی متعلقہ اسکیم یعنی نظام الاوقات کے مطابق یونیورسٹی کے امتحانات منعقد ہوں گے۔ یونیورسٹی اپنے تعلیمی کیلنڈر کے مطابق طاق و جفت سمسٹروں کے امتحانات کا انعقاد کرے گی۔ بیک لاگ / نمبروں میں اضافے کے لیے امتحان دینے والے طلبا متعلقہ طاق / جفت سمسٹروں کے امتحانات میں شریک ہو سکیں گے۔ یونیورسٹی میں کوئی سپلمنٹری امتحانات نہیں ہوں گے۔
- کسی بھی پروگرام کے صرف آخری سمسٹر کے طلبا کو یہ استثنیٰ حاصل ہوگا کہ وہ فوری گزرے ہوئے طاق سمسٹر کے بیک لاگ پرچوں کے امتحانات کے لیے رجسٹر کرواسکتے ہیں۔ مثال کے طور پر کسی دوسالہ پروگرام میں سمسٹر IV کے طلبا کو بیک لاگ پرچے کامیاب کرنے کے لیے سمسٹر IV کے امتحانات کے ساتھ ساتھ سمسٹر III کے امتحانات میں شرکت کا موقع ہوگا۔
- کسی طالب علم کو کسی سمسٹر کے سمسٹر اختتام امتحان میں اس وقت مکمل طور پر کامیاب سمجھا جائے گا جب کہ اس نے ذیل میں دیے گئے اقل ترین نمبر حاصل کیے ہوں۔

| سمسٹر کے اختتامی امتحانات میں کامیابی کے لیے اقل ترین نمبر (SEE) | | مسلسل داخلی تعین قدر میں کامیابی کے لیے اقل ترین نمبر (CIE) | |
|---|---|---|---|
| فی سمسٹر | اقل ترین نمبر | فی سمسٹر | اقل ترین نمبر |
| فی نظری مضمون | 40٪ | فی نظری مضمون | 40٪ |
| فی عملی مضمون | 50٪ | فی عملی مضمون | 50٪ |

- پی ایچ ڈی کورس ورک میں کامیاب ہونے کے لیے CIE اور SEE دونوں میں کم سے کم 55٪ نمبرات ضروری ہیں۔
- اگر کوئی طالب علم طاق اور جفت سمسٹر امتحانات کے کسی مضمون / کورس / پرچے میں اقل ترین نمبر حاصل کرنے میں ناکام ہو جائے تو وہ متعلقہ طاق / جفت سمسٹر کے صرف ناکام مضامین / پرچوں (بیک لاگ کورسز / پرچوں) ہی کے امتحان میں شریک ہو سکتا ہے۔
- مانولا اسکول میں جانچ و تعین قدر: چار کریڈٹ کورسز کے لیے CIE اور SEE کے نمبروں کا ویٹیج 50+50 نمبروں کا ہوگا اور 2 کریڈٹ کے کورسز کے لیے 25+25 کا ہوگا۔

## 24.3 ترقی کے ضوابط

- طاق سمسٹر سے جفت سمسٹر میں طالب علم کی ترقی خود بخود ہو جاتی ہے سوائے اس کے کہ حاضری کی کمی کی وجہ سے اسے روک دیا گیا ہو۔
- طالب علم کو جفت سمسٹر سے طاق سمسٹر یعنی دوسرے سال میں منتقل ہونے کی اسی وقت اجازت دی جائے گی جب کہ اس نے جفت سمسٹر کے اختتام پر سی بی سی ایس پر مبنی پروگرام کی صورت میں کم سے کم 5.0 سی جی پی اے برقرار رکھا ہو یا غیر سی بی سی ایس پروگرام کی صورت میں کل کورسز / پرچوں میں سے کم از کم 50٪ کامیاب کیے ہوں۔ ایسا نہ کرنے کی صورت میں وہ سابق طالب علم کی حیثیت سے اسی سال میں رہے گا یہاں تک کہ وہ کم سے کم 5.0 سی جی پی اے حاصل کر لے یا درکار تعداد میں کورسز / پرچے کامیاب کر لے۔
- جس طالب علم کو حاضری کی کمی کی وجہ سے روک دیا گیا ہو اسے اگلے سمسٹر میں ترقی کا موقع نہیں دیا جائے گا اور اسے ریگولر طالب علم کی حیثیت سے دوبارہ رجسٹر اور اگلے بیچ کے طلبا کے ساتھ مذکورہ سمسٹر کے تمام کورسز کا اعادہ کرنا ہوگا۔
- اگر کوئی طالب کسی پروگرام کے پہلے سمسٹر میں حاضری کی کمی کے باعث موقوف کر دیا گیا ہو اسے اگلے سال اسی سمسٹر میں دوبارہ داخلہ والے امیدوار کے طور پر رجسٹر کروانے کا موقع دیا جائے گا بشرطیکہ اس نے کم سے کم 40٪ حاضری پوری کی ہو۔
- پہلے سمسٹر میں 40٪ سے کم حاضری پوری کرنے والے طلبا کو موقوف کر دیا جائے گا اور ان کا داخلہ منسوخ ہو جائے گا۔ اگر وہ اس پروگرام کو جاری رکھنا چاہتے ہوں تو انہیں دوبارہ نئے امیدوار کی حیثیت سے درخواست دینی ہوگی اور اعلامیہ کے مطابق داخلہ کی کارروائی میں مسابقت کرنی ہوگی۔
- جو طالب علم کسی کورس کے نظری یا عملی امتحان میں ناکام ہو جاتا ہے تو اسے اس کورس کے نظری اور عملی دونوں امتحانات دوبارہ دینے ہوں گے۔
- جو طالب علم مسلسل داخلی تعین قدر / کسی پرچے یا کورس کی داخلی جانچ میں ناکام ہو جائے تو اسے اس کورس / پرچے کے سمسٹر اختتام امتحان میں شریک ہونے کی اجازت نہیں ہوگی۔ اسے اگلے طاق / جفت سمسٹر میں اس کورس کے داخلی امتحان اور سمسٹر اختتام امتحان دونوں میں دوبار شرکت اور کامیابی حاصل کرنی ہوگی۔
- جو طالب علم ریگولر امتحانات میں فیس کی ادائیگی کے ذریعے رجسٹریشن کے بعد پہلے سے اطلاع کے ذریعے شرکت نہ کرے تو اسے اگلے متعلقہ سمسٹر امتحان میں فیس کے بغیر دوبارہ رجسٹریشن کی اجازت ہوگی۔

## 24.4 امتحانات کی اصلاحات اور خودکاری

امتحانات میں اصلاحات کی صورت میں اور اس میں معروضیت، شفافیت اور غیر جانب داری کو شامل کرنے کے لیے یونیورسٹی نے طے کیا ہے کہ نتائج کی اشاعت سے قبل سمسٹر اختتامی امتحانات کے جوابی پرچے طلبا کو دکھائے جائیں۔

## 24.5 پالی ٹکنک کالجز - جانچ کی اسکیم

مانو پولی ٹیکنک کالجز نے ڈپلوما کورسز برائے انجینئرنگ و ٹیکنالوجی کے لیے 2020-21 سے AICTE کے ماڈل نصاب 2019 کو سے نافذ العمل کر دیا ہے اور اس کی جانچ کا طریقہ کار درج ذیل ہے:

**کورس اسسمنٹ:**

مسلسل داخلی جانچ (CIE) اور سمسٹر کے آخر میں امتحان (SEE)

• **نظری کورسز**

داخلی جانچ 40٪ اور سمسٹر کے آخری امتحان کے لیے 60٪ ہے۔

طلبہ کو پاس ہونے کے لیے داخلی جانچ اور سمسٹر کے آخری امتحان میں الگ الگ کم از کم 40٪ نمبر حاصل کرنا ضروری ہیں۔

• **عملی کورسز**

داخلی جانچ 60٪ اور آخر سمسٹر امتحان کے لیے 40٪ ہے

طلبہ کو پاس ہونے کے لیے داخلی جانچ اور آخر سمسٹر امتحان دونوں میں الگ الگ کم از کم 40٪ نمبر حاصل کرنے ہوں گے۔

• **سمر انٹرن شپ / پروجیکٹس / سیمینار وغیرہ**

جائزہ کام، رپورٹ کے معیار، ویوا-وائس (زبانی امتحان) میں کارکردگی، پریزنٹیشن وغیرہ کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔

• **مسلسل داخلی جانچ (CIE)**

صرف وہی طلبہ جنہوں نے CIE میں کم از کم معیار (پاسنگ مارکس) برقرار رکھا ہوتا ہے، انہیں کورس کے آخر سمسٹر کے امتحان (SEE) میں بیٹھنے کی اجازت دی جاتی ہے۔ اس طرح، اگر کسی بھی کورس / پیپر کے / CIE داخلی جانچ اور پریکٹیکل میں کوئی طالب علم فیل ہو جاتا ہے تو اسے اس کورس / پیپر کے / SEE سمسٹر کے آخری امتحانات میں شرکت کی اجازت نہیں دی جائے گی اور اسے متعلقہ طاق / جفت سمسٹر میں / CIE پریکٹیکل اور SEE دونوں دوبارہ دینا ہوں گے۔

ہر سمسٹر میں مسلسل داخلی جانچ (CIE) کے لیے ذیل کے مطابق نمبر دیے جائیں گے:

| نظری | | عملی | | ہم نصابی وزائد نصابی سرگرمی | |
|---|---|---|---|---|---|
| کلاس ٹسٹ | 30 | عملی امتحان | 30 | سرگرمی کی رپورٹ | 35 |
| تفویضات / کوئیز / سیمینار | 10 | جامع تعین قدر<br>زبانی امتحان | 30<br>10 | پیش کش / سیمینار | 15 |
| **کل (مسلسل داخلی جانچ)** | **40** | **کل (مسلسل داخلی جانچ)** | **60** | **کل (مسلسل داخلی جانچ)** | **50** |

## 24.6 پالی ٹکنک کالجز - اصول برائے ترقی

1. طاق سمسٹر سے جفت سمسٹر میں ترقی خود بخود ہو جائے گی سوائے ان طلبا کے جنہیں حاضری کی کمی کے سبب روک دیا گیا ہو۔
2. طالب علم کو جفت سمسٹر سے طاق سمسٹر یعنی دوسرے سال میں پیش رفت کی اجازت اسی وقت دی جائے گی جب وہ جفت سمسٹر کے اختتام پر کم از کم 4.0 سی جی پی اے کو برقرار رکھے گا۔ اگر ایسا نہ ہو تو طالب علم سابق طالب علم کی حیثیت سے اس وقت تک اسی سمسٹر میں رہے گا جب تک کہ وہ 4.0 کا کم سے کم مطلوبہ سی جی پی اے حاصل نہ کر لے۔

| سلسلہ نمبر | ترقی | ترقی کے لیے شرائط |
|---|---|---|
| 1. | کسی سال کے طاق اور جفت سمسٹر کے درمیان | کسی سال میں مخصوص سمسٹر کے ریگولر اسٹڈی کورس میں 75 فیصد حاضری اور سمسٹر اختتامی امتحان کے لیے رجسٹریشن اور سمسٹر فیس کی ادائیگی (امتحان فیس شامل ہے)۔ |
| 2. | ایک سے دوسرے سال کے درمیان | a) کسی سال میں مخصوص سمسٹر کے ریگولر اسٹڈی کورس میں 75 فیصد حاضری اور سمسٹر اختتامی امتحان کے لیے رجسٹریشن اور سمسٹر فیس کی ادائیگی (امتحان فیس شامل ہے)۔<br>b) جفت سمسٹر کے اختتام پر 4.0 کا کم سے کم مطلوبہ سی جی پی اے حاصل کر لے |

## 25.0 بین الاقوامی طلبا کے داخلے کا طریقہ

- تمام ایسے امیدوار جو بھارت کے باشندے نہیں ہیں انہیں غیر ملکی شہری سمجھا جائے گا۔
- بھارتی طلبہ کو یونیورسٹی کے پروگراموں کے لیے درخواست دینے کی خاطر جو نوٹی فیکیشن جاری کیا جاتا ہے وہی غیر ملکی شہریوں کے لیے بھی لاگو ہوگا۔ غیر ملکی شہریوں سے درخواستیں طلب کرنے کے لیے کوئی علیحدہ نوٹیفیکیشن جاری نہیں کی جائے گی۔
- تحقیقی پروگرام میں غیر ملکی شہریوں کے داخلے کے لیے میرٹ اور انٹرویو کے طریقہ کار کا استعمال کیا جائے گا۔
- اگر غیر ملکی امیدوار اہل ہیں تو انہیں طے شدہ انٹرویو کی تاریخ پر دیگر امیدواروں کے ساتھ (آن لائن) انٹرویو دینا ہوگا۔
- پی ایچ ڈی پروگرام میں غیر ملکی طلبہ کے انتخاب کے لیے ماسٹر ڈگری میں 50٪ نمبر اور انٹرویو میں 50٪ نمبر کو معیار کے طور پر مد نظر رکھا جائے گا۔
- غیر ملکی شہریوں کو بھارتی طلبہ کے لیے متعین کردہ کم از کم اہلیت کے معیار کو پورا کرنا ضروری ہے۔ اگر کسی غیر ملکی شہری کے بورڈ / ادارہ / یونیورسٹی میں اہلیت کی شرط کے طور پر تجویز کردہ پروگرام میسر نہیں، تو داخلہ کمیٹی متبادل مساوی پروگرام پر غور کر سکتی ہے۔
- پی ایچ ڈی پروگرام کے لیے درخواست دینے والے غیر ملکی شہریوں کو ایک ایسا سرٹیفکیٹ پیش کرنا ہوگا جو یہ ظاہر کرے کہ ان کا تعلیمی پروگرام مطالعے کی مدت اور معیار کے لحاظ سے اس کو ایفائنگ ڈگری امتحان کے برابر ہے جسے اس یونیورسٹی نے تسلیم کیا ہے۔
- اگر کسی غیر ملکی شہری کا پی ایچ ڈی پروگرام میں انتخاب ہوتا ہے، تو اسے ای میل کے ذریعے داخلہ کا خط بھیجا جائے گا۔
- اگر کسی غیر ملکی شہری کا پی ایچ ڈی پروگرام میں انتخاب ہوتا ہے تو اسے درج ذیل دستاویزات پیش کرنی ہوں گی:

  a) طالب علم کا ویزا؛ b) بھارت حکومت کی طرف سے تجویز کردہ طبی سرٹیفکیٹ؛ اور c) وزارت خارجہ (MEA) کی کلیرنس۔
- پی ایچ ڈی پروگرام میں داخل کیے گئے غیر ملکی شہریوں کو فل ٹائم سے پارٹ ٹائم میں تبدیل ہونے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔
- داخلے کے بعد، غیر ملکی تحقیقی اسکالرز کو پی ایچ ڈی کی تکمیل سے قبل یونیورسٹی کی جانب سے پیش کردہ 2 کریڈٹ کا اردو کورس پاس کرنا ضروری ہوگا۔

## 25.1 غیر ملکی طلبا کے اندراج کا دفتر:

تمام غیر ملکی طلبا کے لیے لازمی ہوگا کہ ہندوستان پہنچنے کے 14 دن کے اندر وہ غیر ملکیوں کے اندراج کے دفتر (F.R.O) میں اپنا نام درج کروالیں۔ غیر ملکیوں کے اندراج کا دفتر (F.R.O) غیر ملکی قومیت کے طلبا کے لیے ایک سال کی مدت تک کارگر ایک رہائشی اجازت نامہ دیتا ہے اور اس کو آخری تاریخ کے ختم ہونے سے 15 دن قبل دوبارہ کارگر دبنایا جاسکتا ہے۔ رجسٹریشن کے وقت درج ذیل دستاویزات داخل کرنا ضروری ہے۔

a. پروویژنل داخلہ / اہلیتی خط

b. پاسپورٹ مع اسٹوڈنٹ ویزا

c. رہائشی ثبوت

d. تعلیمی صداقت نامہ

e. ہندوستان آمد پر کسی مسلمہ دواخانے سے حاصل کردہ HIV صداقت نامہ

f. یا کوئی اور ڈاکومنٹ جو فارین رجسٹریشن آفس مطالبہ کرے

- **داخلہ کے لیے درخواست فارم کے ساتھ حسب ذیل دستاویزات داخل کی جائیں۔**
  - ہائی اسکول سے اوپر کی تمام اسناد اور مارکس شیٹ یا گریڈ کارڈ کی نقول مصدقہ انگریزی ترجمہ (اگر دستاویزات دوسری زبان میں ہوں) کے ساتھ داخل کی جائیں۔
  - جس جگہ طالب علم نے اپنی تعلیم مکمل کی ہے وہاں کے پرنسپل / ڈائرکٹر آف کالج / مرکز / یونیورسٹی کی جانب سے ایک سفارشی خط۔ اس خط کو لازماً مہر بند ہونا چاہیے یا پھر جس شعبہ میں داخلہ مطلوب ہو اس کے صدر کو براہ راست یا بذریعہ ای میل بھی بھیجا جاسکتا ہے۔
  - ایسے طلبا جنہیں پی ایچ ڈی میں داخلہ مطلوب ہو وہ اپنی تحقیق کا مجوزہ خاکہ بھی داخل کریں۔
  - مناسب مالی امداد اور اسکالرشپ کا ثبوت.

- **داخلے کے وقت پیش کی جانے والی دستاویزات:**
  - تمام اصل اسناد، اگر دستاویزات انگریزی کے بجائے دوسری زبان میں ہوں تو ان کا انگریزی ترجمہ
  - پاسپورٹ کی نقل اور ویزا

- کسی مسلمہ دواخانے سے طبی صحت کی موزونیت کا صداقت نامہ
- متعینہ فیس
- تمام دستاویزات کی نقول کے دو سیٹ
- پاسپورٹ سائز کی 12 تازہ ترین رنگین تصاویر
- مناسب ڈاک ٹکٹ کے حامل 4 لفافے جن پر اپنا پتہ درج ہو۔
- دو معتبر شخصیات کے سفارشی خطوط

جب کسی غیر ملکی طالب علم کا داخلہ یونیورسٹی کے کسی بھی تعلیمی پروگرام میں ہو جائے تو اسے بین الاقوامی طالب علم تصور کیا جائے گا۔

## 26.0 طلبا کے لیے کیمپس میں موجودہ سہولیات

### 26.1 کھیل کود

بیرونی سہولیات میں کرکٹ، فٹ بال، والی بال، کبڈی اور کھو-کھو کے لیے میدان موجود ہیں۔ انڈور کھیلوں کے لیے سہولیات مثلاً بیڈمنٹن (لکڑی کے کورٹ)، ٹیبل ٹینس، کیرم، شطرنج اور جم بھی دستیاب ہیں۔ ڈائریکٹریٹ NEP کے تحت کھیل اور جسمانی تعلیم میں کورسز بھی پیش کرتا ہے۔

### 26.2 یونیورسٹی کا شفاخانہ

یونیورسٹی کا شفاخانہ ڈاکٹروں، نرسوں اور نیم طبی عملے کی ایک ٹیم کے ذریعے کام کرتا ہے۔ یونیورسٹی کے تمام طلبا اور عملے کے لیے تمام کام کے دنوں میں صبح 9 بجے تا شام 8 بجے تک بنیادی علاج و معالجہ کا انتظام ہے۔ یونیورسٹی میں مرد و خواتین مریضوں کے لیے علاحدہ علاحدہ وارڈ بھی موجود ہیں جہاں ہنگامی حالات میں دیکھ بھال اور انٹراوینس فلیوڈس، علاج اور نرسنگ دیکھ بھال کی سہولت موجود ہے۔ مرکز صحت میں ایک بیسک ایکسرے یونٹ، مختلف طبی جانچوں کے لیے ایک لیبارٹری، فارمیسی اور کونسلنگ خدمات بھی فراہم ہیں۔ تمام مریضوں کو طبی علاج مفت میں فراہم کیا جاتا ہے۔

یونیورسٹی ایک معیاری بیمہ کمپنی کے ذریعے طبی بیمہ کی فراہمی میں طلبہ کی مدد کرتی ہے جسے وہ داخل اسپتال ہونے کی صورت میں استعمال کر سکتے ہیں۔

ہیلتھ سنٹر میں طلباء کو نفسیاتی مشاورت اور رہنمائی فراہم کرنے کا بھی انتظام ہے۔ مذکورہ طبی خدمات کے علاوہ، یونیورسٹی طلبا کو کسی بھی قسم کی صحت یا طبی سہولت فراہم نہیں کرے گی۔

### 26.3 یونیورسٹی شاپنگ کامپلکس اور کینٹین

مرکزی کیمپس کے شاپنگ کامپلکس میں درج ذیل دکانیں موجود ہیں: اسٹیشنری، لانڈری، گروسری اور اشیائے ضروریہ کا اسٹور، کھانے کا اسٹال، کیفے ٹیریا، مردوں کا اصلاح خانہ، لیڈیز ٹیلر، بیوٹی پارلر۔ ہاسٹل میں مقیم طلبا کے لیے طلبا کی جانب سے منظم کیے جانے والے ہاسٹل کے طعام خانے کے علاوہ غیر مقیم طلبا، عملے اور یونیورسٹی تشریف لانے والے مہمانوں کے لیے کینٹین کی سہولت بھی فراہم ہے۔

### 26.4 طلبا یونین

طلبہ کی ہمہ جہت فلاح و بہبود اور ان کی شخصیت کی مربوط ترقی کے لیے یونیورسٹی میں طلبا کی یونین بھی موجود ہے۔ ہر سال اس کے انتخابات منعقد ہوتے ہیں جس میں طلبا اپنی یونین کے لیے نمائندوں کا انتخاب کرتے ہیں۔ طلبا یونین یونیورسٹی کے طلبا کے لیے فلاحی سرگرمیوں کے علاوہ کھیل کود، ادب و ثقافت کی مختلف سرگرمیوں اور مقابلوں کا بھی اہتمام کرتی ہے۔

### 26.5 کوآرڈی نیٹر امورِ طلبائے قدیم

- کوآرڈینیٹر طلبائے قدیم کا دفتر یونیورسٹی اور اس کے طلبائے قدیم کے نیٹ ورک کے درمیان پل کا کام کرتا ہے۔ اس دفتر کے ذریعے ممتاز طلبائے قدیم اور یونیورسٹی کے طلباء کے درمیان ملاقات اور تبادلہ خیال کا ایک پلیٹ فارم فراہم کیا جاتا ہے۔
- کوآرڈینیٹر طلبائے قدیم کا دفتر بیان کردہ وژن اور مشن پر عمل درآمد شروع کر چکا ہے۔ "**ہمیں بتائیں کہ آپ کو ہماری کمی محسوس ہوتی ہے**" اس سلسلے میں، رجسٹریشن کے لیے یونیورسٹی کی ویب سائٹ - ایلومنی کوآرڈینیٹر لنک ضرور ملاحظہ کریں اور قیمتی ارکان بنیں۔ مزید معلومات کے لیے، براہ کرم ایلومنی کوآرڈینیٹر، MANUU سے ای میل deanalumnimanuu@gmail.com پر رابطہ کریں۔

## 26.6 انجمن طلبائے قدیم، مانو

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی (MANUU) کی انجمن طلبائے قدیم (Alumni Association of MANUU - AAM) جو کہ 2024 میں قائم کی گئی تھی، اس کا مقصد تعاون اور علم کے تبادلے کو فروغ دینے، طلبہ کو ان کے پیشہ ورانہ معاملات میں سپورٹ فراہم کرنا، اور تعلیمی و سماجی ترقی کے مختلف اقدامات کو فروغ دینا ہے۔ اس کے علاوہ، AAM موجودہ طلبہ کو فارغ التحصیل افراد سے منسلک کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے، جس سے تجربہ کار پیشہ ور افراد کا ایک نیٹ ورک تشکیل پاتا ہے جو رہنمائی، مشاورت اور صنعت کے حوالے سے قیمتی بصیرت فراہم کرتے ہیں۔

ایسوسی ایشن اختراعی تحقیق، بین شعبہ جاتی تعاون اور کمیونٹی سروس کی حوصلہ افزائی کرتا ہے، تاکہ تعلیمی اور غیر نصابی سرگرمیوں کو حقیقی دنیا کے تجربات سے مستحکم کیا جا سکے۔ اپنی متحرک پروگرامز اور تقاریب کے ذریعے، انجمن طلبائے قدیم مانو کے تمام طلبہ کی جامع ترقی اور کامیابی میں بھرپور کردار ادا کرتا ہے۔

مانو کے تمام کیمپس کے وہ فارغ التحصیل طلبہ جنہوں نے کوئی کورس مکمل کیا ہے، اور وہ طلبہ جنہوں نے مانو یا دیگر اداروں سے کوئی دوسرا کورس کیا ہے، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ نیچے دیے گئے لنک کے ذریعے رجسٹریشن کریں اور MANUU کے رجسٹرڈ ایلومنی بن جائیں۔

https://manuu.samarth.edu.in/alumni/index.php/site/login

مزید تفصیلات کے لیے (alumni@manuu.edu.in) https://manuu.edu.in/University/Alumni پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

## 26.7 بینک اور ڈاک خانہ

یونیورسٹی کے حیدرآباد کیمپس میں ایک بینک، اے ٹی ایم اور ڈاک خانے کی سہولت بھی موجود ہے تاکہ طلبا کی ضرورتوں کی تکمیل ہو سکے۔ یہ ہفتے میں چھ دن کام کرتے ہیں۔

# 27.0 ہاسٹل کی سہولتیں

## 27.1 حیدرآباد کیمپس پر ہاسٹل کی سہولت

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے حیدرآباد کیمپس میں لڑکوں کے چار اور لڑکیوں کے تین ہاسٹل موجود ہیں۔ چونکہ اس یونیورسٹی میں ملک کے مختلف علاقوں کے طلبہ آتے ہیں، اس لیے ہاسٹلوں میں دستیاب نشستوں کی تعداد مانگ کے مقابلے میں بہت کم ہے۔ یونیورسٹی کے کسی تعلیمی پروگرام میں صرف داخلہ ہاسٹل میں داخلے کی ضمانت نہیں ہے۔ یونیورسٹی کی 'مرکزی ہاسٹل داخلہ کمیٹی' 2022-23 کی جانب سے وضع کردہ معیارات کے مطابق ہر ہاسٹل میں دستیاب نشستوں کے لحاظ سے اہل درخواست گزاروں کو داخلہ 2022-23 کے لیے دیا جائے گا۔ ہاسٹل میں داخلہ دیے گئے طلبہ کی فہرست ہاسٹلوں کے نوٹس بورڈ اور یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر جاری کر دی جائے گی۔

طلبہ کو فراہم کی جانے والی ہاسٹل کی سہولت صرف ایک تعلیمی سال کے لیے ہوگی۔ تاہم وہ اگلے تعلیمی سال کے لیے از سر نو درخواست دے سکتے ہیں۔

داخلے یا دوبارہ داخلے کے لیے درخواست پرووسٹ کے دفتر میں داخل کی جائے۔ ہاسٹل کا فارم یونیورسٹی کے ویب سائٹ / IUMS پر دستیاب ہے۔

### 27.1.1 ہاسٹل فیس کی تفصیلات (2025-26)*:

| سلسلہ نمبر | فیس کی تفصیلات | قابل ادا رقم (روپے ₹) |
|---|---|---|
| 1 | ہاسٹل میں رہائش کی فیس | ₹1200 |
| 2 | ہاسٹل کی دیکھ بھال کی فیس | ₹1000 |
| 3 | گیس کے اخراجات | ₹2300 |
| | **کل** | **₹ 4500** |

مذکورہ بالا ہاسٹل فیس ہاسٹل میں داخلے کے وقت ادا کرنی ہوگی۔

### 27.1.2 طعام گاہ کی فیس کی تفصیلات (2025-26)* :

| سلسلہ نمبر | فیس کی تفصیلات | رقم (روپے) |
|---|---|---|
| 1 | طعام گاہ کی پیشگی فیس | 2000 |
| 2 | طعام گاہ زر ضمانت / پیشگی (جو مئی جون کے اختتام پر ایڈجسٹ کر دی جائے گی۔) | 1500 |
| 3 | کراکری اور برتن فیس | 400 |
| 4 | اخبارات / میگزین / تفریح | 200 |
| | **کل** | **4100** |

**مذکورہ بالا فیس ہاسٹل میں داخلے کے وقت طعام گاہ کے اخراجات کے لیے جمع کرنی ہوگی۔**

## 28.0 طلبا کی معاون خدمات

یونیورسٹی نے طلبا کی مدد کے لیے مختلف کمیٹیاں اور سیل تشکیل دیے ہیں۔ ان کمیٹیوں اور متعلقہ خدمات کے لیے براہ کرم یونیورسٹی کی ویب سائٹ - www.manuu.edu.in دیکھیں۔

### 28.1 داخلی شکایات کمیٹی

یو جی سی نے اپنے مراسلے D.O. No. F.91-3/2014 (GS) مورخہ 28 جولائی 2016 کے ذریعے تمام یونیورسٹیوں کو ایک داخلی شکایات کمیٹی کی تشکیل کی ہدایت جاری کی ہے تاکہ ادارہ جاتی سطح پر 'خواتین کے خلاف صنفی تشدد اور جنسی ہراسانی' کو روکنے، اس پر پابندی اور اس کے ازالہ کے اقدامات کی نگرانی کی جائے۔ یو جی سی کے ضوابط کے مطابق یونیورسٹی نے کام کے مقام پر خواتین کے خلاف تشدد اور جنسی ہراسانی کے واقعات سے نمٹنے کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ یہ کیمپس جنسی ہراسانی کے سلسلے میں مکمل عدم برداشت کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔

### 28.2 ازالہ شکایت کمیٹی

یو جی سی نے اپنے مراسلے D.O. No. F-1-2/2009 (EC/PS) (Vol. II) مورخہ 9 مارچ 2017 کے ذریعے تمام یونیورسٹیوں کو ایک ازالہ شکایت کمیٹی تشکیل دینے کی ہدایت جاری کی ہے تاکہ یو جی سی کے (ازالہ شکایت) ضوابط 2012 کے مطابق طلبا کی شکایات کا ازالہ کیا جائے۔ چنانچہ اس کے مطابق یونیورسٹی نے ایک کمیٹی تشکیل دی ہے جو طلبا کے حقوق اور دیگر امور میں شکایت کنندہ طلبا کی شکایات سے نمٹنے کا کام انجام دیتی ہے۔

### 28.3 مخالف ریگنگ کمیٹی

یو جی سی نے اپنے مراسلے D.O. No. F.1-15/2009 مورخہ 8 اگست 2016 کے ذریعے تمام یونیورسٹیوں کو ایک مخالف ریگنگ کمیٹی تشکیل دینے کی ہدایت جاری کی ہے تاکہ ادارہ جاتی سطح پر ریگنگ کو روکنے، اس پر پابندی اور اس کے ازالہ کے اقدامات اور اس سے متعلق امور کے سلسلے میں نگرانی کی جائے۔ چنانچہ اس کے مطابق یونیورسٹی نے ایک کمیٹی تشکیل دی ہے تاکہ ریگنگ کو روکنے، اس پر پابندی اور ریگنگ کے ہر حقیقی واقعہ کے حقائق کی بنیاد پر سزا یا کوئی اور اقدامات کے سلسلے میں مناسب فیصلے کیے جا سکیں۔

### 28.4 مساوی مواقع سیل

- مساوی مواقع سیل یو جی سی اسکیمات کے تحت i. مختلف سرکاری خدمات میں داخلے کے لیے مسابقتی امتحانات کی کوچنگ، ii. فیلو شپ یا لکچر شپ کے لیے نیٹ کی کوچنگ، iii. ضرورت مند طلبا کے لیے اصلاحی کوچنگ کلاسز اور iv. بینکوں، ریاستی و مرکزی حکومت کی ملازمتوں کے لیے مسابقت کے خواہش مند اقلیتوں کے ملازمتوں میں داخلے کی کوچنگ فراہم کرتا ہے۔
- یونیورسٹی نے مساوی مواقع سیل کے تحت سماج کے پچھڑے طبقات کے طلبہ کے تعاون اور انہیں سہولت کی فراہمی کے لیے مختلف سیل تشکیل دیے ہیں۔ ان میں سے بعض اہم یہ ہیں: سیل برائے پی ڈبلیو ڈی (معذورین)، ایس سی، ایس ٹی سیل، او بی سی سیل اور خواتین سیل۔ خواتین سیل اور بین الاقوامی طلبا سیل کے علاوہ مخالف امتیازی سلوک افسر اور ایس سی، ایس ٹی اور او بی سی سیل کے لیے رابطہ افسر کا بھی تقرر کیا گیا ہے۔ ان کی تفصیلات اور متعلقہ سہولتوں کی تفصیلات کے لیے براہ کرم یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.manuu.edu.in ملاحظہ فرمائیں۔

## 29.0 طلبا کے لیے امدادی خدمات

### 29.1 دفتر برائے ڈین بہبودی طلبا

ڈین برائے بہبودی طلبا(DSW) کا دفتر یونیورسٹی ہیڈ کوارٹر اور بیرون کیمپس تمام طلبا کی فلاح و بہبود کی سرگرمیاں انجام دیتا ہے۔ڈین برائے بہبودی طلبہ کا دفتر طلبہ کی انجمنوں کی تنظیم و ترقی، بشمول ان کے انتخابات، طلبہ کی کونسلنگ و رہنمائی کی سہولتوں، ہم نصابی و سماجی سرگرمیوں میں طلبہ کی شمولیت میں اضافہ، یونیورسٹی کے فیصلوں کے مطابق طلبہ کی مالی امداد، طلبہ و اساتذہ اور طلبہ و انتظامیہ کے تعلقات، کیریئر سے متعلق امور میں طلبہ کو رہنمائی اور مشورے دیتا ہے اور کیمپس پلیس منٹ، یونیورسٹی کی پالیسی کے مطابق طلبہ کے لیے صحت و علاج کی سہولتوں، گروپ میڈیکل انشورنس، طلبا کو بس پاس و ریلوے رعایت کی اجرائی اور طلبہ کی رہائشی زندگی سے متعلق امور میں مدد کرتا ہے۔

### 29.2.1 ثقافتی سرگرمی مرکز

مانو کے طلباء میں مختلف ادبی اور ثقافتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے ڈین بہبودی طلبہ کے زیر نگرانی ثقافتی سرگرمی مرکز کا قیام عمل میں آیا۔ طلباء کو ایک متحرک اور قابل عمل ماحول فراہم کرنے کے وژن کے تحت اس مرکز کو قائم کیا گیا تاکہ آزادانہ طور پر وہ اپنے خیالات کے تبادلے کے ساتھ ذوق جمال کی پرورش کر سکیں۔ ثقافتی سرگرمی مرکز نے اس وژن کو حقیقت میں بدل دیا ہے۔ یہ طلباء کو گفتگو کے لیے ایک پلیٹ فارم مہیا کرتا ہے اور ان کو اپنے ذوق و شوق کو فروغ دینے، صلاحیتوں کو نکھارنے اور بہتر کارکردگی کے لیے اسٹیج بھی فراہم کرتا ہے۔ مختلف ادبی اور ثقافتی کلب کے قیام سے لے کر اب تک کلب کے بینر تلے بہت سے پروگرام کامیابی کے ساتھ منعقد کیے جا چکے ہیں۔

### 29.2 پراکٹر دفتر

- پراکٹر اور اس کی ٹیم طلبہ کی تادیبی کارروائی اور اس سے متعلق تمام امور کی جانچ کرتی ہے۔ طلبہ کے غلط کردار / ضابطہ کی خلاف ورزی کے تمام معاملات پراکٹر کے علم میں لائے جائیں گے۔ معاملے کی شدت کے اعتبار سے پراکٹر تادیبی کمیٹی کو مناسب سفارشات کرے گا۔
- کیمپس میں ریگنگ ممنوع ہے۔ نشہ آور ادویات کا استعمال، ان کی فروخت اور خواتین کے ساتھ چھیڑ چھاڑ پر یونیورسٹی میں سخت پابندی ہے اور ان سرگرمیوں میں ملوث افراد کے خلاف ملک کے قانون کے مطابق سخت تادیبی و دیگر کارروائیاں کی جائیں گی۔ یونیورسٹی کے اندر یا باہر کسی بھی قسم کی مجرمانہ سرگرمی اور ساتھی طلبہ و ساتھی مقیم افراد کے ساتھ کسی بھی قسم کے جسمانی تشدد کو برداشت نہیں کیا جائے گا اور ان کے خلاف بشمول اخراج سخت تادیبی کارروائی کی جائے گی۔ مزید تفصیلات کے لیے یونیورسٹی کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

### 29.3 تربیت و پلیسمنٹ سیل

- تربیت اور پلیسمنٹ سیل کے قیام کا مقصد طلبا کو ملازمتوں کے لیے تربیت فراہم کرنا ہے۔ یہ سیل طلبا کو اپنی ترسیلی مہارتوں، لطیف مہارتوں کے فروغ میں تعاون کرتا ہے۔
- یہ سیل کیریئر کونسلنگ؛ ملازمت کے مواقع کی معلومات؛ اپنے بایوڈیٹا کی تیاری؛ انٹرویو کی مہارتوں اور روزگاریت کی مہارتوں سے متعلق مختلف پروگراموں کا اہتمام کرتا رہتا ہے۔ زندگی کے مختلف شعبوں بشمول صنعت، تعلیم سے تعلق رکھنے والے ماہرین کو طلبا سے ملاقات کے لیے مدعو کیا جاتا ہے۔ وقتاً فوقتاً روزگار کی مہمات چلائی جاتی ہیں۔ فیس بک، امیزون، گوگل، ایڈورڈ، جین پیکٹ، ہندوجا گلوبل سلوشنز، کمپیکٹ، الائنس گروپ اور اسٹرلنگ پلیس منٹس وغیرہ جیسی کمپنیاں ماضی قریب میں یونیورسٹی پر ملازمت کی مہم کا حصہ رہ چکی ہیں۔

### 29.4 نیشنل سروس اسکیم(NSS)

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے این ایس ایس سیل کا مقصد یہ ہے کہ مسلسل کیمپ کی سرگرمیوں کے ذریعے طلبا رضاکاروں کی شخصیت کو فروغ دیا جائے۔ این ایس ایس سیل کیمپس کے اندر اور باہر سماجی خدمت، اجتماعی باہمی رابطہ اور اور ینٹیشن تربیت کے ذریعے شخصیت کے ہمہ جہتی فروغ کے لیے "میں نہیں بلکہ آپ" (NOT ME BUT YOU) کے نعرے کے ساتھ رضاکاروں کو دعوت دیتا ہے۔ این ایس ایس میں طلبا رضاکاروں کی منظور شدہ تعداد کے دو یونٹ موجود ہیں۔ نئے آنے والے طلبا کو 'پہلے آئیں اور پہلے پائیں' کی بنیاد پر این ایس ایس میں شامل ہونے کا موقع فراہم کیا جاتا ہے۔ این ایس ایس کی ٹیم نے اُنّت بھارت ابھیان، سوچھ بھارت ابھیان اور وتیہ ساکشہ تا ابھیان (وساکا) کے پیغام کی تشہیر میں سرگرمی کے ساتھ کام کیا ہے۔ اس نے گاؤں کی ہمہ جہتی ترقی کے لیے انت بھارت ابھیان کے تحت مختلف دیہاتوں کو منتخب کیا ہے۔ این ایس ایس نے کیمپس کے اطراف رہنے والے نوجوانوں و عوام اور قریبی دیہاتوں میں ڈیجیٹل لین دین کے متعلق شعور کی بیداری کے لیے ایک ماہ طویل 'وساکھا' ابھیان کا اہتمام کیا۔ یو جی اور پی جی پروگراموں میں این ایس ایس کو Non CGPA کورس کی حیثیت سے بھی شامل کیا گیا ہے۔

## 29.5 نیشنل کیڈٹ کارپس (NCC)

مانو این سی سی کی ذیلی یونٹ نہ صرف نوجوانوں کو مسلح افواج میں کیریئر بنانے کی ترغیب کے لیے موزوں ماحول فراہم کرنے کی کوشش کرتا ہے بلکہ نوجوانوں کی تربیت اور حوصلہ افزائی کے ساتھ ساتھ زندگی میں کسی بھی قسم کی صورتحال کا مقابلہ کرنے کے لیے ہمت اور بہادری کے جذبے کو بھی ابھارتا ہے۔

## 30.0 سید حامد لائبریری

سید حامد لائبریری، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی 1998 میں قائم کی گئی۔ یہ یونیورسٹی کی اہم سہولیات میں سے ایک ہے جو اساتذہ، ریسرچ اسکالرز اور طلباء کی علمی ضروریات کو پورا کرتی ہے۔ لائبریری کا مشن حصول اور نظم و ترتیب کے ذریعے تدریس و اکتساب اور تحقیق کو فروغ دینا ہے۔ لائبریری کے صارفین کو کسی بھی وقت / کہیں بھی متعلقہ مواد فراہم کرنا اور انہیں اچھی طرح سے لیس؛ متحرک، شمولیتی مقامات فراہم کرنا جہاں تمام کلاسز کے طلبا کلاس روم سے باہر آزادانہ تعلیم حاصل کر سکیں اور ایک بامعنی تجربے سے مستفید ہو سکیں۔ لائبریری میں بنیادی طور پر اردو، عربی، فارسی، ہندی، مینجمنٹ اسٹڈیز، انجینئرنگ اور ٹیکنالوجی اور ان کے ذیلی مضامین سے متعلق علمی وسائل موجود ہیں۔ 3300 مربع میٹر کے رقبے پر مشتمل لائبریری کی عمارت وائی فائی کے ساتھ مربوط ہے۔ اس کے علاوہ یونیورسٹی کے تعلیمی ماحول کو پروان چڑھانے کے لیے ایک جدید ترین آڈیٹوریم، ایئر کنڈیشنڈ ریڈنگ ہال، ریسرچ کیوبیکلز، معذور افراد کے لیے خصوصی طور پر ضروری انتظامات وغیرہ بھی موجود ہیں۔ لائبریری میں 90597 سے زیادہ کتابیں (شعبوں اور سیٹلائٹ کیمپس کی لائبریریوں میں دستیاب کتابوں کے علاوہ)، ای کتابوں، نایاب کتابوں، پی ایچ ڈی کے مقالوں کا ایک بڑا ذخیرہ، اور مولانا آزاد، علامہ اقبال، مرزا غالب اور دارا شکوہ پر خصوصی ذخیرے بھی یہاں دستیاب ہیں۔ لائبریری کی جانب سے مختلف رسائل و جرائد کو سبسکرائب کرنے کے علاوہ، یہاں مختلف ای جرنلز، ای کتابوں کے ڈیٹابیس، ادارہ جاتی ذخیروں وغیرہ تک بھی رسائی حاصل ہے۔ جنوری 2025 سے لائبریری کے پاس حکومت ہند کے محکمہ اعلیٰ تعلیم کی ون نیشن ون سبسکرپشن اسکیم کے تحت دنیا بھر کے 30 بڑے قومی و بین الاقوامی ناشروں کے 13000 سے زائد آن لائین جرائد تک رسائی حاصل ہے مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کیجیے:

: https://library.manuu.edu.in/

## 31.0 داخلی معیار ضمانت سیل (IQAC)

داخلی معیار ضمانت سیل (IQAC) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے ملکی ترقی میں حصہ داری سے لے کر عمدگی کے لیے جستجو تک NAAC کے تمام بنیادی اقدار کو تسلیم کیا ہے اور انہیں مستحکم طریقے سے حاصل کرنے کے لیے کوشاں ہے۔

داخلی معیار ضمانت سیل، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی یہ چاہتا ہے کہ وہ تدریس و اکتساب کے معیار کو بلند اور مستحکم کرے، تحقیق کو فروغ دیا جائے، مشاورت کو متوجہ کرے، اور ملک میں ایک باخبر اور باشعور اردو سماج کی تشکیل میں اپنا حصہ ادا کرے۔ چونکہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کو اردو کے ذریعے اعلیٰ تعلیم کی ترویج اور تعلیم میں صنفی مساوات کے ذریعے خواتین کی بااختیاری کو یقینی بنانے کا استحقاق حاصل ہے، اسی لیے اس حق کا بھرپور استعمال اور اس سلسلے میں NAAC کی تمام سفارشات کے نفاذ کی نگرانی کرنا داخلی معیار ضمانت سیل کا مشن ہو گا۔

داخلی معیار ضمانت سیل کے سامنے یہ ہدف ہے کہ وہ اردو میں اعلیٰ تعلیم فراہم کرنے والی مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی تعلیمی کامیابیوں اور کارناموں کے ذریعے NAAC کے کوالٹی انڈیکیٹرس فریم ورک (QIF) میں پیش کردہ توقعات کو پورا کرے۔ داخلی معیار ضمانت سیل معیاری تعلیم کے نفاذ کی حکمت عملیوں کی تشکیل و نظر ثانی اور ترقی و حصول عمدگی کے قومی مقاصد کے حصول کے سفر میں سرگرم ہے۔

## 32.0 تعلیمی، تحقیقی، تربیتی و دیگر معاون مراکز

### 32.1 نظامت جسمانی تعلیم اور کھیل

نظامت جسمانی تعلیم طلبا کے لیے مختلف جسمانی سرگرمیوں اور کھیل کود کا اہتمام کرتا ہے تاکہ ان کی صحت بہتر ہو، وہ کھیل کود کی مہارتیں سیکھ سکیں، ان میں قیادت کی صلاحیتیں پروان چڑھیں، ان میں اجتماعی احساس بڑھے اور وہ زندگی کے معیار کو برقرار رکھ سکیں۔ اس کا یہ بھی مقصد ہے کہ یونیورسٹی طلبا کو کھیل کود اور جسمانی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی تعلیم دی جائے اور انہیں اس معاملے میں حساس بنایا جائے۔

## 32.2. مرکز مطالعاتِ نسواں (CWS)

مرکز برائے مطالعات نسواں (CWS) اپنے قیام ہی سے تدریس، تربیت، تحقیق، توسیع کے کاموں میں مصروف ہے۔ مرکز برائے مطالعات نسواں کا اہم مقصد تعلیم کے ذریعے صنفی مساوات کا فروغ ہے۔ ان سرگرمیوں کے ذریعے مرکز نے اردو بولنے والی خواتین کو بااختیار بنانے پر توجہ مرکوز کی ہے اور معاشرتی سطح پر پائے جانے والے صنفی عدم مساوات سے متعلق اہم مسائل پر بھی اس کی خصوصی توجہ ہے۔ مرکز یہ چاہتا ہے کہ میدانی کام اور عملی تائید وحمایت کے ذریعے عورتوں کی بااختیار بنانے کا کام کیا جائے۔ ان سرگرمیوں کا مقصد عورتوں کے لیے مقام پیدا کرنا ہے تاکہ وہ ایک دوسرے کے ساتھ جڑیں اور خواتین محققین، لابی بنانے والوں اور پالیسی سازوں کا ایک نیٹ ورک تشکیل دیا جائے۔

## 32.3 یو جی سی۔مالویہ مشن ٹیچر ٹریننگ سنٹر (UGC-MMTTC)

یو جی سی۔مالویہ مشن ٹیچر ٹریننگ سنٹر (MMTTC) اعلیٰ تعلیم میں عملے کی علمی و عملی ترقی کے لیے ایک قومی سطح کا مرکز ہے۔ مرکز برائے فروغ انسانی وسائل، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ملک کا 66 واں مرکز ہے۔ یہاں کالجوں اور یونیورسٹیوں کے اساتذہ کے لیے اورینٹیشن وریفریشر کورسز، اعلیٰ سطحی منتظمین، پرنسپلس اور گروپ اے سے سی تک کے غیر تدریسی عملے کے لیے پیشہ ورانہ ترقی کے پروگرام منعقد کیے جاتے ہیں۔ اس مرکز میں تربیت کے لیے اعلیٰ عصری سہولتیں، انٹرنیٹ سے لیس کمپیوٹر لیب اور گیسٹ ہاوس کی سہولت فراہم ہے۔ سال 2012 میں NAAC نے جائزے وجانچ کی بنیاد پر اسے جنوبی ہند میں دوسرا اور ملک بھر میں 9 واں رینک دیا ہے۔

## 32.4 مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذہ اردو ذریعہ تعلیم (CPDUMT)

مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذہ اردو ذریعہ تعلیم (CPDUMT) کا قیام اردو زبان کے اساتذہ اور اردو ذریعہ تعلیم کے اسکولوں اور مدارس میں تدریسی خدمات انجام دینے والے اساتذہ کے لیے عمل میں آیا۔ ان اساتذہ میں تدریسی قابلیتوں کو فروغ دینا اور انہیں تدریس واکتساب کے میدان کے بدلتے ہوئے منظر نامے سے ہم آہنگ کرانا اس مرکز کا اہم مقصد ہے تاکہ وہ اپنی تدریس کے معیار کو بہتر بنا سکیں اور اردو ذریعہ تعلیم کے اسکولوں کے طلبہ کو مسابقتی دور کے چیلنجز کا سامنا کرنے کے قابل بنا سکیں۔ اس کے علاوہ مرکز کی جانب سے ان اساتذہ کو تعلیمی اداروں کے انتظامی امور، مرکزی وریاستی حکومتوں کی تعلیمی پالیسیوں، نصاب کی تیاری، تعلیمی ٹکنالوجی کے استعمال، امتحانات وتعین قدر کی حکمت عملیوں اور اس پیشہ کے اخلاقی پہلوؤں سے بھی واقف کروایا جاتا ہے۔ یہ مرکز پرائمری، سکنڈری اور سینئر سکنڈری اساتذہ کو باہمی تجربات ومعلومات اور افکار وخیالات کے تبادلے کے ذریعے اکتساب کا ایک پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔

## 32.5 مرکز برائے تدریسی ذرائع ابلاغ (IMC)

ریگولر اور فاصلاتی نظام تعلیم کے ذرائع ابلاغ کا حصہ بننے والے میڈیا مواد کی تیاری کے لیے، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی (مانو) نے اپنے کیمپس میں ایک مکمل فعال "انسٹرکشنل میڈیا سینٹر" (آئی ایم سی) قائم کیا ہے۔ یہ مرکز یونیورسٹی کی اعلیٰ تعلیم کی ضروریات کو ٹیلی ویژن اور ریڈیو کے مؤثر ذرائع کی مدد سے، نیز اطلاعی وابلاغ کی ٹیکنالوجی کے موزوں استعمال کے ساتھ پورا کرتا ہے۔ آئی ایم سی بنیادی طور پر یونیورسٹی کے تعلیمی مواد کی تیاری اور ترسیل کا ذریعہ ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ مرکز تدریسی وتحقیقی ماہرین اور دیگر اہلِ علم کو ریگولر اور فاصلاتی نظام تعلیم کے لیے موزوں تعلیمی پروگراموں کی تیاری میں فعال شرکت کا موقع بھی فراہم کرتا ہے۔

مرکز برائے تدریسی ذرائع ابلاغ کا بنیادی ڈھانچہ ایک ویڈیو اسٹوڈیو، آڈیو اسٹوڈیو، متعلقہ کنٹرول رومز، آڈیو ایڈٹ سوٹس، نان لینیر ایڈیٹنگ، کمپیوٹر گرافکس، اور اینی میشن کے ساتھ پوسٹ پروڈکشن کی مکمل سہولت بھی موجود ہے۔ اس کے علاوہ ورکشاپ، پروپس، میک اپ کٹ، کانفرنس ہال، ٹکنیکل اسٹور، پری ویو تھیٹر اور ٹیپس کی ایک لائبریری اس بنیادی ڈھانچہ کا حصہ ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ مرکز میں ایک ای کلاس روم بھی موجود ہے۔ آؤٹ ڈور شوٹنگ کے لیے چار ایچ ڈی ٹی وی سے لیس کیمرے، لائٹس، اسٹل کیمرے، صدابندی کے آلات وغیرہ بھی فراہم ہیں۔

اعلیٰ تعلیم کی وسیع رسائی فراہم کرنے اور اردو زبان و ثقافت کو فروغ دینے کے لیے، انسٹرکشنل میڈیا سینٹر نے "IMC MANUU" یوٹیوب چینل (www.youtube.com/imcmanuu) تشکیل دیا ہے۔ اس چینل پر سائنس، سوشل سائنس، لائف سائنس، ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ، آرٹس، لینگویجز وغیرہ جیسے مختلف شعبوں کے نصاب پر مبنی آڈیو-ویژول پروگراموں کا ذخیرہ موجود ہے، جو دنیا بھر میں عوام کو مفت فراہم کیے جاتے ہیں۔ طلباء اور اساتذہ ان آڈیو-ویژول پروگراموں تک اپنی سہولت کے مطابق گھر، سفر کے دوران یا لائیو کلاسز میں رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ ہر پروگرام میں اساتذہ اور دیگر متعلقہ گروپوں کے ساتھ بحث ومباحثے کی گنجائش موجود ہے، چاہے وہ قومی حدود سے باہر ہی کیوں نہ ہو۔ مزید یہ کہ، imc manuu یوٹیوب چینل کے علاوہ، مرکز نے ایک ای-مواد پلیٹ فارم بھی تشکیل دیا ہے جس تک https://www.imcmanuu.com/e-content کے ذریعے رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔

## 32.6 ڈائرکٹوریٹ آف ٹرانسلیشن اینڈ پبلی کیشنز (DTP)

اردو میڈیم طلبا کے لیے اردو کے مطالعاتی مواد کی دستیابی کی اہمیت کو سامنے رکھتے ہوئے یونیورسٹی نے سال 2016 میں ڈائرکٹوریٹ آف ٹرانسلیشن اینڈ پبلی کیشنز کے قیام کا ایک اہم فیصلہ کیا۔ یہ مرکز گریجویشن اور پوسٹ گریجویشن سطح پر اردو میڈیم طلبا کے لیے مختلف مضامین کی حوالہ جاتی کتب، مطالعاتی مواد اور نصابی کتب کے ترجمہ میں تعاون کرے گا۔ یہ ادارہ ترجمہ شدہ مواد اور کتابوں کی اشاعت کا بھی کام انجام دے گا۔

## 32.7 مرکز برائے انفارمیشن ٹکنالوجی (CIT)

یونیورسٹی کا انفارمیشن ٹکنالوجی مرکز (CIT) طلبا و اساتذہ کو کمپیوٹر کی بنیادی سہولتوں کی فراہمی کے مقصد کے تحت یونیورسٹی کی انفارمیشن و کمیونی کیشن ٹکنالوجی ضروریات کو پورا کرتا ہے۔ اس وقت یہ مرکز انٹرنیٹ رسائی، عملے کے ای میل، آئی ٹی سیکیورٹی، وائی فائی، یونیورسٹی پورٹل کی تیاری اور دیکھ بھال، نیٹ ورک کے ذریعے مسئلہ کی تشخیص اور خرابی کی نشاندہی کے بشمول لازمی انفارمیشن و کمیونی کیشن ٹکنالوجی کی خدمات فراہم کر رہا ہے۔ انٹرنیٹ اور آن لائن اکتسابی مواد تک رسائی کی سہولت کی فراہمی کے لیے مرکز نیشنل نالج نیٹ ورک سے 1-Gbps کا ایک لنک استعمال کرتا ہے۔

## 32.8 مرکز برائے فاصلاتی و آن لائین تعلیم (CDOE)

سوسائٹی کے سماجی، معاشی اور ثقافتی طور پر پچھڑے طبقات کو مین اسٹریم میں لانے کے لیے، یونیورسٹی نے اپنے آغاز کے سال ہی سے نظامت فاصلاتی تعلیم کے ذریعے، جسے سی ڈی او ای کے نام سے جانا جاتا ہے، اپنے فاصلاتی پروگرام کی شروعات کی ہے۔ نظامت فاصلاتی تعلیم کے مقاصد حسب ذیل ہیں:

- اردو بولنے والی آبادی کو ان کی دہلیز پر معیاری تعلیم فراہم کرنا۔
- غیر روایتی اردو طلبا کو رسمی تعلیمی نظام سے مربوط کرنا۔
- معیاری تعلیم کی فراہمی کے ذریعے اردو طلبا بالخصوص خواتین کو بااختیار بنانا۔
- کیریر میں بہتری کے لیے اعلیٰ تعلیم کے حصول میں طلبا کی مدد کرنا۔
- مانو کے کیمپس ذریعہ تعلیم کے پوسٹ گریجویٹ اور تحقیقی پروگرامس کے لیے فیڈر گروپ تیار کرنا۔
- بازار کی ضروریات، خلا اور رجحانات بشمول سماجی مانگ کو دیکھتے ہوئے مجموعی اندراج تناسب (GER) کو بڑھانا۔

نظامت فاصلاتی تعلیم، مانو 9 علاقائی مراکز (بنگلورو، بھوپال، دربھنگہ، دہلی، کولکتہ، ممبئی، پٹنہ، رانچی، سری نگر) اور 6 ذیلی علاقائی مراکز (حیدرآباد، لکھنؤ، جموں، نوح، امراوتی اور وارناسی) کے ذریعہ کام کرتا ہے۔ ہر علاقائی / ذیلی علاقائی مرکز فاصلاتی ذریعہ تعلیم کے طلبا کو "طلبا امدادی مرکز" کے ذریعہ تعلیمی اور انتظامی مدد فراہم کرتا ہے۔ نظامت فاصلاتی تعلیم کے علاقائی اور ذیلی علاقائی مراکز اوپن فاصلاتی تعلیم کے طلبا کو امداد کی فراہمی، مطالعاتی مراکز کے نظم اور داخلہ عمل کے ذریعہ سہولت فراہم کرتے ہیں۔ اس وقت نظامت فاصلاتی تعلیم میں علاقائی مراکز / ذیلی علاقائی مراکز کے تحت 163 طلبا امدادی مرکز موجود ہیں۔ اپنے آپ کو جدید ترین بنانے اور اوپن فاصلاتی طلبا کے فائدہ کے لیے معیار میں اضافہ کرنے کی خاطر مرکز برائے فاصلاتی و آن لائین تعلیم نے یو جی اور نئے ایم اے پروگراموں کے لیے NEP فریم ورک کو متعارف کرایا ہے۔ مرکز برائے فاصلاتی و آن لائین تعلیم نے اپنی تعلیمی اور انتظامی سرگرمیوں میں آئی سی ٹی کو اختیار کرنا شروع کر دیا ہے۔ اب ڈی ڈی ای کے تمام پروگراموں کے لیے داخلے صرف آن لائن طریقے سے ہی کیے جا رہے ہیں۔ یونیورسٹی کی جانب سے دیے جانے والے پوسٹ گریجویشن، ڈپلوما اور سرٹیفکیٹ کورسز، مسلمہ یونیورسٹیوں کے سرٹیفکیٹس کے ہم پلہ ہیں۔

## 32.9 نظامتِ داخلہ (DoA)

یونیورسٹی کی مجلس انتظامی کے 63 ویں اجلاس میں لیے گئے ایک فیصلے کی بنیاد پر سال 2017 میں یونیورسٹی پر نظامت داخلہ کا قیام عمل میں لایا گیا، تاکہ اس کے ذریعے یونیورسٹی کی جانب سے فراہم کیے جانے والے مختلف کورسز میں منظم، شفاف، معروضی اور طلبا کے لیے سہولت بخش انداز سے مرکزی سطح پر داخلوں کا کام انجام دیا جا سکے۔ نظامت داخلہ کا دفتر ڈائریکٹر کی سربراہی میں کام کرتا ہے، جس کی معاونت ڈپٹی ڈائریکٹر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر اور دیگر معاون عملہ کرتا ہے۔

**نظامت داخلے کے امور:**

- **اعلامیہ کی اجرائی:** نظامت داخلہ مختلف پی ایچ ڈی، پوسٹ گریجویٹ، انڈر گریجویٹ اور ڈپلوما کورسز، سرٹیفکیٹ اور جز وقتی کورسز (ریگولر و فاصلاتی دونوں) کے داخلہ امتحان اور داخلوں کے لیے اعلامیہ جاری کرتا ہے۔
- **امیدواروں تک رسائی کے لیے اس کی تشہیر**

- **داخلہ امتحانات:**

1. مختلف انڈر گریجویٹ کورسز کے لیے CUET سے باہمی تعاون کے ساتھ، نتائج کے اعلان کے بعد مرکز انفارمیشن ٹکنالوجی (CIT) مانو کی مدد سے میرٹ لسٹ تیار کی جاتی ہے۔
2. کنٹرولر امتحان مانو کے ساتھ باہمی تعاون کے ذریعے مختلف پی ایچ ڈی، پی جی، بی ایڈ اور ڈپلوما کے امتحانات کا انعقاد اور جانچ کے بعد سینٹر فار انفارمیشن ٹیکنالوجی (سی آئی ٹی) کی مدد سے رینک کے لحاظ سے میرٹ لسٹ کے ساتھ نتائج کا اعلان کرنا۔

- **داخلے:** مرکزی سطح پر اسنادات کی آن لائین جانچ و تصدیق کے ذریعے صدر مرکز، سٹلائٹ کیمپسوں اور ملحقہ کالجوں کے مختلف شعبہ جات کی جانب سے فراہم کردہ پروگراموں میں داخلے دیے جاتے ہیں۔
- **یونیورسٹی کے تمام طلبا و عملے کے ارکان کے لیے شناختی کارڈوں کی اجرائی**

## 33.0 یونیورسٹی کے دیگر ملحقہ ادارے

### 33.1 صنعتی تربیتی ادارے (ITI)

یونیورسٹی نے تین صنعتی تربیتی ادارے قائم کیے ہیں جہاں فروغ مہارت کے پروگرام فراہم ہیں۔ ڈرافٹسمین سیول، الیکٹرانک میکانک، الیکٹریشن، ریفریجریشن اینڈ ایر کنڈیشن میکانک اور پلمبنگ کے ٹریڈس حیدرآباد میں؛ الیکٹرانک میکانک، ریفریجریشن اینڈ ایر کنڈیشن میکانک ٹریڈس بنگلورو میں اور الیکٹریشن اور پلمبنگ کے ٹریڈس دربھنگہ میں فراہم ہیں۔ 2018 میں کڑپہ اور کٹک میں دو نئے صنعتی تربیتی ادارے قائم کیے گیے ہیں جہاں میکانک (آٹو موبائل)، الیکٹریشن، فٹر / ٹرنر، ڈیسک ٹاپ پبلشنگ جیسے ٹریڈس فراہم ہیں۔ ان پروگراموں میں داخلے میرٹ کی بنیاد پر ہوتے ہیں اور قومی کونسل برائے پیشہ ورانہ تربیت (NCVT) کے نظام الاوقات کے مطابق علاحدہ سے ان کا اعلامیہ جاری کیا جاتا ہے۔ مزید تفصیلات کے لیے براہ کرم یونیورسٹی کی ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔

### 33.2 ماڈل اسکول

یونیورسٹی نے حیدرآباد (تلنگانہ)، دربھنگہ (بہار) اور نوح (میوات) میں تین ماڈل اسکول قائم کیے ہیں تاکہ ان میں اردو ذریعہ تعلیم سے معیاری تعلیم فراہم کی جائے۔ ان اسکولوں میں سی بی ایس سی کا نصاب پڑھایا جاتا ہے۔ یہاں تعلیم مفت میں فراہم کی جاتی ہے۔ ان اسکولوں میں داخلے کے لیے اعلامیہ علاحدہ سے جاری کیا جاتا ہے۔ مزید تفصیلات کے لیے اسکولوں کے پرنسپل سے رابطہ کریں۔

## 34.0 مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی جانب سے 2025-26 میں مختلف پروگراموں میں داخلے کے لیے تسلیم شدہ مدراس / اداروں / کورسز کی فہرست

### 34.1 یونیورسٹی کی جانب سے 2025-26 میں مختلف پروگراموں میں داخلے کے لیے تسلیم شدہ مدراس کے اسناد کی فہرست

| نمبر شمار | مدرسہ کا نام | مدرسہ کورسز | مانو پروگرامز میں داخلے کے لیے منظور شدہ |
|---|---|---|---|
| | | | **آندھرا پردیش** |
| .1 | جامعۃ الصالحات۔ کڑپہ | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .2 | جامعۃ النسواں السلفیہ، 29-7، تھوناوڑا، چندراگری، تراتی، چتور | فضیلت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .3 | جامعہ محمدیہ عربیہ، کنیکل روڈ، رائے درگ، انت پور | فاضل | ایم اے (عربی، اردو، فارسی، وومین اسٹڈیز، پبلک ایڈمنسٹریشن، اسلامک اسٹڈیز، علم سیاسیات، تاریخ، سوشیولوجی، معاشیات اور ٹرانسلیشن اسٹڈیز |
| | | | **آسام** |
| .4 | اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، آسام۔ کابلی پاڑا، گوہاٹی | فاضل المعارف | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| | | ممتاز المحدثین | ایم اے (عربی، اردو، فارسی، وومین اسٹڈیز، پبلک ایڈمنسٹریشن، اسلامک اسٹڈیز، علم سیاسیات، تاریخ، سوشیولوجی، معاشیات اور ٹرانسلیشن اسٹڈیز |

| نمبر شمار | مدرسہ کا نام | مدرسہ کورسز | مانو پروگرامز میں داخلے کے لیے منظور شدہ |
|---|---|---|---|
| .5 | مدرسۃ البنات وبنات اسلامک اکیڈمی مہماری پاتھر، ضلع: موری گاؤں | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .6 | جامعہ اسلامیہ جلالیہ، گوپال نگر، ہوجائی، ناگاؤں | فضیلت | ایم اے (عربی، اردو، فارسی، وومین اسٹڈیز، پبلک ایڈمنسٹریشن، اسلامک اسٹڈیز، علم سیاسیات، تاریخ، سوشیولوجی، معاشیات اور ٹرانسلیشن اسٹڈیز |
| .7 | مدرسہ دارالعلوم جوریہ، کدامونی ٹاون، پوسٹ جوریہ، ضلع ناگاؤں، آسام، 782124۔ فون: 7002326795 | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| | **بہار** | | |
| .8 | بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ | مولوی | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| | | عالمیت | ایم اے (عربی، اردو، فارسی، وومین اسٹڈیز، پبلک ایڈمنسٹریشن، اسلامک اسٹڈیز، علم سیاسیات، تاریخ، سوشیولوجی، معاشیات اور ٹرانسلیشن اسٹڈیز |
| .9 | مدرسہ شمس الہدیٰ۔ پٹنہ | فاضل | ایم اے (عربی، اردو، فارسی، وومین اسٹڈیز، پبلک ایڈمنسٹریشن، اسلامک اسٹڈیز، علم سیاسیات، تاریخ، سوشیولوجی، معاشیات اور ٹرانسلیشن اسٹڈیز |
| .10 | مدرسہ جامعۃ القاسم دار العلوم الاسلامیہ۔ پرتاب گنج، سوپول | عالم | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .11 | جامعہ ابن تیمیہ، چمپارن | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .12 | توحید ایجوکیشنل ٹرسٹ۔ کشن گنج | عالم | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .13 | دار العلوم احمدیہ سلفیہ۔ دربھنگہ | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .14 | المدرسۃ الاسلامیہ۔ راگھو نگر، بھوارہ، مدھوبنی | فضیلت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .15 | جامعۃ البنات۔ گیا | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .16 | مدرسہ امارت شرعیہ۔ پھلواری شریف، پٹنہ | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .17 | دارالعلوم خیریہ نظامیہ۔ محلہ بارہ دری، سہسرام، رہتاس | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .18 | جامعہ رحمانیہ خانقاہ مخصوص پور۔ مونگیر | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .19 | مدرسہ اسلامیہ محی العلوم۔ شکل ٹولی، سیوان | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .20 | مدرسہ قاسمیہ اسلامیہ، کچہری روڈ، گیا | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .21 | جامعہ مظاہر العلوم، پٹنہ | فضیلت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .22 | المعہد العالی للتدریب فی القضاء والافتاء۔ پٹنہ | تخصص | ایم اے (عربی، اردو، فارسی، وومین اسٹڈیز، پبلک ایڈمنسٹریشن، اسلامک اسٹڈیز، علم سیاسیات، تاریخ، سوشیولوجی، معاشیات اور ٹرانسلیشن اسٹڈیز |
| .23 | وفاق المدارس الاسلامیہ، امارت کمپلیکس، پھلواری شریف، پٹنہ | فضیلت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .24 | دار العلوم الاسلامیہ، (امارت شرعیہ) رضا نگر، گونپورہ، پھلواری شریف، پٹنہ | فضیلت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .25 | جامعہ ربانی، منوروا، شریف، پوسٹ شووا، ویوا، بیتھن ضلع سمستی پور، بہار، 848207 | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .26 | دارالعلوم چشتیہ ایجوکیشنل سوسائٹی، کھاگرا، خانقاہ، کشن گنج بہار 855107 | ثانویہ | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .27 | مدرسہ اسلامیہ کنز مرغوب، کالی بازار، پٹن 384265۔ پی ایچ: 9974313897 | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| | | فضیلت | ایم اے (عربی، اردو، فارسی، تعلیم نسواں، پبلک ایڈمنسٹریشن، اسلامک اسٹڈیز، سیاسیات، تاریخ، سماجیات، معاشیات اور مطالعات ترجمہ) |
| .28 | مدرسہ اسلامیہ کنز مرغوب، کالی بازار، پٹن 384265۔ پی ایچ: 9974313897 | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| | | فضیلت | ایم اے (عربی، اردو، فارسی، تعلیم نسواں، پبلک ایڈمنسٹریشن، اسلامک اسٹڈیز، سیاسیات، تاریخ، سماجیات، معاشیات اور مطالعات ترجمہ) |

| نمبر شمار | مدرسہ کا نام | مدرسہ کورسز | مانو پروگرامز میں داخلے کے لیے منظور شدہ |
|---|---|---|---|
| | **چھتیس گڑھ** | | |
| .29 | چھتیس گڑھ مدرسہ بورڈ، اولڈ پی ایچ کیو کیمپس ،نزد راج بھون رائے پور چھتیس گڑھ | اعلی ثانوی | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| | **دہلی** | | |
| .30 | مدرسہ عالیہ فتحپوری، دہلی | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .31 | جامعہ اسلامیہ المعہد۔ اوکھلا، نئی دہلی | فضیلت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .32 | مدرسہ جامعہ اسلامیہ سنابل۔ ابوالفضل انکلیو۔ ۲، نئی دہلی | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| | | فضیلت | ایم اے (عربی، اردو، فارسی، وومین اسٹڈیز، پبلک ایڈمنسٹریشن، اسلامک اسٹڈیز، علم سیاسیات، تاریخ، سوشیولوجی، معاشیات اور ٹرانسلیشن اسٹڈیز |
| .33 | مدرسہ جامعۃ البنات الاسلامیہ۔ گلی نمبر ۷۔ شاہین باغ، اوکھلا۔ دہلی | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .34 | مدرسہ ریاض العلوم۔ اردو بازار، جامع مسجد، دہلی | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .35 | مدرسۃ العلوم حسین بخش۔ مٹیا محل، جامع مسجد۔ دہلیں | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .36 | مدرسہ امینیہ، کشمیری گیٹ۔ نئی دہلی | فضیلت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .37 | جامعہ سید نذیر حسین محدث، پھاٹک حبش خاں۔ دہلی | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .38 | جامعہ عربیہ شمس العلوم، شاہدرہ، دہلی | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .39 | جامعہ حضرت نظام الدین اولیا گلی نمبر 22، ذاکر نگر، اوکھلا، نئی دہلی | تخصص | ایم اے (عربی، اردو، فارسی، وومین اسٹڈیز، پبلک ایڈمنسٹریشن، اسلامک اسٹڈیز، علم سیاسیات، تاریخ، سوشیولوجی، معاشیات اور ٹرانسلیشن اسٹڈیز |
| | **گجرات** | | |
| .40 | دار العلوم فلاح دارین۔ ترکیسر، سورت | عالم | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| | | فضیلت | ایم اے (عربی، اردو، فارسی) |
| .41 | جامعہ اسلامیہ تعلیم الدین، ڈابھیل۔ ضلع ولساڑ | فضیلت | ایم اے (عربی، اردو، فارسی، وومین اسٹڈیز، پبلک ایڈمنسٹریشن، اسلامک اسٹڈیز، علم سیاسیات، تاریخ، سوشیولوجی، معاشیات اور ٹرانسلیشن اسٹڈیز |
| .42 | مدرسہ جامعہ علوم القرآن، جمبوسر، بھڑوچ | عالم | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .43 | مدرسہ جامعہ مظہر سعادت، ہانسوٹ، بھڑوچ | عالم | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .44 | مدرسہ دار العلوم مرکز اسلامی، انکلیشور، بھڑوچ | عالم | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .45 | مدرسہ جامعۃ العلوم، گڑھا، ہمت نگر، سابر کانٹھا | عالم | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .46 | دار العلوم انوار مصطفی رضا، جام نگر | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .47 | دار العلوم اسلامیہ عربیہ ماٹلی والا، عید گارہ روڈ، سول لائن، بھڑوچ | فضیلت | ایم اے (عربی، اردو، فارسی، وومین اسٹڈیز، پبلک ایڈمنسٹریشن، اسلامک اسٹڈیز، علم سیاسیات، تاریخ، سوشیولوجی، معاشیات اور ٹرانسلیشن اسٹڈیز |
| .48 | دار العلوم مدرسہ عربیہ تعلیم المسلمین، کانکا روڈ، لوناوڑا، ماہی ساگر | عالمیت | ایم اے (اسلامک اسٹڈیز عربی، اردو، فارسی) |
| .49 | جامعہ فیضان اشرف، رئیس العلوم، (میراں سید علی درگاہ، قبرستان اور مسجد کمیٹی۔ ٹرسٹ) اشرف نگر، کھمبت، ضلع آنند گجرات۔ 388620 | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .50 | جامعہ کنز العلوم، خان جہاں مسجد، جمال پور احمد آباد گجرات۔ 380001 | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| | | فضیلت | ایم اے (عربی، اردو، فارسی، وومین اسٹڈیز، پبلک ایڈمنسٹریشن، اسلامک اسٹڈیز، علم سیاسیات، تاریخ، سوشیولوجی، معاشیات اور ٹرانسلیشن اسٹڈیز |
| .51 | دار العلوم انوار رضا، رضا پارک نوین نگر، نوساری۔ 396445 | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| | | فضیلت | ایم اے (عربی، اردو، فارسی، وومین اسٹڈیز، پبلک ایڈمنسٹریشن، اسلامک اسٹڈیز، علم سیاسیات، تاریخ، سوشیولوجی، معاشیات اور ٹرانسلیشن اسٹڈیز |

| نمبر شمار | مدرسہ کا نام | مدرسہ کورسز | مانو پروگرامز میں داخلے کے لیے منظور شدہ |
|---|---|---|---|
| .52 | جامعہ ابن عباس، سرخیز، احمد آباد، گجرات، 382210 | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| | | فضیلت | ایم اے (عربی، اردو، فارسی، وومین اسٹڈیز، پبلک ایڈمنسٹریشن، اسلامک اسٹڈیز، علم سیاسیات، تاریخ، سوشیولوجی، معاشیات اور ٹرانسلیشن اسٹڈیز |
| .53 | دارالعلوم شیخ احمد، گھٹو، مکرا باگام روڈ بڑی درگاہ کے پاس، پوسٹ جیوراج پارک، سرخیز، احمد آباد گجرات 380051 | فضیلت | ایم اے (عربی، اردو، فارسی، وومین اسٹڈیز، پبلک ایڈمنسٹریشن، اسلامک اسٹڈیز، علم سیاسیات، تاریخ، سوشیولوجی، معاشیات اور ٹرانسلیشن اسٹڈیز |
| .54 | دارالعلوم جامعہ زکریا، پوسٹ جوگواڑ، وایا رانکووا، ضلع نواسری، گجرات، 396560۔ فون: 8238286162 | فضیلت | ایم اے (عربی، اردو، فارسی، وومین اسٹڈیز، پبلک ایڈمنسٹریشن، اسلامک اسٹڈیز، علم سیاسیات، تاریخ، سوشیولوجی، معاشیات اور ٹرانسلیشن اسٹڈیز |
| .55 | جامعہ علوم القرآن، بائی پاس روڈ، اے ٹی: جمبوسر، بھروچ 392150، گجرات، پی ایچ: 9427132113 | فضیلت | ایم اے (عربی، اردو، فارسی، وومین اسٹڈیز، پبلک ایڈمنسٹریشن، اسلامک اسٹڈیز، علم سیاسیات، تاریخ، سوشیولوجی، معاشیات اور ٹرانسلیشن اسٹڈیز |
| .56 | جامعۃ الصالحات بوستان امینہ، منوبر، بھروچ، گجرات-392161۔: فون نمبر، 6355695266 | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| | | فضیلت | ایم اے (عربی، اردو، فارسی، وومین اسٹڈیز، پبلک ایڈمنسٹریشن، اسلامک اسٹڈیز، علم سیاسیات، تاریخ، سوشیولوجی، معاشیات اور ٹرانسلیشن اسٹڈیز |
| .57 | دارالعلوم مرکز اسلامی، سورتی بھاگول انکلیشور، بھروچ گجرات-393001۔ پی ایچ: 9016798718 | فضیلت | ایم اے (عربی، اردو، فارسی، وومین اسٹڈیز، پبلک ایڈمنسٹریشن، اسلامک اسٹڈیز، علم سیاسیات، تاریخ، سوشیولوجی، معاشیات اور ٹرانسلیشن اسٹڈیز |
| .58 | جامعہ امین القرآن، اے ٹی اینڈ پی او پانپور (ساوگدھ)، ٹی اے۔ ہمت نگر، ضلع ایس کے گجرات پی ایچ: 9825966448 | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
| .59 | دارالعلوم شیخ احمد خنک، مکربہ گام روڈ۔ بڑی درگاہ، پوسٹ جیوراج پارک سر کھیج، احمد آباد -380051 گجرات۔ موبائل: 9426894786 | عالمیت | بی اے (آنرس / ریسرچ) بی اے۔ جے ایم سی (آنرس / ریسرچ) |
